www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

Mobile: 0336-6113760

صفحات 8 | قیمت 20 روپے

جلد 37 | منگل 22 ستمبر 2026، بمطابق 9 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 283

پی ٹی آئی اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی تیاری کر رہی ہے، یہ اپنا نقصان کرینگے: محسن نقوی

ابھی وقت ہے بند گلی میں نہ جائیں جہاں سے واپسی کا راستہ نہ ہو، اس طرح کے ڈراموں سے کوئی چیز حاصل نہیں ہو سکتی، میڈیا سے گفتگو

پی ٹی آئی کو مشورہ ہے اپنا اور اپنے لوگوں کا نقصان نہ کریں، سومنات والی بڑھکوں سے فرق نہیں پڑتا، لانگ مارچ کیلئے آتے ہیں تو اس دفعہ کوئی کمی نہیں چھوڑیں گے، وزیر داخلہ

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی تیاری کر رہی ہے، ابھی بھی ان کے پاس وقت ہے، بند گلی میں نہ جائیں، وفاقی دارالحکومت پر دھاوا بولنے کی کوشش کرنے والوں کو سخت نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اسلام آباد پر دھاوا بولنے کا کسی کو فائدہ نہیں ہوگا، اس بار یہ نہیں ہوگا کہ وہ آئیں اور ملک 10 سے 20 روز کیلئے بند ہو جائے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی لیڈر شپ کے زیادہ تر لوگ لانگ مارچ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

وفاقی پنشنرز کیلئے بائیو میٹرک تصدیق کا نیا نظام نافذ، نوٹیفکیشن جاری

پنشن کی ادائیگی براہ راست بینک اکاؤنٹس میں جاری رہے گی، وزارت خزانہ

کمرشل بینک صرف پنشن کی ادائیگی کے ایجنٹ کے طور پر کام کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی پنشنرز کیلئے بائیو میٹرک تصدیق (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

صدر زرداری کا شیخ احمد بن راشد المکتوم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے متحدہ عرب (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

ایران کیلئے مذاکرات کی میز پر واپس آنے کا دروازہ اب بھی کھلا ہے، امریکا

تہران کو سنجیدگی اور نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات میں واپس آنا ہوگا، مائیک والٹز

ایران کو جوہری چھتری حاصل کر کے آبنائے ہرمز سمیت دنیا کو دباؤ میں رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں امریکی نمائندے مائیک والٹز (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کے اجلاس میں شرکت کیلئے نیویارک پہنچ رہے ہیں

کوہاٹ، ہنگو اور ٹل کے علاقوں میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی گئیں جس میں دہشتگرد تنظیموں کے ٹھکانوں اور محفوظ پناہ گاہوں کو نشانہ بنایا گیا ہے

خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں
37 دہشتگرد ہلاک

پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن و استحکام برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے، شہریوں کی سلامتی اور تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، یہ انتہائی تشویش کا باعث ہے کہ افغانستان بدستور دہشتگردی کا مرکز بنا ہوا ہے

پاکستان کو لاحق دہشتگردی کا خطرہ افغانستان سے پیدا ہو رہا ہے، اسی تناظر میں دہشتگردوں کے مراکز کو درستگی کے ساتھ نشانہ بنایا گیا

پشاور (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع اور پاک افغان سرحدی علاقے میں بھارتی پراکسی یافتہ فتن الخوارج کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 37 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ وزارت اطلاعات کے مطابق خیبر پختونخوا میں حالیہ دہشتگرد حملوں کے بعد منظم اور جامع انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی گئیں، سیکیورٹی فورسز نے کوہاٹ، ہنگو اور ٹل کے علاقوں میں کارروائیاں کیں۔ صوبائی وزارت اطلاعات کے مطابق حملوں کی ذمہ دار دہشتگرد تنظیموں کے ٹھکانوں اور (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

پاکستان ایٹمی قوت ہے کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا: حنیف عباسی

افغانستان دہشت گردوں کا بیس کیمپ ہے جہاں اسرائیل تکنیکی معاونت اور ہندوستان پیسہ دے رہا ہے

دہشت گردوں کے سہولت کار کہیں بھی چھپ نہیں سکتے، وزیر ریلوے کا خطاب

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ بہت جلد وزیر اعلیٰ پنجاب کی دی ہوئی مزید 50 بسیں راولپنڈی شہر کے اندر چلتی نظر آئیں گی، پاکستان ایٹمی قوت ہے، ہندوستان سمیت کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، افغانستان دہشتگردوں کا بیس کیمپ ہے جہاں اسرائیل تکنیکی معاونت اور ہندوستان پیسہ دے رہا ہے، دہشتگردوں کے سہولت کار کہیں بھی چھپ نہیں سکتے، اربوں روپے ہڑپ کرنے والا شخص تھوڑی سی مشکل پر رونا د (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

تعلیم کے بغیر قومیں ترقی نہیں کر سکتیں: گورنر بلوچستان

انجمن اسلامیہ کے زیر نگرانی موقر تعلیمی ادارہ ہونے کیساتھ شاندار طویل تاریخ رکھتا ہے

میں بہت جلد اسلامیہ یونیورسٹی کا سنگِ بنیاد رکھنے کیلئے یہاں دوبارہ آؤں گا

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میری سب سے گہری ترجیح اور دلچسپی تعلیم ہے۔ میں بہت جلد اسلامیہ یونیورسٹی کا سنگِ بنیاد رکھنے کیلئے یہاں دوبارہ آؤں گا۔ اسی عزم سے پیوستہ ہو کر اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کیلئے ایک کروڑ روپے بطور سیڈ منی دینے کا اعلان کر (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد کو کنٹینروں سے بھر دیا گیا، کسی کو احتجاج کا حق نہیں دیا جا رہا: مولانا فضل الرحمان

پیپلز پارٹی حکومت سے الگ ہوتی ہے تو پھر یہ اقلیت کی حکومت ہوگی، ابھی اپوزیشن اس صورتحال میں نہیں کہ تحریک عدم اعتماد لائے

سعودی عرب سے معاہدے کو آگے بڑھنا چاہیے اور معاہدے میں مصر اور ایران کو شامل ہونا چاہیے تھا، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ جے یو آئی کے بغیر حکومت بنتی نہیں اور بنے تو چلتی نہیں، پیپلز پارٹی حکومت سے الگ ہوتی ہے تو پھر یہ اقلیت کی حکومت ہوگی، ابھی اپوزیشن اس صورتحال میں نہیں کہ تحریک عدم اعتماد لائے، صوبوں کی جنگ آئین کے مطابق لڑیں گے، ملک میں مہنگائی بڑھ گئی، عوام کے دکھ کا مداوا نہیں ہو رہا، کچھ جماعتوں نے احتجاج کا اعلان کیا تو اسلام آباد (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی والوں کو اسلام آباد آنے نہیں دینگے: وزیر اطلاعات

تحریک انصاف کبھی پرامن احتجاج نہیں کرتی، پرامن لوگ گھروں سے کیل لگے ڈنڈے لے کر نہیں نکلتے، انہیں اسلام آباد آنے نہیں دیں گے

کوہاٹ واقعہ کے وقت وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کہاں تھے؟ وزیر اعلیٰ سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے لاہور کی سڑکوں پر موجود تھے

کوہاٹ (بولان بیورو): وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کبھی پرامن احتجاج نہیں کرتی، پرامن لوگ گھروں سے کیل لگے ڈنڈے لے کر نہیں نکلتے، انہیں اسلام آباد آنے نہیں دیں گے۔ کوہاٹ میں ورکرز سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ آج کوہاٹ کی فضا سوگوار ہے، دھرتی کے بہادر جوانوں نے ملکی دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، سی ایم ایچ کوہاٹ میں زیر علاج زخمی جوانوں کا جذبہ دیدنی ہے، فوج اور پولیس کے جوانوں اور افسران نے بہادری سے آپریشن میں حصہ لیا، ہم سب مل کر دہشت گردی کے ناسور کو ختم کر کے دم لیں گے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ بزدل دہشت (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفد ملاقات کر رہا ہے

سرکاری نظام کو ڈیجیٹل نتیجہ خیز ماڈل کی طرف لے جانا ہوگا: احسن اقبال

ماہانہ ترقیاتی اپ ڈیٹ شفاف، شواہد پر مبنی اور جوابدہ طرزِ حکمرانی کے عزم کا مظہر ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات

انتشار سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہوتا ہے اور پاکستان کے مستقبل کے ساتھ کسی کو کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان نے گزشتہ عرصے کے دوران معاشی استحکام کے ساتھ ساتھ عالمی اور سفارتی سطح پر بھی اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں، اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کامیابیوں کو داخلی قوت میں تبدیل کیا جائے اور معاشی استحکام کو پائیدار اور بلند شرحِ نمو میں بدلا جائے۔ ماہانہ ترقیاتی اپ ڈیٹ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ گزشتہ ڈھائی برس کے دوران حکومت نے معاشی اعتماد کی بحالی، معیشت کی بنیادیں مضبوط بنانے اور ملک کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

را، طالبان انٹیلی جنس اور دہشتگرد گروہوں کے مبینہ گٹھ جوڑ کا انکشاف

جولائی 2026 میں جی ڈی آئی نے تین اہم ملاقاتیں کرائیں

پہلی ملاقات میں بی ایل اے کی پاکستان میں کارروائیوں کے لیے مبینہ طور پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی، رپورٹ

بلوچستان میں بی ایل اے اور ٹی ٹی پی کی مشترکہ کارروائیوں کی منصوبہ بندی اور مبینہ طور پر 78 لاکھ ڈالر سے زائد کی مالی معاونت کا دعویٰ کیا گیا

افغان سرزمین کو ٹی ٹی پی اور بی ایل اے سمیت پاکستان مخالف گروہوں کے لیے استعمال نہ ہونے دیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کی خفیہ ایجنسی را، افغان طالبان کے انٹیلی جنس ادارے جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اور مختلف عسکریت پسند گروہوں کے مبینہ گٹھ (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی، جماعت اسلامی کا لانگ مارچ بے وقت راگنی ہے: رانا تنویر

رانا تنویر حسین کا غذائی تحفظ اور صحتِ عامہ کے تحفظ کے لیے عالمی سطح پر مربوط اقدامات پر زور

پاکستان صحت مند اور زیادہ مضبوط لائیو اسٹاک اور غذائی پیداواری نظام کے فروغ پر توجہ دے رہا ہے، وفاقی وزیر

روم (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین روم میں 21 سے 23 ستمبر 2026 تک منعقد ہونے والی اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خوراک و زراعت (ایف اے او) کی عالمی کانفرنس برائے ون ہیلتھ اِن ایگری فوڈ سسٹمز میں شرکت کر رہے ہیں (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد اور راولپنڈی کے الگ الگ سیکیورٹی پلان تیار، اہم شاہراؤں پر کنٹینرز پہنچا دیے گئے

راولپنڈی میں سیکیورٹی پلان کے تحت 11 ہزار سے زائد پولیس اہلکار تعینات کیے جائیں گے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) شہر اقتدار کی جانب لانگ مارچ اور دھرنوں کے اعلانات کے بعد اسلام آباد اور راولپنڈی کی انتظامیہ نے الگ الگ سیکیورٹی پلان تیار کر لیے۔ ذرائع کے مطابق جڑواں شہروں میں کنٹینرز اور رکاوٹیں لگا کر اہم راستے بند کرنے کی تیاریاں تیز کر دی گئی ہیں جبکہ دوسرے صوبوں سے پولیس نفری بھی پہنچنا شروع ہوگئی۔ اسلام آباد میں 26 نمبر چونگی، فیض آباد، کشمیر ہائی وے اور مری روڈ (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

مذاکرات کیلئے تیار، وزیراعظم سیاسی رہنماؤں کی کمیٹی بنائیں، علامہ راجہ ناصر

ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے بامعنی مذاکرات ہونے چاہئیں، وزیراعظم ٹیم بنائیں

بااختیار اور فیصلہ کرنے والے لوگ بیٹھیں تو مسائل کا حل نکل سکتا ہے، اپوزیشن لیڈر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ ہم مذاکرات کیلئے تیار ہیں، وزیراعظم سیاسی رہنماؤں کی کمیٹی بنائیں، حکومت اور اپوزیشن کی مذاکراتی ٹیمیں تشکیل دی جائیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ دونوں جانب (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

آبنائے ہرمز میں ایل پی جی ٹینکر پر میزائل حملہ، کشیدگی میں پھر اضافہ

آبنائے ہرمز میں ایل پی جی ٹینکر پر پروجیکٹائل کا ملبہ گرنے سے خوف و ہراس پھیل گیا

واقعے کے نتیجے میں سمندر میں کسی قسم کا تیل یا دیگر نقصان دہ مواد خارج ہونے کی اطلاع نہیں ہے

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز سے خلیج عمان کی جانب روانہ ہونے والے ایل پی جی ٹینکر کو نامعلوم پروجیکٹائل کے ملبے سے نقصان پہنچا تاہم جہاز پر موجود تمام عملہ محفوظ رہا۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز کے مطابق پیر کو جاری کیے گئے واقعے کے بیان میں بتایا گیا کہ ادارے کو جہاز کے کپتان کی جانب سے واقعے کی اطلاع تاخیر سے موصول ہوئی۔ کپتان نے بتایا کہ ٹینکر آبنائے ہرمز سے باہر نکلتے ہوئے نامعلوم پروجیکٹائل کی زد میں آ گیا۔ پروجیکٹائل کا ملبہ ایل پی جی ٹینکر پر گرا جو بظاہر ایک میزائل (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

عمران خان کی بہنوں کی نظر بندی کے خلاف درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان (آج) درخواستوں پر سماعت کریں گی

لاہور (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی تین بہنوں کی نظر بندی کے خلاف درخواستیں سماعت کیلئے مقرر کر دی گئیں۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان (آج) منگل (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

تمام قیدیوں کے ساتھ مساوی سلوک ہونا چاہیے: وفاقی آئینی عدالت

قیدیوں کو بانی پی ٹی آئی کی طرز پر طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق درخواستوں پر اٹارنی جنرل کو عدالتی معاونت اور فریقین کو نوٹس جاری

نجی ہسپتال ہی کیوں؟ سرکاری ہسپتال کیوں نہیں؟ قیدیوں کا علاج پولی کلینک یا پمز ہسپتال میں کیوں نہیں ہو سکتا؟

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے قیدیوں کو بانی پی ٹی آئی کی طرز پر طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق درخواستوں پر اٹارنی جنرل کو عدالتی معاونت کے لیے نوٹس جاری کرتے ہوئے تین قیدیوں کی اپیلوں پر دیگر فریقین کو بھی نوٹس جاری کر دیے۔ پیر کو چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ بینچ میں جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر نجفی شامل تھے۔ دوران سماعت جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ جیل رول نمبر 197 کے تحت قیدی کے علاج کے اخراجات حکومت برداشت کرے گی، رول 197 میں کوئی ابہام نہیں، عدالت کا حکم قانون کے مطابق ہونا چاہیے۔ جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ نجی ہسپتال ہی کیوں؟ سرکاری ہسپتال کیوں نہیں؟ قیدیوں کا علاج پولی کلینک یا پمز ہسپتال میں کیوں نہیں ہو سکتا؟ انہوں نے کہا کہ نجی ہسپتال میں علاج جیل مینوئل کے خلاف ہے۔ جسٹس علی باقر نجفی نے ریمارکس دیے کہ تمام قیدیوں کے ساتھ مساوی سلوک ہونا چاہیے، جیل مینوئل بالکل واضح ہے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ اگر جیل مینوئل پر عمل نہیں کر (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی کا مقصد ملک مخالف کام کرنیوالی فورسز کو سپورٹ کرنا ہے، عظمیٰ بخاری

ملک وقوم کی سلامتی کی بات ہو تو یہ بائیکاٹ پر چلے جاتے ہیں، ان کو شاید پاکستان، عوام کے جان و مال سے کوئی غرض نہیں

انکا ایجنڈا پاکستان، ملک کیخلاف ہونیوالی سازشیں، ملک دشمن قوتوں اور سیاسی تقسیم ہے، بانی پی ٹی آئی نے کہا تھا طالبان ہمارے بھائی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے پاکستان تحریک انصاف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا مقصد پاکستان کے خلاف کام کرنے والی فورسز کو سپورٹ کرنا ہے، ملک وقوم کی سلامتی کی بات ہو تو یہ بائیکاٹ پر چلے جاتے ہیں، ان کو شاید پاکستان اور عوام کے جان و مال سے کوئی غرض نہیں، ان کا ایجنڈا پاکستان، ملک کے خلاف ہونے والی سازشیں، ملک دشمن قوتوں اور سیاسی تقسیم ہے، بانی پی ٹی آئی نے حکومت میں کہا کہ طالبان ہمارے بھائی ہیں، صوبہ خیبر پختونخوا کو 600 ارب روپے دہشتگردی کیخلاف لڑنے کے لئے دیئے گئے وہ سارا پیسہ کہاں خرچ کیا گیا، ان کے لئے اہم یہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو مٹن ملا ہے یا نہیں، انہیں اپنے صوبے میں امن و امان سے کوئی غرض نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور پریس کلب کے دورے کے موقع پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے صحافیوں میں تحائف تقسیم کیے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پریس کلب میرا ہمیشہ سے گھر رہا ہے اور اس گھر میں آنے کے لئے مجھے دعوت کی ضرورت نہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے تحائف دینے کے لئے آئی ہوں، میں صحافیوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے سنجیدہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مسائل کے حل میں میڈیا نے مثبت کردار ادا کیا، عوام کی سہولت کے لیے مریم نواز ہر ممکن اقدامات کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بطور وزیر اعظم بانی پی ٹی آئی سیاسی جماعتوں کے ساتھ نہیں بیٹھتے تھے، بانی پی ٹی آئی شاید خود کو پاکستان سے اوپر سمجھتے ہیں، ایک جماعت ہے جن کا کام ہی بائیکاٹ کرنا ہے، ان کا ایجنڈا پاکستان، ملک کیخلاف ہونے والی سازشیں، ملک دشمن قوتوں اور سیاسی تقسیم ہے۔ وہ وزیر اعظم ہوتے ہوئے طالبان کو بھائی کہتے تھے اور ان کی سرپرستی کرتے۔ سانحہ اے پی ایس کے بعد نیشنل ایکشن پلان بنا، آپریشن ضرب عضب ہوا یا ردالفساد، تمام دہشت گردوں کو ختم کر دیا گیا جس کی وجہ سے کچھ عرصہ ملک میں امن رہا لیکن ان کے دور میں سزا یافتہ دہشت گردوں کو صدارتی معافی دی گئی۔ یہی صدارتی معافی والے دہشت گرد زمان پارک کی سکیورٹی کرتے نظر آتے رہے۔ آج ملک میں دہشت گردی دوبارہ سر اٹھا چکی ہے، یہ پاک فوج کو ڈی مورالائز کرنا چاہتے ہیں لیکن یہ ان کی غلط فہمی ہے کیونکہ فوجی شہادت کے جذبے سے وردی پہنتے ہیں، انہوں نے بیرون ملک چندے کے پیسے سے لابی فرمز ہائر کر رکھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج تمام سیاسی جماعتیں ملک وقوم اور ان کے تحفظ اور سرحدوں کی حفاظت کے لئے سر جوڑ کر بیٹھی ہیں، ایک جماعت تحریک بائیکاٹ ان جماعتوں کے ساتھ نہیں بیٹھی ہوئی، ان کو شاید پاکستان اور عوام کے جان و مال سے کوئی غرض نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا کو 600 ارب روپے دہشتگردی کیخلاف لڑنے کے لئے دیئے گئے لیکن وہاں کوئی سی ٹی ڈی نہیں بنا، وہ سارا پیسہ کہاں خرچ کیا گیا، ان کے لئے اہم یہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو مٹن ملا ہے یا نہیں، انہیں اپنے صوبے میں امن و امان سے کوئی غرض نہیں۔ یہ مسلسل جھوٹ بولتے ہیں، روزہ نہ رکھنے کا کوئی اور بہانہ ڈھونڈ لیں، سحری نہ ملنے کا بہانہ نہ کریں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ بی ایل اے جیسے دہشت گرد گروپ افغانستان سے اپنے ہینڈلرز کے ساتھ رابطے میں تھے لیکن صوبہ خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ افغان مہاجرین کو واپس بھیجنے پر راضی نہیں، ان مہاجرین کی ہم نے بہت میزبانی کی، اب انہیں واپس چلے جانا چاہیے، یہ ہمیشہ پاکستان کے خلاف کھڑے کیوں نظر آتے ہیں،

ٹھیکیدار بشیر بزنجو کے والد کے انتقال پر تعزیت کرنے والوں کا تانتا بندھا رہا

بشیر احمد مینگل، صدام بزنجو، شکر اللہ میروانی، غفور میروانی سمیت دیگر شامل تھے

حب (نمائندہ بولان) ٹھیکیدار بشیر بزنجو کے والد کے انتقال پر تعزیت کرنے والوں کا تانتا بندھا رہا گذشتہ کے روز ٹھیکیدار بشیر بزنجو سے ان کے والد کے انتقال پر مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے ان کی رہائش گاہ جا کر تعزیت وفاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے دعائے مغفرت کی تعزیت کرنے والوں میں بزنجو کارواں کے سرپرست اعلی میر جمیل احمد بزنجو، سردار حنیف بزنجو، ایڈوکیٹ عبدالوہاب، میر اورنگزیب بزنجو، رستم میروانی، حنیف جان میروانی، نوید میروانی، اعظم ساسولی، گورگین بلوچ، اختر بزنجو، عبدالغنی قلندرانی، حمید شاہین عمرانی، حاجی نعیم چنال، بلال بزنجو، ریاض عمرانی، عادل جان، ٹھیکیدار عبدالحق بزنجو، آواران کے حیوانات افسر وسیم احمد، رفیق چنال، بی این پی مینگل کے بشیر احمد مینگل، صدام بزنجو، شکر اللہ میروانی، غفور میروانی سمیت دیگر شامل تھے

سرکاری اسکولوں میں تعلیمی سہولیات اور انفرااسٹرکچر کا جائزہ، سردار علی شاہ

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے ٹنڈو محمد خان کے مختلف سرکاری اسکولوں کا دورہ کیا، اس موقع پر سابق چیف جسٹس پاکستان جسٹس ریٹائرڈ فیصل عرب بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سید سردار علی شاہ نے گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول بارچانی کے نئے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا

سکھر، انسٹیٹیوٹ آف نرسنگ اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز میں خواتین کو کام کی جگہ پر ہراسانی سے تحفظ کے قانون سے متعلق آگاہی سیمینار

پسند کی شادی کرنے والا کراچی کا جوڑا تحفظ کے لیے روہڑی پریس کلب پہنچ گیا

مبینہ خاندانی مخالفت کے باعث انہیں مشکلات کا سامنا ہے اور وہ دربدری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) کراچی کی رہائشی پسند کی شادی کرنے والی خاتون خوش بخت اور نوجوان انیس علی لانگاہ تحفظ کی فراہمی کے لیے روہڑی پریس کلب پہنچ گئے، جہاں انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اپنے تحفظ کے حوالے سے خدشات کا اظہار کیا اور آئی جی سندھ سمیت اعلی پولیس حکام سے قانونی تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی جوڑے کے مطابق انہوں نے خیرپور ناتھن شاہ، دادو کی عدالت میں اپنی مرضی اور باہمی رضامندی سے شادی کی ہے، تاہم مبینہ خاندانی مخالفت کے باعث انہیں مشکلات کا سامنا ہے اور وہ دربدری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ خوش بخت نے صحافیوں کو بتایا کہ اسے کسی نے ورغلایا نہیں اور نہ ہی اسے اغوا کیا گیا، بلکہ اس نے اپنی مرضی سے گھر چھوڑ کر انیس علی لانگاہ سے شادی کی ہے خوش بخت نے خدشہ ظاہر کیا کہ اس کے شوہر کے خلاف مبینہ طور پر اغوا کا جھوٹا مقدمہ درج کرانے کی کوشش کی جا سکتی ہے۔

گل سینٹر مارکیٹ کے تاجروں اور کاروباری برادری کے وفد کی ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی سے ملاقات

کراچی (این این آئی) گل سینٹر مارکیٹ کے صدر فیصل گل والا کی قیادت میں مقامی تاجروں اور کاروباری برادری کے وفد نے ایم کیو ایم پاکستان کے کنوینر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی سے ملاقات کی اور نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے گزشتہ روز منعقدہ کامیاب عوامی ریلی پر انہیں مبارکباد پیش کی۔ وفد نے نئے انتظامی صوبوں کے قیام کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے بہتر طرزِ حکمرانی کو فروغ ملے گا،

سکھر، سکھر میں انسداد پولیو مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے

ٹھٹھہ میں عالمی یوم امن کے موقع پر آگاہی ریلی، امن و برداشت کے فروغ کے عزم کا اعادہ

انڈس ریسورس سینٹر (IRC) کے AAWAZ DO پراجیکٹ کے تحت عالمی یوم امن کے موقع پر امن آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا

ٹھٹھہ (رپور واحد شورو) ٹھٹھہ میں عالمی یوم امن کے موقع پر آگاہی ریلی، امن و برداشت کے فروغ کے عزم کا اعادہ - ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگٹ کی ہدایت پر انڈس ریسورس سینٹر (IRC) کے AAWAZ DO پراجیکٹ کے تحت عالمی یوم امن کے موقع پر امن آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا، جو پبلک پارک ٹھٹھہ سے شروع ہو کر ڈپٹی کمشنر آفس پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر I- ٹھٹھہ عمران الحق، ایڈیشنل ڈائریکٹر محکمہ سماجی بہبود خدا بخش بہرانی، ڈپٹی ڈائریکٹر مہرین اقبال سومرو، IRC کی ڈسٹرکٹ مینیجر عروج ترک، AAWAZ DO پراجیکٹ کے مینیجر حفیظ آزاد زور، زاہدہ ابڑو، AKRSP کے سید جعفر شاہ، انڈس ارتھ ٹرسٹ کے شوکا زور، میڈیا نمائندگان، سول سوسائٹی اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر I- عمران الحق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمی یوم امن ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ امن صرف جنگ اور تنازعات کے خاتمے کا نام نہیں بلکہ ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینے کا نام ہے جہاں ہر فرد کو عزت، انصاف، تحفظ اور مساوی مواقع حاصل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار امن کے لیے معاشرے میں برداشت، رواداری، باہمی احترام، قانون کی پاسداری اور ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ عمران الحق نے کہا کہ امن کی بنیاد گھروں، تعلیمی اداروں، محلوں اور معاشرے کے ہر سطح پر رکھی جاتی ہے، اس لیے نوجوان نسل میں برداشت، مکالمے اور مثبت سوچ کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اختلافِ رائے معاشرے کا حصہ ہے، تاہم اختلافات کو تشدد کے بجائے گفت و شنید، باہمی احترام اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے حل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے میں امن کے فروغ کے لیے سرکاری اداروں کے ساتھ ساتھ سول سوسائٹی، میڈیا، سماجی تنظیموں، اساتذہ، مذہبی رہنماں اور شہریوں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ امن، انصاف اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں ہی ایک مضبوط اور پرامن معاشرے کی بنیاد بن سکتی ہیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع ٹھٹھہ اپنی تاریخی، ثقافتی اور صوفیانہ روایات کے حوالے سے امن، محبت اور رواداری کی ایک خوبصورت مثال ہے، اس مثبت روایت کو مزید آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے شرکا پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں امن، برداشت اور بھائی چارے کے پیغام کو عام کریں اور معاشرے میں نفرت، تعصب اور عدم برداشت کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر محکمہ سماجی بہبود خدا بخش بہرانی نے کہا

پنجاب کے میڈیکل کالجز میں ایم بی بی ایس کی 475 اضافی نشستیں بڑھانے کی تجویز

لاہور (این این آئی) لاہور: دنیا نیوز (پنجاب کے 17 سرکاری میڈیکل کالجز میں ایم بی بی ایس کی نشستوں میں اضافے کی تجویز سامنے آ گئی۔ ذرائع کے مطابق صوبے کے سرکاری میڈیکل کالجز میں اس وقت ایم بی بی ایس کی مجموعی طور پر 3 ہزار 476 نشستیں موجود ہیں۔ تدریسی ہسپتالوں میں بیڈز کی تعداد میں اضافے کے بعد 475 اضافی نشستیں بڑھانے کی تجویز دی گئی ہے، محکمہ سپشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے پی ایم ڈی سی کے مقررہ معیار کے مطابق نشستوں میں اضافے کے لیے درخواست دی

جامعہ کراچی: اکیڈمک کونسل کا اجلاس، مختلف تعلیمی وانتظامی امور پر غور

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد طفیل کی زیر صدارت پیر کے روز اکیڈمک کونسل کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف اہم تعلیمی وانتظامی امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں کلیہ قانون، جامعہ کراچی کی سفارشات کو بار کونسل کی منظوری کے بعد اکیڈمک کونسل کے آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

سینیٹر ڈاکٹر خالدہ مندرو نے ماروی ایسوسی ایشن اور امریکی ادارے جگنو کے تعاون سے بدین کے تعلیمی اداروں میں جدید کمپیوٹر سینٹر قائم کا افتتاح کرنے کے موقع پر سینٹر کا دورہ کر رہی ہیں۔

یوتھ فورم سول سوسائٹی حب لسبیلہ کا ایک اہم اجلاس

خمیسہ خان اور ریاض حسین رونجھو کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی

حب (پ ر) یوتھ فورم سول سوسائٹی حب لسبیلہ کا ایک اہم اجلاس سول سوسائٹی کے مرکزی دفتر میں منعقد ہوا، اجلاس میں سینئر ممبران ڈاکٹر محمد حیات، عبدالحلیم لاسی، عطااللہ رونجھو، خمیسہ خان اور ریاض حسین رونجھو کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر سینئر رہنماؤں نے فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا پڑے گا، ہمارے مسائل بہت ہیں، لیکن جب تک ہم ایک جگہ متحد ہو کر اپنے حقوق کے لیے جدوجہد نہیں کریں گے تب تک نہ تو اپنے حقوق حاصل کر سکتے ہیں اور نہ ہی اپنے مسائل حل کر سکتے ہیں، اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ 11 رکنی کمیٹی مزید ممبر سازی کرے گی، اس سلسلے میں ساحل کو ذمہ داری (ٹاسک) سونپی گئی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو قائل کر کے اس مقصد کا حصہ بنائیں، اگلی میٹنگ میں نوجوانوں کی ایک انتظامی کمیٹی بنائی جائے گی جو ان تمام امور کی دیکھ بھال کرے گی، اس کے ساتھ ساتھ سوشل میڈیا اینڈ کمیونیکیشن کمیٹی اور ایک علیحدہ ممبر سازی کمیٹی بھی تشکیل دی جائے گی، آئندہ ہر میٹنگ میں 11 سے 20 منٹ کی ایک ورکشاپ ہوگی، جس میں کوئی بھی سینئر رہنماء کسی خاص موضوع پر نوجوانوں کی رہنمائی کے لیے لیکچر فراہم کرے گا،

23 ستمبر سے ایرانی ایئر لائنز پر عالمی پابندی ہوگی، امریکی وزیر خزانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے کہا ہے کہ 23 ستمبر سے تمام ایرانی ایئر لائنز کے دنیا بھر میں فلائٹ آپریشن پر پابندی عائد ہوگی۔ اسکاٹ بیسنٹ کے مطابق ایرانی ایئر لائنز کو لینڈنگ کی اجازت دینے والے ہوائی اڈے امریکی ڈالر کے مالیاتی نظام سے خارج کیے جا سکتے ہیں۔ امریکی وزیر خزانہ نے کہا کہ چین ایران کے خلاف امریکی اقتصادی دباؤ کی مہم کو بہت قریب سے دیکھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ تنازع کب تک جاری رہے گا، اس بارے میں کچھ نہیں بتا سکتا۔

ٹھٹھہ پولیس کا کامیاب پولیس مقابلہ بین الاضلاعی کرمنل گینگ برسٹ

پولیس مقابلے، ڈکیتی و سنیچنگ کی سنگین وارادات میں ملوث تین ملزمان گرفتار

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ٹھٹھہ پولیس کا کامیاب پولیس مقابل بین الاضلاعی کرمنل گینگ برسٹ۔ پولیس مقابلے، ڈکیتی و سنیچنگ کی سنگین وارادات میں ملوث تین ملزمان گرفتار جس میں سے دو کو زخمی حالت میں گرفتار، جرائم میں استعمال کی گئیں دو پسٹل، دو موٹر سائیکل اور ایک موبائل فون برآمد ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ایس ایچ او تھانہ گھوڑا باری انسپکٹر ماجد علی کورائی بمعہ اسٹاف نے دوران گشت تھانہ گھوڑا باری کی حدود گیل موری لنک روڈ پر پولیس مقابلہ ہوا، جس کے نتیجے میں پولیس نے تین ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا جس میں سے دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت: 1- عبد الوہاب ولد حاجی اسماعیل پنھور رہائشی اسماعیل گوٹھ کورنگی کراچی) زخمی حالت میں گرفتار 2- (راحیل علی ولد عبداللہ پنھور رہائشی اسماعیل گوٹھ کورنگی کراچی) زخمی حالت میں گرفتار 3- (لطیف ولد یعقوب پنھور رہائشی علی گوٹھ کورنگی کراچی کے طور پر ہوئی ہے۔ ملزمان کے قبضے سے جرائم میں استعمال کی گئی دو پسٹل، دو موٹر سائیکلوں، ایک موبائل فون برآمد کر لیے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف ضابطے کے مطابق مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے،

کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خان ترقیاتی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول گل منڈا کی عمارت انتہائی خستہ حال ہونے کا انکشاف

کئی مقامات سے پلستر اور کنکریٹ اکھڑ جانے کے باعث لوہے کے سریے نمایاں ہو گئے ہیں

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) جنگ شاہی کے قریب یوسی کلری گل منڈا میں بچیوں کے لیے قائم اہم تعلیمی ادارے گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول گل منڈا کی عمارت انتہائی خستہ حال ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جہاں عمارت کی چھت اور دیواروں میں بڑی بڑی دراڑیں پڑ چکی ہیں، جبکہ کئی مقامات سے پلستر اور کنکریٹ اکھڑ جانے کے باعث لوہے کے سریے نمایاں ہو گئے ہیں۔ اس صورتحال کے باعث اسکول میں زیر تعلیم طالبات، اساتذہ اور عملے کی حفاظت کے حوالے سے شدید خدشات پیدا ہو گئے ہیں۔ والدین اور علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ تعلیم کے لیے آنے والی معصوم بچیوں کو ایسی خطرناک عمارت میں بٹھانا کسی بھی صورت مناسب نہیں۔ گاں کے رہائشی عبدالغفور سموں، قربان علی خاصخیلی اور دیگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گل منڈا اور اس کے آس پاس موجود دیگر پرائمری اسکولوں کی حالت بھی تشویشناک ہے، جبکہ بچیوں کے لیے مڈل سطح پر یہ ایک اہم تعلیمی ادارہ ہے۔ عمارت کی مرمت یا از سرِ نو تعمیر نہ ہونے کے باعث طالبات کی تعلیم بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ علاقہ مکینوں نے ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ، ضلعی محکمہ تعلیم اور سندھ حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اسکول کی عمارت کا فوری تکنیکی معائنہ کرایا جائے، خطرناک حصوں کو محفوظ بنایا جائے اور ضرورت پڑنے پر نئی عمارت تعمیر کی جائے

صوبائی وزیر محمد اسماعیل راہو اور اسپیشل اسسٹنٹ ڈاکٹر شام سندر آڈوانی کے اعزاز میں شاندار استقبالیہ۔

چیئرمین سندھ ایویکیوٹرسٹ پراپرٹی بورڈ ایم پی اے ڈاکٹر شام سندر آڈوانی کے اعزاز میں شاندار استقبالی تقریب اور عشائیے کا اہتمام کیا گیا

بدین (نامہ نگار) کڑیو گھنور میں ٹریڈرز ایسوسی ایشن کی جانب سے سندھ کے صوبائی وزیر برائے جامعات و بورڈز محمد اسماعیل راہو اور وزیر اعلی سندھ کے معاونِ خصوصی برائے اقلیتی امور و چیئرمین سندھ ایویکیوٹرسٹ پراپرٹی بورڈ ایم پی اے ڈاکٹر شام سندر آڈوانی کے اعزاز میں شاندار استقبالی تقریب اور عشائیے کا اہتمام کیا گیا، جس میں تاجر برادری، سیاسی وسماجی رہنماں اور علاقے کی معزز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر برائے جامعات و بورڈز محمد اسماعیل راہو نے کہا کہ کڑیو گھنور اور ضلع بدین کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 17 سال قبل کے ضلع بدین اور موجودہ ضلع بدین میں زمین آسمان کا فرق ہے، جبکہ تحصیل شہید فاضل راہو کی صورتحال میں بھی نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ اب علاقے کے عوام کو بہتر سڑکیں، اسپتال اور اسکول فراہم کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کی مشکلات ہماری مشکلات ہیں، انہیں کسی بھی مشکل گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ڈاکٹر شام سندر آڈوانی جب سے اقلیتی امور کے معاونِ خصوصی مقرر ہوئے ہیں، انہوں نے اقلیتی برادری کے مسائل کے حل کے لیے بہترین کوششیں کی ہیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلی سندھ کے معاونِ خصوصی برائے اقلیتی امور و چیئرمین سندھ ایویکیوٹرسٹ پراپرٹی بورڈ ایم پی اے ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے کہا کہ سندھ ایک تھا، ایک ہے اور ایک ہی رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ موئن جو دڑو کی تاریخ میں بھی سندھ کا ذکر ملتا ہے اور سندھ کے لوگوں نے اس دھرتی کو ماں کا درجہ دیا ہے، اس لیے اس دھرتی کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مرویسوں مرویسوں، سندھ نہ ڈیسوں سندھ کی دھرتی سے محبت اور وابستگی کا اظہار ہے ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے کہا کہ یہ سندھ شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید بینظیر بھٹو اور شہید فاضل راہو کا سندھ ہے، جبکہ شاہ، سچل اور سامی کی فکر اور صوفیانہ روایات سے مالا مال ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ پاکستان کا معاشی حب ہے اور سندھ کی ترقی کے ساتھ ملک کی ترقی وابستہ ہے انہوں نے بتایا کہ ضلع بدین میں ہندو برادری کے لیے مجموعی طور پر 22 اسکیمیں رکھی گئی ہیں، جبکہ کڑیو گھنور میں تین اسکیموں پر آئندہ ماہ سے کام شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے کڑیو گھنور کی تاریخی درگاہ سائیں محمود فقیر پر اقلیتی فنڈ سے کمیونٹی ہال تعمیر کرنے کا بھی اعلان کیا ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے کہا کہ سندھ کی تاریخ میں مسلمان صوفی ہوں یا ہندو صوفی، ان کی فکر اور صوفیانہ روایات میں کوئی مذہبی فرق نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ رواداری اور بھائی چارے کی یہی روایت پاکستان پیپلز پارٹی میں بھی موجود ہے،

اوستہ محمد پولیس کی کارکردگی قابل تحسین ہے، حنیف بختیار زئی بلوچ

ایس پی حافظ ممتاز الرحمٰن کی سربراہی میں پولیس امن وامان کے قیام کے لیے کوشاں ہے

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد بچا تحریک کے صدر اور قوم پرست رہنما محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے کہا ہے کہ اوستہ محمد پولیس بہتر حکمتِ عملی کے تحت اپنے فرائض احسن انداز میں سرانجام دے رہی ہے۔ ایس پی حافظ ممتاز الرحمٰن کی سربراہی میں پولیس افسران واہلکار عوام کی جان و مال کے تحفظ اور امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اوستہ محمد میں جرائم کی روک تھام اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے پولیس کی جانب سے اٹھائے جانے والے اقدامات قابلِ تحسین ہیں۔ ایس ایچ او سٹی ندیم بحرانی اور دیگر پولیس افسران واہلکار اپنی ذمہ داریاں محنت، لگن اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کر رہے ہیں، جو خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے بولان سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے کہا کہ امن وامان کا قیام کسی بھی معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے



ٹھٹھہ، سندھ کے صوبائی وزیر علی حسن زرداری بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہے ہیں

گھارو میں پولیو مہم کا آغاز، صوبائی وزیر حاجی علی حسن زرداری نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے

محسن ہاؤس کے انچارج شاہنواز لوہار، ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگٹ، صحت و دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) گھارو میں پولیو مہم کا آغاز، صوبائی وزیر حاجی علی حسن زرداری نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے - صوبائی وزیر ورکس اینڈ سروسز و جیل خانہ جات حاجی علی حسن زرداری نے رورل ہیلتھ سینٹر گھارو میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر ضلع ٹھٹھہ میں جاری پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ضلع کونسل عبدالحمید پنہور، محسن ہاس کے انچارج شاہنواز لوہار، ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگٹ، صحت و دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی علی حسن زرداری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے والدین اور عوام سے پرزور اپیل کی کہ معصوم بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے لازمی پلوائیں تاکہ بچوں کو اس موذی مرض اور مستقل معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے والدین کا تعاون انتہائی اہم ہے اور ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ان کی کوشش ہے کہ ضلع ٹھٹھہ میں جو بھی سرکاری ادارے بند یا غیر فعال ہیں، انہیں دوبارہ فعال کیا جائے تاکہ عوام کو صحت سمیت دیگر بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آ سکیں۔ ایک سوال کے جواب میں حاجی علی حسن زرداری نے کہا کہ ٹھٹھہ شہر میں کافی عرصے سے بند اور غیر فعال ٹراما سینٹر کو جلد فعال کیا جائے گا،

خواتین کو کام کی جگہ پر ہراسانی سے تحفظ کے قانون سے متعلق آگاہی سیمینار

سیمینار کی صدارت کنسلٹنٹ محمد اقبال آرائیں، سابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے کی

سکھر (نمائندہ بولان) خواتین کو کام کی جگہ پر ہراسانی سے تحفظ اور ان کے قانونی حقوق وشکایات کے ازالے کے طریقہ کار سے آگاہ کرنے کے لیے ریجنل آفس صوبائی محتسب سندھ، سکھر کے زیر اہتمام سکھر انسٹیٹیوٹ آف نرسنگ اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز میں آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد کام کی جگہ پر خواتین کو ہراسانی سے تحفظ ایکٹ 2010 (ترمیم شدہ) کے حوالے سے شرکا کو آگاہی فراہم کرنا اور کام کی جگہ پر خواتین کے لیے محفوظ، باوقار اور ہراسانی سے پاک ماحول کے فروغ کو یقینی بنانے کے لیے قانون کے تحت دستیاب حقوق اور شکایات کے ازالے کے طریقہ کار سے روشناس کرانا تھا۔ سیمینار کی صدارت کنسلٹنٹ محمد اقبال آرائیں، سابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے قانون کی اہم شقوں، ہراسانی کی قانونی تعریف و نوعیت، ملازمین اور اداروں کی ذمہ داریوں، شکایت درج کرانے کے طریقہ کار، انکوائری کمیٹی کے کردار اور قانون کے تحت کارروائی کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ ہراسانی کے کسی بھی واقعے کی صورت میں متاثرہ فرد کو بلاخوف و خطر متعلقہ فورم سے رجوع کرنا چاہیے

شہداء کے جنازوں کو سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے استعمال کرنا نہایت قابل افسوس ہے، شفیع جان

محسن نقوی شاید بھول گئے ہیں کہ ملکی معیشت کو نقصان پی ٹی آئی نہیں بلکہ ان کی نام نہاد تجربہ کار معاشی ٹیم پہنچا رہی ہے، وزیر اطلاعات

پشاور (این این آئی) وزیر اطلاعات وسائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی خیبر پختونخوا شفیع جان نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی پریس کانفرنس پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ محسن نقوی شہداء کے جنازوں کو سیاسی بیان بازی کا موضوع نہ بنائیں، شہداء کے جنازوں کو سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے لیے استعمال کرنا نہایت قابل افسوس ہے۔ شفیع جان نے کہا کہ وفاقی وزراء کی مسلسل پریس کانفرنسز سے واضح ہوتا ہے کہ وہ پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے احتجاج اور لانگ مارچ سے شدید خوفزدہ ہیں۔ وفاقی وزیر جب قانون کی بات کرتے ہیں تو انہیں آئین میں دیے گئے عوام کے بنیادی حقوق بھی یاد رکھنے چاہئیں۔

مختلف ممالک سے بھیک مانگنے پر ہزاروں پاکستانی ڈی پورٹ کرنے کا انکشاف

رواں سال سعودی عرب، یو اے ای اور آذربائیجان سے ہزاروں افراد کو بھیک مانگنے پر آف لوڈ کیا گیا، ڈی جی ایف آئی اے

گزشتہ برسوں میں غیر قانونی جانے والے افراد میں پاکستان ٹاپ 5 ملکوں میں تھا لیکن اب ہماری پالیسیوں سے پاکستان ٹاپ فائیو ملکوں سے نکل گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) دنیا کے مختلف ممالک سے بھیک مانگنے پر ہزاروں پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اوورسیز پاکستانیز اور انسانی حقوق کا اجلاس چیئرمین کمیٹی آغا رفیع اللہ کی سربراہی میں ہوا۔ ڈی جی ایف آئی اے نے کمیٹی کو بتایا کہ اس سال 51 ہزار پاکستانیوں کو مختلف ممالک سے آف لوڈ کیا گیا، سب سے زیادہ 24 ہزار افراد سعودی عرب نے بھیک مانگنے پر ڈی پورٹ کیے جبکہ اس سال یو اے ای نے 6 ہزار پاکستانیوں کو بھیک مانگنے پر ڈی پورٹ کیا اور آذربیجان سے بھی ڈھائی ہزار پاکستانی بھکاریوں کو ڈی پورٹ کیا گیا۔ انہوں نے قومی اسمبلی کی کمیٹی کو بتایا کہ جو لوگ عمرے کا نام لیکر یورپ جانے کی کوشش کر رہے ہیں انہیں ثبوت کے ساتھ آف لوڈ کیا، عمرے کے نام پر لوگوں کے پاس یورپ جانے کے ڈاکیومنٹس تھے تب انہیں آف لوڈ کیا۔ قومی اسمبلی کی کمیٹی کو بتایا گیا کہ اس سال 24 ہزار افراد کمبوڈیا گئے جس میں سے 12 ہزار افراد تاحال واپس نہیں آئے، برما میں سیاحتی ویزے پر 4 ہزار افراد گے لیکن ڈھائی ہزار واپس نہیں آئے۔ ڈی جی ایف آئی اے نے کہا کہ غیر قانونی افراد کو روکنے سے پاکستان کی پاسپورٹ رینکنگ 118 سے 92 نمبر پر آئی، گزشتہ برسوں میں غیر قانونی جانے والے افراد میں پاکستان ٹاپ 5 ملکوں میں تھا لیکن اب ہماری پالیسیوں سے پاکستان ٹاپ فائیو ملکوں سے نکل گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ برس 8 ہزار افراد غیر قانونی طور پر یورپ گئے جبکہ اس سال یہ تعداد 4 ہزار ہو گئی ہے، مجموعی طور پر 56 ہزار پاکستانیوں کو بھیک مانگنے پر سعودی عرب نے ڈی پورٹ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ دبئی اور جرمنی نے ہمارے سرکاری پاسپورٹ پر ویزا فری کر دیا ہے، ای ایپلی کیشن جنوری کے وسط میں لانچ کر دی جائے گی، ای ایپلی کیشن میں بیرون ملک جانے والے روانگی سے 24 گھنٹے قبل امیگریشن کرا لیں گے۔ ڈی جی ایف آئی اے نے کہا کہ زمبابوے میں ہمارے سفیر نے بتایا ایتھوپیا اور زیمبیا سے غیر قانونی طریقے سے لوگ یورپ جا رہے ہیں، ایک جعلی فٹ بال کلب نے ٹیم کو جاپان بھیجا، ایک لنگڑا شخص بھی فٹ بال ٹیم کے ساتھ چلا گیا۔

پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس، عوامی مطالبات کی منظوری تک جدوجہد جاری رہے گی، منعم ظفر

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس اور آئی پی پیز کے ظالمانہ اور عوام دشمن معاہدوں کے خلاف گورنر ہاؤس پر جماعت اسلامی کے 35 روزہ تاریخ ساز دھرنے اور امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں ٹرین مارچ میں اہل کراچی کی بھرپور شرکت اور گھروں سے نکلنے اور جماعت اسلامی کی عوامی جدوجہد اور تحریک کا حصہ بننے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے

ایس ایس پی بدین کا ڈپٹی کمشنر بدین یاسر بھٹی کے ہمراہ مختلف فکسڈ و ٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ

انسدادِ پولیو مہم کے دوران پولیو ٹیموں کو بھرپور سیکیورٹی فراہم کرنا پولیس کی اہم ذمہ داری ہے، ایس ایس پی

بدین (نامہ نگار) ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی نے ڈپٹی کمشنر بدین یاسر بھٹی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بدین ڈاکٹر زاہد احمد سولنگی کے ہمراہ انسدادِ پولیو مہم کے دوران مختلف فکسڈ اور ٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات اور دیگر امور کا جائزہ لیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس ترجمان کی تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں جاری 7 روزہ انسدادِ پولیو مہم کے سلسلے میں بدین ضلع میں بھی پولیو ٹیمیں بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے میں مصروفِ عمل ہیں۔ اس موقع پر ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی، ڈپٹی کمشنر بدین یاسر بھٹی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر زاہد احمد سولنگی نے بدین شہر کے پیر چوک، حیدرآباد مین روڈ، پیرو اسٹیشن اسٹاپ سمیت تلہار شہر میں قائم مختلف فکسڈ اور ٹرانزٹ پولیو پوائنٹس کا دورہ کیا۔ افسران نے پولیو ٹیموں کی موجودگی، بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کے عمل، ٹرانزٹ پوائنٹس پر سیکیورٹی انتظامات اور پولیس نفری کی تعیناتی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایس ایس پی بدین نے پولیو ٹیموں اور ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کر کے انہیں درپیش مسائل اور سیکیورٹی سے متعلق امور دریافت کیے اور موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔

بدین، صوبائی وزیر اسماعیل راہو اور وزیر اعلی سندھ کے معاون ڈاکٹر شام سندر ایڈوانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاوارث سوراب میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، نہ دن کو بجلی نہ رات کو، شہری اذیت میں مبتلا

سوراب میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لے کر بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے

سوراب (رپورٹ رشید عاطف) سوراب میں غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ شہریوں کے مطابق دن ہو یا رات بجلی کی فراہمی کا کوئی مستقل شیڈول نظر نہیں آتا کبھی آدھے گھنٹے جبکہ کبھی ایک سے دو گھنٹے تک بجلی آتی رہتی ہے۔ مسلسل بجلی کی بندش کے باعث گھریلو صارفین کاروباری حضرات طلبہ اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر کر دیے ہیں، جبکہ بار بار بجلی کی بندش سے کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔ شہریوں نے متعلقہ حکام اور کیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ سوراب میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لے کر بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور لوڈشیڈنگ کا باقاعدہ شیڈول جاری کیا جائے

حافظ محمد ادریس کی وفات تحریک اسلامی کے لیے بڑا نقصان ہے، جاوداں فہیم

کراچی (این این آئی) ناظمہ حلقہ خواتین کراچی جاوداں فہیم نے جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما حافظ محمد ادریس کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ حافظ محمد ادریس کی وفات تحریک اسلامی کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ مرحوم نے اپنی زندگی دین کی دعوت، اسلامی تحریک اور امت کی رہنمائی کے لیے وقف کیے رکھی، ان کی دینی، علمی اور تحریکی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ جاوداں فہیم نے کہا کہ حافظ محمد ادریس کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا آسانی سے پُر نہیں ہوگا۔

سکھر، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع حب کا اہم اجلاس

اجلاس ضلعی صدر محمد عثمان رند کی زیر صدارت گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول حب میں منعقد ہوا

حب (پ ر) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع حب کا اہم اجلاس ضلعی صدر محمد عثمان رند کی زیرِ صدارت گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول حب میں منعقد ہوا، اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ کلام پاک سے کیا گیا، جس کی سعادت مولوی داؤد انگاریہ نے حاصل کی، اجلاس کے آغاز میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول حب کے استاد محمد حلیم بلوچ کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی گئی، اجلاس کی کاروائی ضلعی جنرل سیکریٹری نور بخش ڈگارزئی نے چلائی، جبکہ اجلاس میں تنظیمی و تعلیمی امور سمیت مختلف اہم ایجنڈوں پر غور و خوض کیا گیا، اجلاس میں ضلعی چیئرمین شفیع محمد انگاریہ، آرگنائزر حاجی محمد حسین قلندرانی، ڈویژن رہنما مولوی داؤد انگاریہ، حمید اللہ ڈگارزئی، محمد عرفان شیخ، محمد یاسین رونجھو، بشیر احمد، محمد ایوب جمالی، عبدالمنان روغانوی، محمد یعقوب سیاپاد، حیات شاکر بزنجو سمیت تحصیل نمائندگان مرزا خان بلوچ، محمد فہیم جدگال، فرخ ولی، غلام قادر، عبدالعزیز بندیجہ، عبدالعزیز خاصخیلی اور احسان الحق موندرہ نے شرکت کی، اجلاس میں DOE میل ضلع حب کی جانب سے اساتذہ کے جائز مسائل کے حل میں مبینہ تاخیر، غیر ضروری دستاویزات طلب کرنے اور اساتذہ کو دفتری امور میں الجھانے پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا، انہوں نے کہا کہ مڈل اسکولوں کے اساتذہ کے جائز مسائل کے حل میں بلاجواز رکاوٹیں پیدا کرنا اور انہیں غیر ضروری طور پر تنگ کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں، انہوں نے واضح کیا کہ اگر اساتذہ کو بلاجواز تنگ کرنے کا سلسلہ بند نہ کیا گیا تو جی ٹی اے ضلع حب کی جانب سے احتجاجی لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا، اجلاس میں ضلع حب کے قیام کو تقریباً چار سال مکمل ہونے کے باوجود جونیئر کیڈر اساتذہ کی سینارٹی لسٹ تاحال مرتب نہ ہونے پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا، انہوں نے کہا کہ سینارٹی لسٹ کی عدم تکمیل کے باعث اساتذہ میں بے چینی پائی جاتی ہے اور محکمہ تعلیم کو اس اہم معاملے کو مزید مؤخر کرنے کے بجائے فوری طور پر مکمل کرنا چاہیے، اجلاس میں ضلع لسبیلہ سے ضلع حب میں DDO کوڈز کی منتقلی کے معاملے پر بھی کہا کہ اسکولوں کے کوڈز کی مناسب منتقلی کے بجائے بعض اسکولوں میں ایکسچینج ہونے کی وجہ سے اساتذہ کو تنخواہوں میں مشکلات کا سامنا ہے، اجلاس میں کہا گیا کہ اس معاملے کا فوری جائزہ لے کر کوڈز کی درستگی یقینی بنائیں تاکہ اساتذہ کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو، اجلاس میں BSDI، PMU اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کے تحت اسکولوں میں تعمیراتی کام اور سولرائزیشن کے حوالے سے بھی تحفظات کا اظہار کیا گیا، کہا کہ یونین کونسل لوہی کے اسکولوں کو تعمیراتی وسولر منصوبوں میں نظرانداز کیا گیا ہے،

پنجاب میں سکولوں سے باہر بچوں کی شرح میں مزید اضافہ، راجن پور سر فہرست

لاہور (این این آئی) پنجاب کے مختلف اضلاع میں سکولوں سے باہر بچوں کی شرح میں مزید اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جہاں جنوبی پنجاب کے کئی اضلاع میں صورتحال صوبائی اوسط سے کہیں زیادہ ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق راجن پور میں سکولوں سے باہر بچوں کی شرح سب سے زیادہ 48 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ ڈیرہ غازی خان میں 46 فیصد، مظفر گڑھ میں 45 فیصد جبکہ رحیم یار خان میں 43 فیصد بچے سکولوں سے باہر ہیں

بابری مسجد کی جگہ بنائے گئے رام مندر میں عطیات کی چوری؛ 105 واقعات کی فوٹیج

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے شہر ایودھیا میں بابری مسجد کی بنائے گئے رام مندر کے عطیات بکس سے چوری کے 105 واقعات سی سی ٹی وی کیمروں میں ریکارڈ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سپریم کورٹ میں رام مندر میں عطیات کی مبینہ چوری سے متعلق خصوصی تحقیقاتی ٹیم کی رپورٹ پیش کی گئی۔

حب۔ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع حب کا اجلاس ضلعی صدر محمد عثمان رند کی صدارت گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول حب میں ہو رہا ہے

ضلع سکھر میں انسداد پولیو مہم، سکیورٹی ہائی الرٹ، 1400 سے زائد پولیس اہلکار تعینات

ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP, QPM کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں پولیو مہم سخت سکیورٹی حصار میں جاری ہے

سکھر (نمائندہ بولان) ضلع سکھر میں جاری انسداد پولیو مہم کے دوران پولیو ٹیموں اور ٹرانزٹ پوائنٹس کی سکیورٹی کے لیے سکھر پولیس کی جانب سے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP, QPM کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں پولیو مہم سخت سکیورٹی حصار میں جاری ہے، جبکہ پولیس افسران و اہلکار پولیو ٹیموں کو سکیورٹی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی محفوظ نقل و حرکت کو بھی یقینی بنا رہے ہیں۔ پولیس کے مطابق ضلع بھر میں ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی نگرانی میں سکھر پولیس کے 1400 سے زائد افسران و جوان انسدادِ پولیو مہم کے دوران سکیورٹی کے فرائض انجام دے رہے ہیں، جن میں 20 لیڈیز پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔ پولیو مہم کے دوران ضلع بھر میں 32 ٹرانزٹ پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں، جبکہ 1212 موبائل پولیو ٹیمیں مہم میں حصہ لے رہی ہیں۔ سکھر پولیس کے مطابق تمام موبائل اور فیلڈ پولیو ٹیمیں پولیس کی سخت سکیورٹی میں اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں۔ پولیو ورکرز کی سکیورٹی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ اپنے علاقوں میں گشت کرنے والی پولیو ٹیموں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں

سعودی ولی عہد کے فون پر امریکی فوج کی حوثیوں پر حملے کی تیاری مکمل تھی، ٹرمپ نے روک دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یمن کے حوثیوں کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی آخری مرحلے میں روک دی جبکہ حملے کے لیے اہداف منتخب اور جنگی طیاروں پر بم لادنے کی تیاری مکمل ہو چکی تھی۔ امریکی حکام کے مطابق سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے حوثیوں کے بڑھتے حملوں کے معاملے پر جمعرات کو ٹرمپ سے رابطہ کیا تھا جس کے بعد امریکی صدر نے پینٹا گون کو ممکنہ کارروائی کی تیاری کا حکم دیا تھا

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کھوہ
فون وفیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
منگل 22 ستمبر 2026، بمطابق 9 ربیع الثانی 1448ھ

محرمیوں کے خاتمے کیلئے میر علی حسن زہری کی قیادت میں پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر رہا ہوں، سردار اختر انگاریہ

حب لسبیلہ کے لوگ دہائیوں سے پسماندہ ہیں جدید ترقی اور بنیادی ضروریات یہاں کے لوگوں کا بھی حق ہے شمولیتی جلسے سے خطاب، میر علی حسن زہری کی قیادت میں وندر میں بھی ماسٹر پلان کا آغاز ہوگا، شاہنواز جاموٹ، نواز دودا، عابد انگاریہ، درخان انگاریہ، محمد دین مونڈرہ و دیگر کا جلسے سے خطاب

شریف پالاری، میر علی اکبر زہری، غلام رسول انگاریہ، جاوید جمالی، کمال حسنی، گل حسن حسنی، جان شیر بلوچ، مولابخش بزنجو، ملوک بنگلزئی، خالقداد گارزئی، ارباب گمگی، میر علی نواز زہری منظور حسین انگاریہ، فقیر عطااللہ نازش، مولیجہ لاسی، حاجی انور رونجھو، بشیر گمگی، وہاب رند، اکبر ملازئی، غلام قادر انگاریہ، ثناءاللہ انگاریہ سمیت ہزاروں افراد کی شمولیتی جلسے میں شرکت

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) وندر میں گرینڈ شمولیتی جلسہ، انگاریہ قبائل وملسلک برادریوں کے سربراہ سردار اختر جان انگاریہ نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی شمولیتی جلسہ سے چیف آف انگاریہ سردار اختر جان انگاریہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی جمہوری پارٹی اور شہیدوں کی جماعت ہے صدر آصف علی زرداری کے ترجمان میر علی حسن زہری کی قیادت میں پارٹی کافی مقبول ہے محرومیوں کے خاتمے کے لئے ہم نے میر علی حسن زہری کی زیر قیادت پیپلز پارٹی میں شمولیت کی ہے امید ہے ہمارے تمام مسائل حل ہونگے اور نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا کئے جائیں گے سردار اختر جان انگاریہ نے مزید کہا کہ لسبیلہ حب سے یہاں آنے والے ان تمام برادریوں کے لوگوں کا بے حد مشکور ہوں جو اس سفر میں ہمارے ساتھ آئے ہیں ہماری کسی سے رنجش نہیں جو ہمیں عزت دیتے رہے ہم انہیں عزت دیتے رہیں گے حب لسبیلہ کے لوگ دہائیوں سے پسماندہ ہیں جدید ترقی اور بنیادی ضروریات یہاں کے لوگوں کا بھی حق ہے۔ اسکول بس پینے کے پانی صحت روزگار جیسی بنیادی ضروریات کے متقاضی ہیں اور ہم میر علی حسن زہری کے مشکور ہیں جنہوں نے ہمیں عزت بخشی اور ہمارے مسائل کے حل کے لئے بھرپور یقین دہانی کرائی ہم بھی انہیں یقین دہانی کراتے ہیں کہ پیپلز پارٹی کا پروگرام گھر گھر پہنچائیں گے۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلہ کے صدر شاہنواز حسن جاموٹ، حاجی اظہر انگاریہ، نواز علی دودا، سردار زادہ عابد انگاریہ، عبدالرشید انگاریہ، دریاخان انگاریہ، عبدالخالد انگاریہ ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے 70 سالہ دور بھی دیکھا 40 سالہ دور بھی دیکھا ہمارے بزرگوں نے عمریں گنوا دیں ہماری عمریں بھی گزر ہیں مگر پسماندگی دور نہیں ہوئی وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے کہا کہ پیپلز پارٹی مسکینوں اور شہیدوں کی جماعت ہے پڑھے لکھے لوگوں کو میرٹ کی بنیاد پر روزگار ملنا چاہیے سردار اختر جان انگاریہ کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ نواز علی دودا نے کہا کہ میر علی حسن زہری وعدے کے پکے ہیں حب کی طرح وندر میں بھی ماسٹر پلان دیں گے۔ محمد دین مونڈرہ نے کہا کہ میر صاحب اگلا الیکشن آپکا ہے سردار اختر جان انگاریہ کے آنے سے حب لسبیلہ میں پارٹی مزید مضبوط ہوگی۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی ضلع حب کے صدر شریف پالاری، ضلعی جنرل سیکرٹری میر علی اکبر زہری، چیئرمین ضلع کونسل جاوید جمالی، وائس چیئرمین حاجی کمال خان محمد حسنی، چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی، چیئرمین گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ، پیپلز پارٹی گڈانی کے صدر میر مولابخش بزنجو، سکندر جنگ، حاجی ملوک بنگلزئی، ممتاز قانون دان غلام رسول انگاریہ، میر حبیب حسرت میروانی، یونس جکھو کے چیئرمین وڈیرہ خالق داد گارزئی، میر علی نواز زہری، جانی چنڈر، منظور حسین انگاریہ، کامریڈ امام بخش انگاریہ، جنرل سیکریٹری غلام مصطفیٰ بلوچ، صدر یوتھ ثناء انگاریہ، سابق وی سی امیر بخش بھٹانی انگاریہ، حاکم ابراہیم انگاریہ، ذوالفقار جمالی، مجاہد جمالی، کونسلر رزاق لاسی، وڈیرہ فقیر عطاء اللہ نازش، غلام قادر انگاریہ، عبدالشکور یاسین انگاریہ، کونسلر بشیر گمگی، کونسلر مولیجہ لاسی، کونسلر اکبر ملازئی، کونسلر عبدالوہاب رند، پیپلز پارٹی لسبیلہ کے سابق صدر حاجی انور رونجھو، صالح جنگ، اسحاق رکھی، نور (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

اقوام متحدہ چارٹر انسانی حقوق کی پاسداری سکھاتا ہے، اسحاق ڈار

پاکستان خطے میں امن وترقی، خوشحالی کیلئے بطور ممبر سلامتی کونسل، اقوام متحدہ کا ساتھ دیتا رہے گا، وزیر خارجہ کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے عالمی دن پر پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن عالمی برادری کے حصول انصاف اور معاشرتی ترقی میں کاوشوں کی یاد دلاتا ہے۔ یہاں سے جاری پیغام میں وزیر خارجہ نے کہا کہ اقوام متحدہ کا چارٹر ہمیں جنگ کی مخالفت کے ساتھ امن اور انسانی حقوق کی پاسداری سکھاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو یہ دن منانے کے ساتھ اسرائیل کی جانب سے فلسطین پر جاری ظلم کے خلاف فوری اقدامات کرنا ہوں گے۔

وندر۔ وندر میں منعقدہ گرینڈ شمولیتی جلسہ عام کے موقع پر اسٹیج پر پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر علی حسن زہری، سردار اختر جان انگاریہ، پیپلز پارٹی حب کے صدر شریف پالاری، چیئرمین گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ، میر مولابخش بزنجو، انجینئر سعید مینگل و دیگر بیٹھے ہوئے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر پرامن بلوچستان کے خواہاں ہیں

میر علی حسن زہری

صدر پاکستان آصف علی زرداری کے ترقیاتی وژن کے تحت اربوں روپے کی لاگت سے جیٹی، ایگریکلچر بورز، ہینڈ پمپس، فش فارمنگ کا قیام میں لا جائے گا

بلوچ بھائیوں سے گزارش ہے کہ آئیں ہم آپ کو روزگار باعزت زندگی دینے کی کوشش کریں گے، پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما کا وندر میں گرینڈ شمولیتی جلسہ سے خطاب

سونمیانی وندر (رپورٹ / مہر اللہ ابراہیم انگاریہ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وصدر آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر پرامن بلوچستان کے خواہاں ہیں انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے 30 ہزار نوکریاں دینے کی ہدایت کی ہے صدر پاکستان آصف علی زرداری کے ترقیاتی وژن کے تحت اربوں روپے کی لاگت سے جیٹی، ایگریکلچر بورز، ہینڈ پمپس، فش فارمنگ کا قیام اور نوکریاں دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز وندر میں انگاریہ قبائل کے چیف سردار اختر جان انگاریہ سمیت دیگر قبائلی عمائدین کی جانب سے گرینڈ شمولیتی جلسہ عام خطاب کرتے ہوئے کیا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ یہ حیرت کی بات ہے کہ دہائیوں کی حکومت ہو اور لوگ ہر لحاظ سے پسماندہ ہوں اب ایسا نہیں ہوگا یکساں انصاف ملے گا یہاں لوگ زمینیں الاٹ کروا رہے ہیں اسے کینسل کرائیں گے سردار اختر جان انگاریہ کی شمولیت سے جو طاقت اور عزت ملی وہ کبھی نہیں بھولوں گا ان کی درخواست پر اسکول کے بچوں کے لئے بس 15 دن میں فراہم کر دی جائے گی۔ اربوں روپے لاگت سے لسبیلہ کینال تعمیر ہوگی صدر صاحب نے یہاں ڈیم دیا، انہوں نے کہا کہ سیاست میں آنا جانا لگا رہتا ہے یہ بھی ہوسکتا ہے جلد آپ دیکھیں بھوتانی بھی پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلے انہوں نے کہا کہ شائستہ سیاست کا حامی ہوں لیکن جلد ویجی جا کر وہاں بھوتانی برادران سے سوال کروں گا کہ آپ لوگ حکومت سے جو اربوں روپے جو لائے وہ کہاں خرچ کیئے وہ جاتے ہیں میں دریجی تا جاؤں لیکن ضرور جاؤں گا بلوچ بھائیوں سے گزارش ہے کہ آئیں ہم آپ کو روزگار باعزت زندگی دینے کی کوشش کریں گے، ہم نے یہاں دو کروڑ 60 لاکھ روپے کی لاگت سے 4 اسکول تعمیر کروائے، نوید مونڈرہ کو حلقے کے لئے 9 کروڑ کی اسکیمات دیں مختلف علاقوں میں پہلے ہی ہوم سولر دے چکا ہوں انہوں نے مزید کہا کہ صدر آصف علی زرداری میانی ہور میں گوادر پورٹ کی طرز پر پورٹ بنانے کے خواہاں ہیں، وندر میں 18 اسکولوں میں سولر سسٹم لگایا جبکہ وندر میں پارٹی آفس کا بھی جلد قیام عمل میں لایا جائے گا علاوہ ازیں انگاریہ قبائل وملسلک برادریوں کے سربراہ سردار اختر جان انگاریہ نے مختلف قبائل سے تعلق رکھنے والے معززین کے ہمراہ سینکڑوں ساتھیوں سمیت میر علی حسن زہری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی علاوہ ازیں ان کا وندر بازار پہنچنے سے پہلے پرتپاک استقبال کیا گیا اور ریلی کی شکل میں جلسہ گاہ پہنچایا گیا۔

وندر۔ پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر علی حسن زہری اور سردار اختر انگاریہ وندر میں منعقدہ گرینڈ شمولیتی جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

فلپائن میں طوفان ٹرامی سے 14 افراد ہلاک، ہزاروں بے گھر

طوفان مغرب کی طرف کرڈیلیرا کے شمالی پہاڑی سلسلے سے بحیرہ جنوبی چین کی طرف بڑھ رہا ہے، فلپائنی محکمہ موسمیات

حکومت نے شدید بارشوں اور سیلاب کے خدشے کے پیش نظر طوفان کی ممکنہ زد میں آنے والے علاقوں میں تعلیمی ادارے اور کاروبار بند کرنے کا حکم دیا ہے

منیلا (جی این ایم) فلپائن کے شمال مشرقی ساحل سے سمندری طوفان ٹرامی ٹکرا گیا جس کے نتیجے میں ہونے والی لینڈ سلائیڈنگ کی زد میں آ کر کم از کم 26 افراد ہلاک جبکہ ڈیڑھ لاکھ سے زائد افراد محفوظ مقامات پر نقل مکانی پر مجبور ہوگئے۔ غیرملکی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق فلپائن کے حکام کا کہنا ہے کہ سمندری طوفان کے باعث لوزون کے مرکزی جزیرے پر موسلا دھار بارشیں ہوئیں جو بڑے پیمانے پر سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ بنیں محکمہ موسمیات کے مطابق 95 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلنے والی تیز ہواؤں کے ساتھ یہ طوفان مغرب کی طرف کرڈیلیرا کے شمالی پہاڑی سلسلے سے بحیرہ جنوبی چین کی طرف بڑھ رہا ہے فلپائنی محکمہ موسمیات نے چند شمالی صوبوں میں شدید بارشوں، سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور طوفانی لہروں کے حوالے سے انتباہ جاری کر دیا ہے حکام کا کہنا ہے کہ گزشتہ چند روز کے دوران طوفان کے نتیجے میں ناگا شہر سمیت وسطی بیکول کے خطے میں 14 اموات ہوئی ہیں زیادہ تر افراد پانی میں ڈوبنے اور لینڈ سلائیڈنگ سے لقمہ اجل بنے۔ ٹرامی طوفان صوبہ اسابیلا کے شمال مشرقی قصبے دیولاکان سے ٹکرایا، تاہم شہر کے ڈیزاسٹر چیف ایزیکیل شاویز کا کہنا ہے کہ کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی حکومت نے شدید بارشوں اور سیلاب کے خدشے کے پیش نظر طوفان کی ممکنہ زد میں آنے والے علاقوں میں تعلیمی ادارے اور کاروبار بند کرنے کا حکم دیا ہے شہری دفاع کے دفتر کا کہنا ہے کہ ایک لاکھ 63 ہزار سے زائد افراد محفوظ مقامات پر منتقل ہو چکے ہیں جن میں سے زیادہ تر بیکول کے رہائشی ہیں سول ایوی ایشن ریگولیٹر کا کہنا ہے کہ طوفان کے سبب سے ملک بھر میں کم از کم ایک درجن پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں جبکہ مرکزی بینک نے مسلسل دوسرے روز فارن ایکسچینج ٹریڈنگ اور مانیٹری آپریشنز کو منسوخ کر دیا

کراچی میں ٹریفک حادثات میں اضافے کی سب سے بڑی وجہ تیز رفتاری ہے، ناصر حسین شاہ

روڈ سیفٹی کانفرنس کا یوتھ پارلیمنٹ اور محکمہ کھیل وامور نوجوانان، حکومت سندھ کے اشتراک سے انعقاد

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ کراچی میں ٹریفک حادثات میں اضافے کی سب سے بڑی وجہ تیز رفتاری ہے۔ وہ یوتھ پارلیمنٹ اور محکمہ کھیل وامور نوجوانان، حکومت سندھ کے اشتراک سے منعقدہ روڈ سیفٹی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شعور، قانون پر عمل درآمد، اور نوجوانوں کی شمولیت سے ہی ہم اس خطرناک رجحان پر قابو پا سکتے ہیں۔ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت نے قانون سازی کے ذریعے صوبے کے تمام ہسپتالوں کو پابند کیا ہے، سڑکوں پر حادثات کا شکار زخمیوں کی جانیں بچانے اور فرسٹ ایڈ فراہم کرنے کیلئے فوری اقدامات کیئے جائیں۔ اس کے ساتھ ہی زخمیوں کو لانے والوں کے ساتھ اخلاق سے پیش آیا جائے اور انہیں بلاوجہ تنگ یا پریشان نہ کیا جائے اور کسی بھی صورت میں انہیں ہراساں نہ کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی ہوٹل میں منعقدہ پانچویں روڈ سیفٹی کانفرنس کے موقع پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے اپنے خطاب میں کیا۔ روڈ سیفٹی کانفرنس کا انعقاد کراچی کے مقامی ہوٹل میں کیا گیا جس میں ابتدائی کلمات میں چیئرمین یوتھ پارلیمنٹ رضوان جعفر نے کانفرنس کے موضوع کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کراچی میں ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح اموات پر تشویش کا اظہار کیا۔

کرک، دومختلف حادثات میں 3 افراد جاں بحق، خواتین سمیت 8 زخمی

کوہاٹ (این این آئی) کرک کی حدود میں انڈس ہائی وے پر سڑک کے دو مختلف حادثات میں 3 افراد جاں بحق اور خواتین سمیت 8 دیگر زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں ایک ہی خاندان کے کئی افراد بھی شامل ہیں۔ مقامی ذرائع اور ریسکیو 1122 کے مطابق پیر کے روز کرک کی تحصیل تخت نصرتی کے علاقہ حامدان چوک میں انڈس ہائی پر مسافر بس اور فلائنگ کوچ کے مابین حادثے کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق اور 8 دیگر زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی میڈیکل ٹیم نے پہنچ کر جاں بحق کی لاش اور زخمیوں کو ابتدائی مرہم پٹی کے بعد ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کرک منتقل کر دیا

لاہور، شہری دھوپ سے بچنے کیلئے عینک خرید رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، ڈکیتی کی بڑی واردات، مسلح ڈاکو ایک شخص سے اٹھارہ لاکھ روپے نقدی چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں دن دھاڑے پولیس لائن کے قریب ڈکیتی کی بڑی واردات مسلح ڈاکو ایک شخص سے اٹھارہ لاکھ روپے نقدی چھین کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں ڈاکو راج برقرار سوموار کے روز دن دھاڑے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر پولیس لائن کے قریب نیازی ولد رستم سولنگی سے اٹھارہ لاکھ روپے نقدی چھین کر باآسانی فرار ہوگئے پولیس کے مطابق نیازی نے مقامی بینک سے رقم نکلوا کر لانگو محلہ گھر کی جانب جا رہا تھا ملزمان ان کا تعاقب کرتے ہوئے پولیس لائن کے قریب انسے رقم چھین کر فرار ہوئے

سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام، وزیر بلدیات کی سربراہی میں سٹیئرنگ کمیٹی قائم

معاون خصوصی ذیشان ملک، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور دیگر بطور ممبر کمیٹی میں شامل

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام کی نگرانی کے لئے وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی سربراہی میں سٹیئرنگ کمیٹی قائم کر دی ہے۔ وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی ذیشان ملک، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور دیگر بطور ممبر شامل کیے گئے ہیں۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (پی ایم ڈی ایف سی) کا دورہ کر کے پروگرام میں پیشرفت کا جائزہ لیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور ایڈیشنل سیکرٹری احمر سہیل کیفی بھی موجود تھے۔ پی ایم ڈی ایف سی کے ایم ڈی سید زاہد عزیز نے چیف منسٹر سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام پر بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ پنجاب کے 35 اضلاع کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں ترقیاتی کاموں کے لئے سروے مکمل کیا جا چکا ہے۔ یہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی حکومت کا ایک اور میگا پراجیکٹ ہے جس کے تحت شہری علاقوں میں سیوریج، ڈرینج، بارانی پانی کے ذخیرے، پارکس اور گلیوں کی تعمیر و مرمت کے منصوبے مکمل کئے جائیں گے جبکہ ڈرینج کے نظام کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز صوبے کی یکساں ترقی کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ پہلے مرحلے میں 59، دوسرے میں 110 شہروں کی اپ گریڈیشن ہوگی۔

سانگلہ ہل، ہماری تہذیب کی پوری عمارت ماں کی تعظیم اور اطاعت پر قائم ہے، گلشان اختر

ماں کی عظمت سے کوئی بھی انسان، دین، مذہب، قوم اور فرقہ انکار نہیں کرسکتا، مدرڈے پر خطاب

ننکانہ صاحب (این این آئی) انجمن ترقی نسواں کی صدر محترمہ گلشان اختر نے کہا ہے کہ ماں جیسے عظیم رشتے کا کوئی نعم البدل نہیں، ماں سچے جذبے اور صادق رشتے کا نام ہے، ماں ایک ایسا رشتہ اور ایک ایسا تعلق جس سے محبت کسی دن کی محتاج نہیں ہے، ماں جیسی ہستی اس دنیا میں سب سے بڑی نعمت ہے، ماں سے محبت کو ایک دن کے لیے مخصوص نہیں کیا جا سکتا، ماں سے محبت گود سے لے کر تا قیامت ہے، وہ انجمن ہذا کے زیر اہتمام چلڈرن اکیڈمک سنٹر میں مدرڈے پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی تھیں، اس موقعہ پر کرن شہزادی، ادیبہ شہباز، صبیحہ افتخار اور عطیہ نورین نے بھی خطاب کیا، محترمہ گلشان اختر نے کہا کہ ہماری تہذیب کی پوری عمارت ماں کی تعظیم اور اطاعت پر قائم ہے، ماں کی گود میں گزرے حسین ترین لمحات دنیا کے قیمتی ترین بستر پر بھی نصیب نہیں ہوتے، ماں کی دعا انسان کو فرش سے عرش تک لے جاتی ہے، ماں کی دعاں سے ہر مشکل کی گھڑی، صعوبت اور مشقت آسان ہو جاتی ہے، انہوں نے کہا کہ ماں کی عظمت سے کوئی بھی انسان، دین، مذہب، قوم اور فرقہ انکار نہیں کرسکتا، ماں وہ عظمت اور نعمت ہے جس کا دنیا میں کوئی متبادل نہیں ہے، کرن شہزادی نے کہا کہ ماں اولاد کیلئے رہبر، کامیابی کا زینہ اور نیک خواہشات کا سرچشمہ ہے، ماں جیسی عظیم ہستی کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے جو کچھ کیا جائے وہ کم ہے

بھارت جارحانہ کارروائیوں سے باز نہ آیا تو پاکستان کی طرف سے کوئی گارنٹی نہیں

حافظ نعیم الرحمان

مسئلہ کشمیر پر کسی کمزوری کا مظاہرہ کیے بغیر اس کے لیے ہر محاذ پر کوششیں تیز کی جائیں

قوم کشمیر پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کرے گی، سندھ طاس معاہدہ پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے' سکھ وفد سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ بھارت جارحانہ کارروائیوں سے باز نہ آیا تو پاکستان کی طرف سے کوئی گارنٹی نہیں، قوم کشمیر پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کرے گی، مسئلہ کشمیر پر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق پیش رفت ہونی چاہیے، سندھ طاس معاہدہ پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ اسلام آباد میں پرتاب سنگھ کی قیادت میں سکھ برادری کے وفد نے امیر جماعت سے ملاقات کی۔ وفد سے بات چیت کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پوری قوم ملک کی حفاظت اور سلامتی کے لیے متحد اور یکسو ہے۔ قوم نے وطن کی حفاظت کے لیے تمام سیاسی اختلافات بھلا دیئے، یہ ایک نیک شگون ہے۔ حکومت اب ذمہ داری کا مظاہرہ کرے اور اس اتحاد کو برقرار رکھنے کے لیے فوری اور مناسب اقدامات اٹھائے۔ امیر جماعت نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے خلاف پاکستان کو بڑی کامیابی ملی ہے۔ مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے کوئی کردار ادا کرنا چاہتا ہے تو بظاہر اس میں مضائقہ نہیں مگر حکمران کسی دھوکے کا شکار ہوئے بغیر مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کے اقدام کے لیے بات چیت کریں۔ کسی عالمی رہنما کے محض بیان پر حکمرانوں کا پھولے نہ سمانا ناقابل فہم ہے۔ مسئلہ کشمیر پر کسی کمزوری کا مظاہرہ کیے بغیر اس کے لیے ہر محاذ پر کوششیں تیز کی جائیں۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، کشمیر کے عوام کو حق خودارادیت ملنا چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ بھارت اپنے ذرائع ابلاغ کے زہریلے اور منفی پروپیگنڈے کی وجہ سے دنیا میں بے نقاب و ناقابل اعتبار ہوگیا ہے۔ حکومت ہندوتوا نظریے کے پیروکاروں کا اصل چہرہ پوری دنیا کو دکھائے۔ اقوام عالم کو بتایا جائے کہ مودی حکومت کے جنونی نظریات کی وجہ سے پورے جنوبی ایشیا کے امن کو خطرہ لاحق ہے

فتح جنگ کے موٹروے پر بس حادثہ 10 مسافر جاں بحق 17 شدید زخمی

قومی شاہراہ مورو تین میل اسٹاپ کے مقام پر بارات کی وین مبینہ ٹرک میں جا گھسی

واقع کی اطلاع پر اہلے علاقہ اور مقامی پولیس نے پہنچ کر زخمیوں اور لاشوں کو گاڑی سے نکال کر ایمبولینس کے ذریعے مورو اسپتال منتقل کر دیا

نوشہروفیروز (این این آئی) قومی شاہراہ مورو تین میل اسٹاپ کے مقام پر بارات کی وین مبینہ ٹرک میں جا گھسی، دو خواتین بچوں سمیت 8 افراد جاں بحق 15 شدید زخمی ہوگئے، جن میں سے پانچ کی حالت تشویشناک ہے، شادی کے گھر میں صف ماتم بچھ گئی، ایک ہی خاندان کے آٹھ جنازے اٹھنے پر پورا گاؤں اشکبار ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق قومی شاہراہ مورو کے قریب تین میل اسٹاپ کے مقام پر حیدرآباد شادی تقریب سے واپسی جانے والی ڈم وین مبینہ آگے جانے والے ٹرک میں جا گھسی جس کے نتیجہ میں دو خواتین بچوں سمیت آٹھ افراد جاں بحق ہو گئے، ڈوم وین مکمل تباہ ہو گئی، جبکہ المناک حادثہ کے بعد ٹرک ڈرائیور گاڑی چھوڑ کر موقع سے فرار ہو گیا، واقع کی اطلاع پر اہلے علاقہ اور مقامی پولیس نے پہنچ کر زخمیوں اور لاشوں کو گاڑی سے نکال کر ایمبولینس کے ذریعے مورو اسپتال منتقل کر دیا جہاں پانچ سے زائد شدید زخمیوں کو تشویشناک حالت میں نوابشاہ اسپتال منتقل کر دیا گیا، آٹھ جاں بحق افراد میں علی محمد تگر، ظہیر تگر، مولابخش تگر، سالار تگر، فضا تگر، مسمات شریفاں تگر، جلال تگر دیگر شامل ہیں جبکہ زخمیوں میں عبدالستار، امجد، مسمات خالدہ، مسمات رضوانہ، نویدہ، فرحانہ، ثناءاللہ، نصرت، نور احمد، مسمات نسرین، مسمات بلقیس، فرازنہ، مسمات شہناز، ریحانہ، انیلا، ایم شریف سمیت دیگر شامل ہیں، پولیس زرائع کے مطابق حادثہ الصبح دھند کے باعث پیش آیا یہ بدنصیب خاندان نوشہروفیروز کے مشہور ڈاکٹر محمد پریل تگر کے بیٹے عبدالجبار تگر کی شادی سے واپسی نوشہروفیروز آتے ہوئے پیش آیا، ضروری کاروائی کے بعد آٹھ افراد کی لاشیں ورثہ کے حوالے کر دی گئی ہیں ایک ہی خاندان سے آٹھ جنازے اٹھنے پر کہرام مچ گیا المناک حادثہ پر ہر آنکھ اشکبار ہوگئی اور شادی کے گھر میں صف ماتم بچھ گئی

قصور، بھارتی جارحیت میں شہید پاکستانیوں کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کر دی گئی

پاکستان کی سلامتی، بقا کیلئے ہر طرح کی قربانی دینے والے ہمارے بہادر سپاہی قوم کے ہیرو ہیں، سپیکر پنجاب اسمبلی

قصور (این این آئی) بھارتی جارحیت کے دوران شہید ہونے والے پاکستان کے بہادر سپاہیوں اور معصوم شہریوں کی غائبانہ نماز جنازہ ضلع قصور کے علاقے کھڈیاں خاص میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، وفاقی وزیر مملکت ملک رشید احمد خان، اور رکنِ صوبائی اسمبلی ملک سعید احمد خان نے بھی شرکت کی۔ نماز جنازہ کا انعقاد کھڈیاں خاص کے ہائی سکول میں کیا گیا، جہاں پاک افواج اور قوم کے شہدا کے ایصالِ ثواب کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ اس موقع پر اعلیٰ فوجی افسران، بیوروکریٹس اور پولیس افسران سمیت ہزاروں شہری بھی موجود تھے۔ غائبانہ نماز جنازہ کے بعد پاکستانی قوم کی یکجہتی اور شہدا کے اہل خانہ کے ساتھ اظہارِ تعزیت کا پیغام دیا گیا اور اس موقع پر ملکی سلامتی اور امن کے لیے دعائیں بھی کی گئیں

گورنر خیبر پختونخوا کی پشاور رنگ روڈ دھماکہ میں شہید پولیس اہلکاروں کے لواحقین سے تعزیت

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پشاور رنگ روڈ دھماکہ میں شہید پولیس اہلکاروں کی رہائشگاہوں کا پیر کے روز دورہ کیا اور شہید اے ایس آئی لائق زادہ اور شہید کانسٹیبل عالم زیب کے لواحقین سے انکی رہائشگاہوں پر تعزیت کا اظہار کیا

پاکستان کو 5 گنا بڑی فوج پر فتح مبین ملی، مفتی تقی عثمانی

1965 میں بزدل دشمن کو شکست دی تھی اور آج بھی ہم سرخرو ہوئے، معروف عالم دین

کراچی (این این آئی) معروف عالم دین مفتی تقی عثمانی نے کہا ہے کہ پاکستان کو 5 گنا بڑی فوج پر فتح مبین ملی ہے، ہم اللہ کے شکر گزار ہیں کہ اس نے ہماری لاج رکھی۔ کراچی میں کانفرنس سے خطاب میں مفتی تقی عثمانی نے کہا کہ آج ہماری افواج نے ہمیں ایک بار پھر خوشی کا دن دکھایا ہے، پاکستان کا ہر فرد خوشی کے جذبات سے لبریز ہے۔ انہوں نے کہا کہ فتح عظیم پر شکر ادا کرنے کیلئے مزار قائد کے پہلو میں جمع ہیں، مسلمانوں کی فتح ونصرت کی خبر کیلئے کان بے تاب رہتے تھے۔ مفتی تقی عثمانی نے کہا کہ پاکستان کی افواج نے ساری دنیا میں اپنی برتری کا سکہ جمایا،

وزیراعلیٰ پنجاب غازیوں کی عیادت کیلئے سی ایم ایچ ہسپتال پہنچ گئیں

بھارتی جارحیت کے دوران زخمی افسروں اور جوانوں سے ملاقات اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف غازیوں کی عیادت کیلئے سی ایم ایچ ہسپتال پہنچ گئیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بھارتی جارحیت کے دوران زخمی افسروں اور جوانوں سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سرجیکل وارڈ میں زیر علاج غازی افسروں اور جوانوں سے بات چیت کی اور مزاج پرسی کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زخمی افسروں اور جوانوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے غازی افسروں اور جوانوں کی ہمت اور حوصلے کو سراہا ہے

مسیحی برادری کی جانب سے جی ٹی روڈ پر پاک فوج کے حق میں مظاہرہ

مریدکے (این این آئی) سینٹری ورکرز یونین میونسپل کارپوریشن مریدکے کی صدر عنائت مسیح اور شاہین لیبر یونین کے صدر ساجن چوہان مسیح کی قیادت میں مسیحی برادری کے سینکڑوں کارکنوں نے مریدکے جی ٹی روڈ پر پاک فوج کے حق میں مظاہرہ کیا اور پاکستان زندہ باد پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے۔ اس موقع پر عنائت بی بی مسیح اور ساجن چوہان کا کہنا تھا

بارکھان، ایس ایس پی سعد آفریدی ٹریفک قوانین کا جائزہ لے رہے ہیں

ہائیکورٹ نے اسپیشل جوڈیشل الاؤنس روکنے کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اسپیشل جوڈیشل الاؤنس روکنے کے خلاف دائر درخواست پر دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جسٹس شمس محمود مرزا نے درخواست پر سماعت کی۔

پاک بھارت جنگ کے بعد فضائی آپریشن معمول پر آنا شروع

ملکی وغیر ملکی ایئر لائنز کی شیڈول کے مطابق روانگی اور آمد ہو رہی ہے

کراچی (این این آئی) پاک بھارت جنگ کے بعد فضائی آپریشن معمول پر آنا شروع ہوگیا اور پاکستان کے تمام ایئرپورٹ پر معمول کے مطابق آپریشن بحال ہے۔ ملکی وغیر ملکی ایئر لائنز کی شیڈول کے مطابق روانگی اور آمد ہو رہی ہے۔ متحدہ عرب امارات کے فلائٹس نے بھی پاکستان کے لیے آپریشن کا آغاز کر دیا جبکہ سعودی ایئرلائن کے پاکستان کے لیے آپریشن کل سے بحالی متوقع ہے۔ ایئرپورٹ حکام کے مطابق لاہور، سیالکوٹ، کراچی، پشاور اور اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر تمام آپریشنز معمول کے مطابق ہیں

صوبہ بھر کے صارفین کیلئے ای کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ

مجوزہ اتھارٹی جعلی اشتہارات، صارفین سے دھوکہ دہی اور قوانین کے برخلاف اقدامات پر ایکشن لے سکے گی

لاہور (این این آئی) صارفین کے حقوق کا تحفظ، ہماری ذمہ داری۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کنزیومر پروٹیکشن کونسل کی از سر نو تنظیم بارے سیکرٹری پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت اجلاس ہوا، ڈائریکٹر کنزیومر پروٹیکشن کونسل عمران قریشی نے ادارے کے قیام، قوانین بارے سفارشات اور دائرہ کار بڑھانے پر تفصیلی بریفنگ دی، اجلاس میں صوبہ بھر کے صارفین کیلئے ای کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، بریفنگ میں بتایا گیا کہ مجوزہ اتھارٹی جعلی اشتہارات، صارفین سے دھوکہ دہی اور قوانین کے برخلاف اقدامات پر ایکشن لے سکے گی، اس موقع پر سیکرٹری پرائس کنٹرول کا کہنا تھا کہ عوامی آگاہی، آن لائن ایپلی کیشن اور ہیلپ لائن کے ذریعے شکایات کا اندراج کروایا جاسکے گا، اتھارٹی کے زیر انتظام مجوزہ ٹائم لائن میں صارف کی شکایات کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد فیصلہ کیا جائے گا،

نارووال، 7 ڈکیتوں، 6 ناجائز اسلحہ ہولڈرز سمیت 14 ملزمان گرفتار

نارووال (این این آئی) ڈی پی او نارووال کی سربراہی میں پولیس نے سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 07 ڈکیتوں اور 06 ناجائز اسلحہ ہولڈرز سمیت 14 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 580 گرام چرس، 09 پسٹل، رائفل 223 بور، ریوالور 32 بور اور مال مسروقہ

بھارتی وزیراعظم قوم سے خطاب کے دوران آف کلر نظر آئے

مودی نے پہلگام واقعے کو ظلم قرار دیا اور پاکستان پر بے بنیاد الزامات کو دہرایا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے قوم سے خطاب کیا، جس کے دوران وہ آف کلر نظر آئے۔ نریندر مودی نے اپنے خطاب میں پہلگام واقعے کو ظلم قرار دیا اور پاکستان پر بے بنیاد الزامات کو دہرایا۔ بھارتی وزیراعظم نے کہا کہ نیو نارمل یہ ہے کہ بھارت خود پر حملے کا فوری جواب دے گا، پانی اور خون ساتھ نہیں بہہ سکتے، تجارت، مذاکرات اور دہشتگردی ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان سے مذاکرات ہوئے تو دہشت گردی کے خاتمے پر ہوں گے اور کشمیر پر بات ہوگی

پاک بھارت کشیدگی، کابل کی پرامن مغربی سرحد کی یقین دہانی

محمد صادق کی چینی ہم منصب کیساتھ افغان وزیر داخلہ، وزیر تجارت سے ملاقاتیں

کابل (این این آئی) پاک بھارت کشیدگی کے دوران خصوصی نمائندہ برائے افغانستان محمد صادق پرامن مغربی سرحد کی یقین دہانی حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ غیر اعلامیہ پیش رفت محمد صادق کی چینی ہم منصب کے ہمراہ کابل میں علاقائی روابط مضبوط بنانے اور سی پیک منصوبے کی افغانستان تک توسیع پر بات چیت کے دوران ہوئی۔ ذرائع کے مطابق افغان وزیر خارجہ امیر متقی نے پانچویں سہ فریقی اجلاس میں پاک بھارت کشیدگی کے دوران اسلام آباد کی غیر متزلزل حمایت کی یقین دہانی کرائی۔ بعد ازاں افغان وزیر داخلہ خلیفہ سراج الدین حقانی نے محمد صادق اور چینی نمائندے کیساتھ وفود سمیت ملاقات کی، افغان وزیر داخلہ نے پاک بھارت کشیدگی کے دوران پرامن مغربی بارڈر کی یقینی دہانی کرائی، مضبوط علاقائی روابط کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا

تربت، چیئرمین میونسپل کارپوریشن تربت بلخ شیر قاضی گورنمنٹ مڈل اسکول کے مختلف حصوں کا معائنہ اور دورہ کر رہے ہیں

صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ سول ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan روزنامہ بولان حب بلوچستان

موبائل حب : 0336-6113760
فون حب : 0853-310202
فیکس حب : 0853-310202
موبائل کوئٹہ : 0300-8380280
موبائل اسلام آباد : 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

تحریک انصاف کے اندرونی اختلافات

علیمہ خان اس وقت کے پی کے مختلف اضلاع کے دورے پر ہیں جہاں وہ ان ناراض کارکنوں سے مل رہی ہیں جو تحریک انصاف کی کے پی حکومت بالخصوص وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور سے ناراض ہیں۔ ویسے علیمہ خان اور علی امین گنڈا پور کے اختلافات کوئی نئے نہیں ہیں۔ کئی ماہ پہلے بھی ایک ٹوئٹر اسپیس کی آڈیو آئی تھی جس میں گنڈا پور اور علیمہ خان کے درمیان احتجاج کے ایشو پر سخت بحث ہو رہی تھی۔

علیمہ خان فوری احتجاج شروع کرنے کا کہہ رہی تھیں جب کہ گنڈا پور کا موقف تھا کہ جب تک عمران خان نہیں کہیں گے ہم احتجاج نہیں کریں گے۔ علیمہ خان کا موقف تھا کہ بانی تحریک انصاف اپنی ذات کے لیے احتجاج کرنے کا نہیں کہیں گے بلکہ ہمیں خود احتجاج کرنا ہوگا۔ گنڈا پور کا موقف تھا کہ اب اگر احتجاج کرنا ہوگا تو کفن سر پر باندھ کر نکلنا ہوگا۔ کوئی آسان احتجاج نہیں ہوگا۔ اس لیے جب تک بانی تحریک انصاف نہیں کہیں گے ہم شروع نہیں کریں گے۔ یہ بحث خاصی تند و تیز تھی۔

علیمہ خان نے اس سے پہلے بھی کئی بار ایسے بیان دیے ہیں انھوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی بھی احتجاج کے لیے نہیں نکلے گا تو ہم اکیلے نکلیں گے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ وہ اور ان کے گھر والے اکیلے ہی اڈیالہ کے باہر دھرنے پر بیٹھ جائیں گے۔

چاہے ان کے ساتھ کوئی بھی نہ بیٹھے۔ اس لیے ایسا نہیں کہ احتجاجی سیاست کے لیے علیمہ خان پہلی دفعہ بات کر رہی ہیں۔ ان کا شروع سے موقف ہے کہ بانی تحریک انصاف کو جیل سے باہر نکالنے کے لیے تحریک انصاف کو ایک موثر احتجاجی تحریک چلانا ہوگی۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ان سے تحریک انصاف کی لیڈر شپ متفق نہیں ہے۔ وہاں کسی بڑی تحریک کے لیے ابھی کوئی ماحول نہیں ہے۔ وہاں سنبھل کر چلنے کی بات ہے۔ وہاں نو مئی کا خوف ہے اور یہ سوچ مضبوط ہے کہ تحریک انصاف کسی نئے نو مئی جیسے احتجاج کی متحمل نہیں ہوسکتی۔

اب اسلام آباد کے جلسے کے ملتوی ہونے سے ماحول گرم ہوا ہے۔ 21 اگست کو تحریک انصاف نے اسلام آباد میں جلسہ کا اعلان کیا ہوا تھا۔ لیکن اب کہانی سب کے سامنے ہے۔ ویسے تو اعظم سواتی صبح سات بجے بانی تحریک انصاف کو جیل میں ملے اور جلسہ کے ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ لیکن اصل کہانی یہ ہے کہ گنڈا پور نے رات کو جیل میں ٹیلی فون پر عمران خان کو جلسہ ملتوی کرنے پر راضی کیا۔ اور پھر صبح اعظم سواتی ملے۔ اعظم سواتی کے ملنے سے پہلے ہی جلسہ ملتوی ہونے کا فیصلہ ہو چکا تھا۔ وہ صرف اعلان کرنے کا بہانہ بنانے کے لیے گئے۔

اس کے بعد علیمہ خان کی پھر آڈیو آئی جس میں انھوں نے کہا کہ جلسہ اسٹیبلشمنٹ نے اپنے بندوں کے ذریعے ملتوی کروایا ہے۔ انھوں نے پھر علی امین گنڈا پور پر چڑھائی کی اور کہا کہ یہ سب اسٹیبلشمنٹ سے ملے ہوئے ہیں۔ ان کے یہ ریمارکس تحریک انصاف کی موجودہ قیادت میں کچھ خاص پسند نہیں کیے گئے۔ لیکن چونکہ وہ بانی تحریک انصاف عمران خان کی بہن ہیں اس لیے کسی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ لیکن تحریک انصاف کے سوشل میڈیا ٹرولز نے گنڈا پور کی بہت دھلائی کی اب تحریک انصاف کی سوشل میڈیا میں یہ عام گفتگو ہے کہ گنڈا پور اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ملے ہوئے ہیں۔ اور ان کی مرضی سے حکومت کر رہے ہیں۔

اس وقت علیمہ خان پہلی دفعہ پارٹی کارکنوں کے گھر جا رہی ہیں۔ ان کی بات سن رہی ہیں۔ پارٹی کارکن ان کو مل رہا ہے اور ان سے بات کر رہا ہے۔ ویسے تو تحریک انصاف کی قیادت کا موقف ہے کہ علیمہ خان کے پاس تحریک انصاف کا کوئی عہدہ نہیں ہے۔ اس لیے وہ تحریک انصاف کے تنظیمی معاملات میں کوئی دخل اندازی نہیں کر سکتیں۔ لیکن انھوں نے تو براہ راست کارکنوں سے رابطے شروع کر دیے ہیں وہ ان کے گھر جا رہی ہیں۔ اور کارکنوں کے گھر جانے کے لیے انھیں کسی عہدہ کی بھی ضرورت نہیں۔ آپ بغیر کسی عہدہ کے بھی کسی بھی کارکن کے گھر جا سکتے ہیں۔ میڈیا ان کے بیانات کو بہت اہمیت دے رہا ہے۔ میڈیا میں بات کرنے کے لیے بھی انھیں کسی عہدہ کی ضرورت نہیں۔ وہ عمران خان کی بہن ہیں اور یہ میڈیا اور کارکنوں کے لیے کافی ہے۔

اب سوال پیدا ہو گیا ہے کہ کیا علیمہ خان تحریک انصاف کی قیادت کی بھی امیدوار ہیں۔ ایسے میں ان کی اور رف حسن کی چیٹ بھی لیک ہوئی ہے۔ بشریٰ بی بی اور علیمہ خان کے اختلافات کی خبریں بھی نئی نہیں ہیں۔ اس حوالے سے ایک آڈیو پہلے بھی آچکی ہے۔ ایسے میں سوال پیدا ہو رہا ہے کہ کیا بشریٰ بی بی اور علیمہ خان کے درمیان روایتی نند بھاوج کے اختلافات ہیں یا یہ قیادت کے اختلافات ہیں۔ اب تو یہ بات طے ہے کہ بشریٰ بی بی بھی مکمل سیاسی خاتون ہیں اور تمام سیاسی معاملات میں مکمل حصہ لیتی ہیں۔ کیا قیادت کے ایشو پر بشریٰ بی بی اور علیمہ خان کے درمیان چپقلش شروع ہے؟

محترمہ علیمہ خان چاہتی تو پنجاب کے دورے پر بھی نکل سکتی تھیں۔ پنجاب میں تحریک انصاف کی کوئی قیادت بھی موجود نہیں ہے۔ پنجاب کے کارکن کے پی کے کارکن کی نسبت زیادہ لاوارث ہیں۔ میاں اسلم اقبال مفرور ہیں۔ حماد اظہر استعفیٰ دے چکے ہیں۔ لیکن وہ پنجاب کو چھوڑ کر کے پی گئی ہیں۔ شاید کے پی میں گرفتاری کا کوئی خوف نہیں۔ آپ گنڈا پور کی جتنی مرضی مخالفت کریں لیکن وہ علیمہ خان کو گرفتار نہیں کر سکتے۔ جب کہ پنجاب میں تو فوری گرفتاری کا ڈر بھی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا بانی تحریک انصاف علیمہ خان کو روک دیں گے۔ انھوں نے پہلے بھی انھیں روکا ہے۔ لیکن یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ بانی تحریک انصاف کو اپنی سیاسی جماعت میں باہمی اختلاف اور لڑائیاں پسند ہیں۔ کیا وہ اپنی بہن کو گنڈا پور کو چیلنج کرنے دیں گے۔ جیسے وہ شاہ محمود اور جہانگیر ترین کی لڑائی انجوائے کرتے تھے۔

فلسطینیوں کی نسل کشی

تحریر: عجب خان

سات اکتوبر سے قبل اسرائیل میں زراعت اور تعمیراتی صنعت کو مقبوضہ مغربی کنارے اور غزہ کے ایک لاکھ ساٹھ ہزار فلسطینی کارکنوں اور مزدوروں کی شکل میں سستی لیبر میسر تھی۔ ان کی تنخواہوں سے فلسطینی اتھارٹی کا بیس فیصد بجٹ پورا ہوتا تھا۔ بلکہ دو ہزار بائیس میں تو اسرائیلی معیشت میں کام کرنے والے فلسطینی کارکنوں اور خلیجی ریاستوں میں مقیم ورکرز نے تین ارب ڈالر سے زائد رقم اپنے گھروں کو بھیجی۔ یہ رقم فلسطینی اتھارٹی کے سالانہ بجٹ کے دو تہائی کے برابر تھی۔

فلسطینیوں کی اپنی کوئی کرنسی نہیں۔ ان کا کاروبار اور زرِ مبادلہ کی ترسیل اسرائیلی کرنسی شیکل میں ہوتی ہے۔ گزشتہ برس فلسطینی اتھارٹی اور شہریوں کو بیرونِ ملک سے موصول ہونے والا زرِ مبادلہ جس کی مالیت لگ بھگ چودہ ارب ڈالر بنتی ہے، ترپن بلین شیکل میں تبدیل ہو کر مقبوضہ فلسطین کی حکومت اور شہریوں تک پہنچا۔ فلسطینی بینکوں کا درآمدی و برآمدی کھاتہ بھی شیکل میں ہے اور وہ اسرائیلی بینکوں کے ذریعے ہی بیرونی دنیا سے اقتصادی روابط رکھ سکتے ہیں۔

اس انتظام سے اسرائیل کو دو فائدے ہیں۔ ایک تو اس کی کرنسی مستحکم رہتی ہے اور فلسطینی اتھارٹی یا شہریوں کو بیرونِ اسرائیل سے ڈالر سمیت مختلف کرنسیوں کی شکل میں جو بھی زرمبادلہ یا امداد موصول ہوتی ہے اس کے عوض اسرائیل فلسطینیوں کو شیکل دیتا ہے۔ اس کے علاوہ اسرائیل فلسطینی اتھارٹی کی درآمد و برآمد پر کسٹم ڈیوٹی اور دیگر محصولات کہ جن کی سالانہ مالیت لگ بھگ دو سو ملین ڈالر بنتی ہے جمع کرتا ہے اور پھر اوسلو امن سمجھوتے کی ایک شق کے تحت ناروے کے توسط سے فلسطینی اتھارٹی کو بھیجتا ہے۔ گویا فلسطین کی معاشی شہ رگ مکمل طور پر اسرائیل کے ہاتھ میں ہے۔ لیکن جب سے ناروے نے فلسطینی اتھارٹی کو مکمل سفارتی درجہ دیا ہے تب سے اسرائیل نے فلسطینی اتھارٹی کو دی جانے والی رقم کا انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے۔

سات اکتوبر کے بعد سے اسرائیل نے فلسطینیوں کا معاشی گلا سختی سے دبانا شروع کر دیا۔ غزہ کی دس ماہ سے مکمل فضائی، بحری اور بری ناکہ بندی ہے۔ وہاں گندم کا ایک بھی دانہ، آٹے کا ایک بھی تھیلا اور پانی کا ایک بھی بیرل اسرائیل کی مرضی کے بغیر داخل نہیں ہو سکتا۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ غزہ کی محصور آبادی تک کوئی غذائی یا طبی امداد نہ پہنچ پائے۔ اسرائیلی اسٹیبلشمنٹ کے پالتو گروہ ہر بین الاقوامی امدادی قافلہ جو اسرائیلی چیک پوسٹوں سے گزر کے غزہ میں داخل ہونے کی کوشش کرتا ہے اس کا گھیراؤ کرتے ہیں اور لوٹ بھی لیتے ہیں۔ پولیس اور فوج تماشائی کا کردار ادا کرتی ہے۔

اقوام متحدہ کے امدادی ادارے انرا کو اسرائیل نے ایک قانون کے ذریعے دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں ڈال دیا ہے۔ لہٰذا انرا کے زیرِ اہتمام صحت مراکز، اسکول، رہائشی بستیاں اور روزگاری اسکیمیں بھی جائز فوجی ہدف بن گئی ہیں۔ اسرائیل نے تاک تاک کے انرا کے اس فلاحی ڈھانچے کو بہت حد تک ختم یا تباہ کر دیا ہے۔

سات اکتوبر کے بعد سے تمام) ایک لاکھ ساٹھ ہزار (فلسطینی کارکنوں کو کام سے فارغ کر دیا گیا۔ چنانچہ فلسطینیوں میں بے روزگاری کا تناسب راتوں رات پینتیس فیصد تک پہنچ گیا۔ مقبوضہ غرب اردن کی کاٹیج انڈسٹری کو اسرائیلی شہریوں اور کمپنیوں نے مصنوعات کی تیاری کے جو آرڈر زدے رکھے تھے وہ بھی منسوخ کر دیے گئے۔ فلسطینیوں نے ادھار پر لاکھوں ڈالر کا جو مال اسرائیل میں سپلائی کیا۔ اس کی ادائیگی بھی منجمد کر دی گئی۔ لیبر کی قلت کا خلا پر کرنے کے لیے بھارت اور سری لنکا سے بڑی تعداد میں تعمیراتی و زرعی کارکن درآمد کیے گئے اور کیے جا رہے ہیں۔ جب کہ کوئی فلسطینی مزدور بلا فوجی اجازت نامے کے اسرائیل میں کسی تعمیراتی یا زرعی پروجیکٹ میں چوری چھپے کام کرتا نظر آئے تو اسے فوراً گرفتار کر لیا جاتا ہے۔

بات یہیں پر نہیں رکی۔ مغربی کنارے پر جو کسان آبائی زرعی زمینوں پر صدیوں سے کام کرتے آ رہے ہیں۔ ان کے کھیتوں کو دفاعی مقاصد کے نام پر ضبط کرنے کے قانون کی آڑ میں مرحلہ وار چھینا جا رہا ہے۔ ان کے گھروں اور تجارتی مراکز کو غیر قانونی تعمیرات کے قانون کے پردے میں بلڈوزروں سے مسمار کر دیا جاتا ہے۔ سیکڑوں مسلح یہودی آبادکار اسرائیلی فوج کی مکمل حفاظت میں کسانوں کے گھروں پر قبضے کرتے ہیں، زیتون کے باغات نذرِ آتش کر دیتے ہیں اور زرعی زمینوں کے اردگرد خاردار باڑھیں لگا کے فلسطینی کسانوں کو ان کے اپنے ہی کھیتوں میں جانے سے روکتے ہیں۔

اس ماہ کے شروع میں اسرائیلی وزیرِ خزانہ بزلل سموترخ جو خود بھی ایک غیر قانونی آبادکار ہیں نے اعلان کیا کہ اسرائیل فلسطینی اتھارٹی کے لیے جو درآمدی و برآمدی محصولات جمع کرتا ہے۔ اس میں سے سو ملین شیکل) چھبیس ملین ڈالر (منہا کر کے ان اسرائیلی شہریوں کے ورثا کو بطور معاوضہ دے گا جو سات اکتوبر کو حماس کے اچانک حملے میں مارے گئے۔ انھوں نے اپنے ایک ٹویٹ میں کہا کہ یہ فیصلہ فلسطینی اتھارٹی پر ایک طرح کا جرمانہ ہے کیونکہ اتھارٹی اسرائیلی قید میں موجود فلسطینی دہشت گردوں کے ورثا کو مالی مدد دے رہی ہے۔)اس وقت لگ بھگ چودہ ہزار فلسطینی نوجوان، معمر افراد، خواتین، زخمی اور بیمار دہشت گرد اسرائیلی جیلوں اور اذیتی کیمپوں میں ہیں(۔

اس کے علاوہ فلسطینی اتھارٹی کو واجب الادا محصولاتی آمدنی میں سے اسرائیل نے مقبوضہ مغربی کنارے کو فراہم کی جانے والی بجلی، پانی اور اسرائیلی اسپتالوں میں علاج کروانے والے فلسطینیوں کے بلز کی مد میں ایک بڑی رقم از خود ضبط کر لی ہے۔

پچھلے ہفتے فلسطینی اتھارٹی اور معیشت کو مکمل طور پر مفلوج کر دینے کے لیے اسرائیلی وزیرِ خزانہ نے اسرائیلی بینکوں کو حکم دیا کہ وہ فلسطینیوں سے شیکل کرنسی بطور کیش قبول نہ کریں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ فلسطینی اتھارٹی اب فلسطینی بینکوں کے ذریعے اپنے ملازمین کو نہ تنخواہیں دے سکتی ہے اور نہ ہی فلسطینی شہری ساختہ اسرائیل یا غیر ملکی اشیا کی خرید و فروخت کر سکتے ہیں۔

امریکا سمیت اسرائیلی حلیف مغربی ممالک نے اسرائیلی بینکوں کو کیش قبول کرنے سے منع کرنے کی پابندی فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر فلسطینی اتھارٹی اس اقدام کے سبب ہونے والی معاشی تباہی سے گرتی ہے تو پھر مقبوضہ علاقوں میں انتہا پسندی اور بڑھے گی

عوامی مسائل

تحریر: حاجی اشتیاق آرائیں

جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ ہمارے دھرنے نے عوام کو مسائل کے حل کے لیے امید دی ہے۔ اسی لیے حکومت کو چاہیے کہ وہ عوام کی آئینی جمہوری سیاسی پرامن مزاحمت کی قدر کرتے ہوئے عوام کو ریلیف دے۔ ملک کے عوام بجلی اور پٹرول کی ناجائز قیمتوں کا خاتمہ چاہتے ہیں، اس لیے حکومت تاخیری حربے استعمال نہ کرے اور اس سلسلے میں عوام کو فوری ریلیف دے۔ میاں نواز شریف نے بھی کہا ہے کہ مہنگے بجلی بل عوام کے لیے ناقابل برداشت ہیں اور عوام کو ریلیف دینا ہمارا امتحان ہے۔

پی ٹی آئی ملک میں تباہی، مہنگائی اور مہنگے بل لائی لیکن عوام ہم سے ریلیف کی توقع کرتے ہیں اور حکومت کا امتحان ہے کہ مشکل ترین حالات میں عوام کو ریلیف کیسے دینا ہے۔ مسلم لیگ)ن(نے ہی ہمیشہ مشکلات سے راستہ نکالا ہے۔ ہم نے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا ہے اب حکومت کو عوام کو بھی ڈیفالٹ سے بچانا ہے اس لیے مہنگائی اور مہنگے بجلی بلوں سے عوام کو نجات دلانے کی کوشش ہونی چاہیے۔

ایک طرف ملک کی حقیقی جمہوری جماعت جماعت اسلامی ہے، جس نے عوام کو مہنگائی اور مہنگے بجلی بلوں کے خلاف راولپنڈی میں کئی روز احتجاجی دھرنا دیا اور حکومتی وفد سے مذاکرات کے بعد مشروط طور پر ختم کیا کہ اگر حکومت نے مقررہ مدت میں معاہدے پر عمل نہ کیا تو جماعت اسلامی دوبارہ دھرنا دے گی۔

دھرنے کے خاتمے پر ایم کیو ایم کے سربراہ ڈاکٹر خالد مقبول نے جو وفاقی وزیر ہیں طنز کرتے ہوئے کہا کہ بجلی سستی کرانے کے لیے دیا گیا دھرنا بجلی مزید مہنگی کرا کر ختم کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے حکومتی بیان نہیں پڑھا کہ بجلی مزید مہنگی نہیں کی گئی اور حکومت جماعت اسلامی سے معاہدے کے مطابق کوشش کرے گی کہ عوام کو مہنگائی اور مہنگی بجلی بلوں میں ریلیف دے۔

8 فروری کے عام انتخابات کو ابھی چند ماہ ہی گزرے ہیں جماعت اسلامی کا نئے انتخابات کا کوئی مطالبہ ہے نہ جلد انتخابات کا امکان کہ جماعت اس دھرنے کی بنیاد پر عوام سے ووٹ مانگے کہ جماعت اسلامی ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے کہ اس نے عوام کے سب سے اہم مسائل مہنگائی اور مہنگے بجلی بلوں پر جدوجہد کر کے اور دھرنا دے کر حکومت کو احساس دلایا ہے۔ جس پر نواز شریف نے بھی کہا ہے کہ مہنگے بجلی بل عوام کے لیے ناقابل برداشت ہو گئے ہیں۔ اس لیے مسلم لیگ)ن(کی حکومت عوام کو ریلیف دینے کے لیے موجودہ مشکلات میں کوئی راستہ نکالے۔

پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم)ن(لیگی حکومت کی اتحادی ہیں ان سے تو توقع کی ہی نہیں جا سکتی کہ وہ ان اہم مسائل پر احتجاج کریں یا دھرنا دیں۔ یہ دونوں صرف دکھاوے کی بیان بازی کر سکتے ہیں اور وہ یہ کر رہے ہیں جس پر حکومت بھی مطمئن ہے، اسے اس برننگ ایشو پر خطرہ جماعت اسلامی سے تھا کہ اس کا احتجاج ملک میں نہ پھیل جائے اور عوام حکومت کے خلاف سڑکوں پر آ کر حکومت کو پریشان کر دیں۔ ویسے بھی جماعت اسلامی کا دھرنا حکومت کے خاتمے کا نہیں تھا بلکہ عوام کو درپیش اہم مسائل مہنگائی اور مہنگی بجلی کے خلاف تھا اور جماعت اسلامی ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے کہ جس نے عوام کے لیے آواز اٹھائی اور سیاست نہیں کی اور کسی اور جماعت خصوصاً پی ٹی آئی کے کسی رہنما کو بھی یہ توفیق نہیں ہوئی کہ وہ راولپنڈی کے دھرنے میں جا کر جماعت کے مطالبات کی حمایت ہی کر دیتے حالانکہ ان کے بانی نے کہا بھی تھا مگر یہ مسائل تحریک انصاف کے لیے اہم نہیں تھے کیونکہ ان کا تو سب سے اہم مسئلہ اپنے بانی کی رہائی ہے، ملک کے عوام کو درپیش کمر توڑ مہنگائی اور بجلی و گیس کے مہنگے بل۔ اس سلسلے میں عوام کی پریشانیاں اور ملک میں ہونے والی خودکشیاں اور قتل کی وارداتیں کوئی بڑی بات نہیں کیونکہ ایسا کرانے میں پی ٹی آئی کی حکومت بھی عوام دشمن فیصلوں میں شریک تھی۔

پی ٹی آئی کی حکومت کو ختم ہوئے سوا دو سال ہو چکے ہیں مگر حکومت اور نواز شریف موجودہ مہنگائی کا اب تک پی ٹی آئی کو ہی ذمے دار قرار دے رہے ہیں اور صدر)ن(لیگ کو اپنی پارٹی کی حکومت میں کی جانے والی ہوش ربا مہنگائی اور مہنگی بجلی کا خیال آیا ہے جب کہ انھیں تو حکومت سے باز پرس کرنی چاہیے تھی کہ وہ عوامی خواہشات کے برعکس فیصلے کیوں کر رہی ہے؟ کیا وہ مسلسل مہنگائی بڑھانے کے لیے وزیر اعظم بنے تھے؟ ملک سخت مالی بحران میں ہے مگر حکومت کو کوئی احساس نہیں اور ایوان صدر اور وزیر اعظم ہاؤس کے اخراجات کم کرنے کے بجائے حالیہ بجٹ میں مزید رقم بڑھا دی گئی ہے اور حکومت کو عوام کو درپیش مسائل کی فکر ہے نہ عوام کی مشکلات کا احساس۔

مسلم لیگ)ن(اور پیپلز پارٹی نہ صرف بڑی پارٹیاں ہیں بلکہ اقتدار میں ہیں جن کی ذمے داری عوام کے مسائل کو اہمیت دے کر عوام کو مشکلات سے نجات دلانا ہے مگر عوامی مسائل دونوں کے لیے اہم ہیں نہ دونوں کی ترجیح عوام کو درپیش مہنگائی ہے بلکہ دونوں ہی عوام کی مشکلات کے ذمے دار ہیں۔ جماعت اسلامی نے عوام کو درپیش اہم مسائل پر موثر آواز اٹھائی اور حکومت کی توجہ مبذول کرائی باقی کسی بھی جماعت کو عوام کی کوئی فکر نہیں۔ ان کا احتجاج عوام کو درپیش مسائل پر نہیں بلکہ حصول اقتدار، الیکشن میں نشستیں نہ ملنے، مینڈیٹ کی مبینہ چوری اور احترام اور برداشت کو فروغ کے لیے ہے۔ تحریک تحفظ آئین کے رہنماؤں نے یہ مطالبہ نہیں کیا کہ مہنگائی اور بجلی کے نرخ کم کیے جائیں بلکہ ان کا مطالبہ ہے کہ سیاسی جماعتیں عوامی مفاد کے چارٹر پر دستخط کریں تاکہ انھیں اقتدار مل سکے۔

ملک کے آئین میں عوام کو سہولیات دینے کا ذکر ضرور ہے مگر یہ نہیں لکھا کہ حکومت اور سیاسی جماعتیں عوام کے اہم مسائل پر یکسو ہو کر بیٹھیں اور عوامی مسائل حل کرائیں۔ ہر ایک کو اقتدار اور اپنی سیاست کی فکر ہے عوام کے مسائل کی نہیں اور نہ ہی عوامی مسائل کا حل کسی پارٹی کی ترجیح ہے۔

کیا ہے وحشت کا سبب آخر کار

تحریر: فاروق عادل

بے چینی کافی بڑھ گئی۔ پی ٹی آئی جس قسم کی سیاست کرتی ہے، کچھ تو اس کے آثار ہیں اور کچھ اس گروہ کے اندر کی کشمکش ہے جسے وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے پارٹی پر قبضے کی جنگ قرار دیا ہے۔ پارٹی پر قبضے کی جنگ تو اس گروہ میں روز اول سے ہی جاری ہے۔ کچھ حالیہ واقعات کے بعد اس کی شدت میں اضافہ ہو گیا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ایک معاملہ اور بھی ہے، جس نے اس گروہ کے اعصاب ہلا کر رکھ دیے ہیں۔ یہ معاملہ ہے فیض حمید کی گرفتاری کا۔

پی ٹی آئی اور خاص طور پر عمران خان کی تازہ بے چینی کا تعلق اسی سے ہے۔ اس واقعے کے بعد اس گروہ نے پہلی بار محسوس کیا ہے کہ موجودہ صورت حال سے متصل قبل انھیں سسٹم کے اندر سے جو مدد میسر تھی، اب اس کے سوتے خشک ہو گئے ہیں۔ اس نئی صورت حال میں اسے نئے اور سخت چیلنجوں کا سامنا ہوگا۔ ان چیلنجوں کے ذکر سے قبل ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ فیض حمید کی گرفتاری سے پہلے کی صورت حال اور پی ٹی آئی اور اس کے ہمدردوں کی طرف سے دیے گئے تاثر پر ایک نگاہ ڈال لی جائے۔

ان چند ہفتوں کے دوران میں ہم نے بہت سی باتیں سنیں جیسے بہت کچھ ہونے والا ہے۔ کہا جاتا تھا کہ یہ جو ان دنوں تھوڑی خاموشی ہے، یہ طوفان سے پہلے کی ہے۔ یہ لوگ کس طوفان کے آثار دیکھتے تھے؟ ایک تو شاید یہ تھا جو عمران خان کی زبان سے سننے کو ملا۔ انھوں نے کہا تھا کہ حکومت کے پاس دو مہینے ہیں، میرے پاس بہت وقت ہے۔ اچھا یہ تو عمران خان نے کہا لیکن ان کے ساتھ ہمدردی رکھنے والوں نے اِس سے بھی بڑھ کر کہا جیسے دعویٰ کیا گیا کہ میاں محمد شہباز شریف ہاتھ کھڑے کر چکے ہیں اور وہ ایک بار صدر آصف علی زرداری سے ملاقات کر کے انھیں استعفیٰ بھی پیش کر چکے ہیں۔ باقی باتیں بھی اسی قسم کی تھیں جن میں آنے والے دنوں میں موجودہ حکومت کے جان بر نہ ہونے جیسی پیشین گوئیاں کی گئیں۔ گویا سارا ملبہ ایک طرف گرتا ہی دکھائی دیتا تھا لیکن ہوا اس کے بالکل برعکس یعنی فیض حمید پکڑ لیے گئے۔ اب سوال یہ ہے کہ اس گرفتاری کا پیغام کیا ہے؟

پرانے زمانے کی کہانیوں کے دیو کی جان طوطے میں ہوا کرتی تھی۔ اس کہانی کا طوطا ایک صورت حال میں ہے۔ یہ صورت حال ایک کشمکش کے نتیجے میں پیدا ہوئی ہے۔ اس کشمکش کے پنجے کہاں کہاں تک پھیلے ہوئے تھے یا پھیلے ہوئے ہیں؟ یہ کہانی طویل ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ 9 مئی کے واقعات اس کا نتیجہ تھے تو غلط نہ ہوگا۔ اگر کہا جائے کہ یہ جو ہمارے سیاسی میدان اور اقتصاد کے شعبے میں رہ رہ کر زلزلے کے جھٹکے آتے ہیں، ان کا تعلق بھی اسی سے ہے تو اس میں بھی کوئی غلط بات نہ ہوگی۔ بنیادی بات یہ ہے کہ ہمارے نظام میں نئی اور پرانی سوچ کے درمیان ایک کشمکش جاری ہے۔ اس وقت ہم اسی کشمکش کے مختلف مناظر دیکھ رہے ہیں۔

کشمکش کیا ہے؟ یہ کشمکش ہے 2022 سے پہلے اور بعد والے پاکستان کے مختلف کرداروں کی۔ لیجیے بات تحریک عدم اعتماد تک آ پہنچی۔

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے گزشتہ روز نئی پارٹی پوزیشن جاری کر دی

تحریر: وریشہ فاطمہ

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی جانب سے اسمبلی کی مخصوص نشستوں کے حوالے سے الیکشن کمیشن کو مراسلہ بھجوائے جانے کے بعد قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے گزشتہ روز نئی پارٹی پوزیشن جاری کر دی جس میں تحریک انصاف کا وجود ختم کر دیا گیا ہے اور پہلی پارٹی پوزیشن بحال کرتے ہوئے آزاد حیثیت میں منتخب ہونیوالے تمام 80 ارکان کو سنی اتحاد کونسل کا رکن ظاہر کر دیا گیا ہے۔ اس سے قبل سپریم کورٹ کے فیصلہ کی روشنی میں 39 آزاد ارکان کو تحریک انصاف کا رکن اور 41 ارکان کو آزاد ڈکلیئر کیا گیا تھا جبکہ اب ترمیمی الیکشن ایکٹ کی بنیاد پر تحریک انصاف کے رکن ظاہر کئے گئے 39 ارکان کو بھی 41 آزاد ارکان کے ساتھ سنی اتحاد کونسل کا رکن ظاہر کر دیا گیا ہے۔ ان تمام 80 آزاد ارکان نے 8 فروری کے انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد کسی پارٹی میں شمولیت کا آپشن استعمال کرتے ہوئے سنی اتحاد کونسل میں شمولیت اختیار کر لی تھی جنھیں قومی اسمبلی کے ریکارڈ میں سنی اتحاد کونسل کی پارلیمانی پارٹی کا حصہ بنا دیا گیا تاہم بانی پی ٹی آئی عمران خان کی جانب سے خواتین اور اقلیتوں کی مخصوص نشستیں پی ٹی آئی کو الاٹ کرنے سے متعلق دائر کردہ درخواست کا فیصلہ صادر کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے سنی اتحاد کونسل میں شمولیت اختیار کرنے والے ارکان کو بھی پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی میں شامل کرنے کے احکام صادر کر دیئے۔ ان احکام پر جزوی عملدرآمد کرتے ہوئے الیکشن کمیشن نے ان 39 ارکان کو پی ٹی آئی کا رکن ہونے کا سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جنھوں نے اس سلسلہ میں پی ٹی آئی سیکرٹریٹ سے حاصل کردہ پی ٹی آئی کا رکنیت سرٹیفکیٹ جمع کرایا تھا جبکہ باقی 41 ارکان پی ٹی آئی یا سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کے بجائے آزاد رکن کی حیثیت سے الاٹ شدہ مخصوص نشستوں پر بیٹھے رہے۔

چونکہ سپریم کورٹ کی فل کورٹ میں شامل آٹھ فاضل ججوں نے مخصوص نشستوں کے کیس میں ابھی تک اپنا مفصل فیصلہ صادر نہیں کیا اس لئے اس فیصلے پر نظرثانی کیلئے الیکشن کمیشن اور وفاق پاکستان کی جانب سے دائر کی گئی درخواستوں کی سماعت بھی نہیں ہو پائی اور اسی بنیاد پر الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کے اس فیصلے پر مکمل عملدرآمد ابھی تک موخر کیا ہوا ہے جبکہ گزشتہ روز سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان کے الیکشن کمیشن کو بھجوائے مراسلوں کے باعث نئی صورتحال پیدا ہو گئی کیونکہ ان مراسلوں میں پارلیمنٹ کے منظور کردہ ترمیمی الیکشن ایکٹ کا سہارا لے کر الیکشن کمیشن سے خواتین اور اقلیتوں کی مخصوص نشستیں دوبارہ ان جماعتوں کو الاٹ کرنے کا تقاضا کیا گیا جنھیں سپریم کورٹ کے فیصلہ سے قبل الیکشن کمیشن کی جانب سے یہ نشستیں الاٹ کی گئی تھیں۔ اب سپیکر قومی اسمبلی کے اس مراسلہ کی بنیاد پر قومی اسمبلی سیکرٹریٹ الیکشن کمیشن کی کسی کارروائی سے بھی پہلے پی ٹی آئی کو الاٹ ہونیوالی 39 نشستیں بھی آزاد ارکان کی نشستیں ڈکلیئر کر دی ہیں' نتیجتاً قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی کا وجود ہی ختم ہو گیا ہے۔ اس سے ایک تو ملک میں سیاسی عدم استحکام اور انتشار کی فضا کو تقویت ملے گی اور منافرتوں سے لبریز محاذ آرائی میں مزید اضافہ ہوگا جبکہ اب عدلیہ' انتظامیہ اور پارلیمنٹ کے مابین اختیارات کی جنگ میں بھی شدت پیدا ہونے کا امکان ہے۔ اس باہمی ٹکراؤ کا ممکنہ نقصان بھی سسٹم کو ہی برداشت کرنا پڑیگا جبکہ ہماری ان اندرونی کمزوریوں سے فائدہ اٹھانے کیلئے ہمارا ازلی دشمن بھارت اور ملک کے دوسرے اندرونی و بیرونی بدخواہ پہلے ہی تاک میں بیٹھے ہیں۔ اسی طرح ملک میں سیاسی عدم استحکام اور انتشار بڑھے گا تو ماضی کی طرح جمہوریت کے پھر ڈی ریل ہونے کے خطرات بھی ابھر سکتے ہیں۔

بدقسمتی سے ہمارے ملک میں دانستہ طور پر مخصوص ایجنڈے کے تحت پروان چڑھائی جانیوالی منافرت کی سیاست نے باہم دست و گریباں سیاست دانوں کو ہی بے توقیر نہیں کیا بلکہ منافرت کی اس سیاست کے منفی اثرات ریاستی انتظامی اداروں کے اندر تک بھی جا گھسے ہیں اور اس صورتحال میں اداروں کے مابین اختیارات کی جنگ کا ممکنہ طور پر آغاز ہوگا تو مہذب انسانی معاشرے والے تصورات بھی ماند پڑنا شروع ہو جائیں گے' نتیجتاً ''جس کی لاٹھی اسکی بھینس'' والے معاشرے کا تصور ہماری ساری اقدار ملیامیٹ کر دیگا۔

گزشتہ روز سپریم کورٹ کے سینئر پیونی جج سید منصور علی شاہ نے بعض نجی کمپنیوں کے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے کہ پارلیمان کا قانون سازی کا اختیار آئینی حدود کے تابع ہے۔ فاضل جج نے یہ استفسار بھی کیا کہ مستقبل میں کوئی قانون بنے تو اس کا ماضی کے اقدامات پر اطلاق کیسے ممکن ہے۔ ان سطور میں ہم اسی فکرمندی کا اظہار کرتے رہے ہیں کہ ریاستی انتظامی اداروں کو اپنا اپنی متعینہ آئینی حدود کے اندر ہی فرائض منصبی ادا کرنے چاہئیں اور ایک دوسرے کے اختیارات میں مداخلت سے گریز کرنا چاہیے۔ ماضی میں ایسی مہم جوئیوں کا انجام ہم ماورائے آئین اقدامات کی صورت میں بھگت چکے ہیں اس لئے ہمیں ماضی کے تلخ تجربات سے اب تو سبق حاصل کر لینا چاہیے۔ آئین میں تو بلاشک وشبہ ہر ریاستی انتظامی ادارے کے اختیارات اور دائرہ کار متعین ہے اس لئے اداروں کے مابین اختیارات کی کشمکش یا کوئی تنازعہ پیدا ہی نہیں ہونا چاہیے۔ اسکے برعکس افسوسناک صورتحال یہ پیدا ہو رہی ہے کہ سیاسی جماعتوں کے ایجنڈوں کی قائم کردہ منافرت کی فضا ہمارے آئینی ریاستی انتظامی اداروں میں بھی اپنا اثر و نفوذ بڑھا رہی ہے چنانچہ انکے اقدامات اور فیصلوں میں بھی اپنے محبوبین کے سیاسی ایجنڈے کی جھلک بھی واضح طور پر نظر آنے لگی ہے۔ ایسی غیر یقینی اور قیاس کی فضا لازمی طور پر ملک کی معیشت و معاشرت کو بھی متاثر کرتی ہے اور سیاسی اقتصادی استحکام کی منزل بھی راستے سے ہٹتی محسوس ہونے لگتی ہے۔ اس فضا میں عوام آج اپنے مستقبل کے علاوہ سسٹم اور ملک کے مستقبل سے بھی مایوس ہوتے نظر آتے ہیں جنھیں روٹی روزگار اور روزافزوں مہنگائی کے مسائل نے پہلے ہی سر اٹھا کر چلنے کے قابل نہیں چھوڑا۔

☆☆☆☆☆☆

حرام خوری کی سزا

تحریر: جاوید چوہدری

تائیوان کی کمپنی گولڈ اپالو نے 1995 میں پیجر کے نام سے ایک ڈیوائس بنانا شروع کی یہ ٹیلی فون کی دوسری اور موبائل فون کی ابتدائی اسٹیج تھی پیجر چھوٹی سی پاکٹ سائز ڈیوائس تھی لوگ اسے جیب میں رکھ کر پھرتے رہتے تھے لوگ اس کے ذریعے ایک دوسرے کو سو لفظوں کا ٹیکسٹ میسج بھجوا سکتے تھے یہ ایس ایم ایس اور ٹیکسٹ میسج کی ابتدائی اسٹیج تھی۔

انیس سو نوے کی دہائی میں پاکستان میں بھی پیجر استعمال ہوتا تھا اور میں خود بھی اسے استعمال کرتا تھا لیکن پھر موبائل فون آ گیا اور یہ پیجر کو کھا گیا تاہم خفیہ اداروں میڈیکل سروسز اور اسپورٹس میں یہ ٹیکنالوجی استعمال ہوتی رہی اس کی دو وجوہات تھیں پہلی وجہ پیجر کے لیے انٹرنیٹ یا وائی فائی ضروری نہیں ہوتا لہٰذا یہ ان جگہوں پر بھی کام کرتا ہے جہاں انٹرنیٹ کی رسائی نہیں ہوتی اور دوسرا یہ موبائل فون کے مقابلے میں محفوظ ذریعہ ہے۔

موبائل فون کا ڈیٹا چوری کرنا اور اس کے ذریعے جاسوسی آسان ہے جب کہ پیجر میں یہ ممکن نہیں تھا چناں چہ یہ 17 ستمبر 2024 تک دنیا میں استعمال ہوتا تھا پیجرز دنیا میں دو جگہوں پر بنتا ہے تائیوان میں اسے گولڈ اپالو بناتی ہے اور یورپ میں اسے ہنگری کی کمپنی بی اے سی کی کنسلٹنگ کے ایف ٹی بناتی ہے اس کے پاس گولڈ اپالو کی فرنچائز ہے لبنان اور شام میں حزب اللہ غزہ اور فلسطین میں حماس اور ایران میں پاس داران کے اہم ترین لوگ پیجر استعمال کرتے ہیں دنیا کی باقی خفیہ ایجنسیوں میں بھی یہ ٹیکنالوجی استعمال ہوتی ہے۔

اسرائیل نے 1995 میں حماس کے ایک بم میکر یحییٰ عیاش کو موبائل فون میں بم لگا کر قتل کر دیا تھا جس کے بعد حماس نے موبائل کا استعمال ترک کر دیا تھا غزہ پر اسرائیل کے حالیہ حملوں کے بعد حماس اور حزب اللہ نے اپنا نیٹ ورک مکمل طور پر موبائل فون سے پیجر پر منتقل کر دیا جس کے بعد اچانک پیجر کی فروخت میں اضافہ ہو گیا آن لائین ویب سائیٹس پر دھڑا دھڑ آرڈرز آنے لگے ہنگری کی کے ایف ٹی کو پچھلے چھ ماہ میں ساڑھے دس ہزار ڈیوائسز کے آرڈرز آ گئے۔

اب دنیا کی تمام بڑی ویب سائیٹس آئی ٹی پراڈکٹس اور انٹرنیٹ کمپنیاں اسرائیلی ہیں یا ان کے سی ای اوز یہودی ہیں یا پھر یہ اسرائیلی خفیہ ادارے موساد کی نگرانی میں ہیں پیجر کی سیل میں اضافہ موساد سے خفیہ نہ رہ سکا یہ لوگ جانتے تھے حماس حزب اللہ اور پاس داران پیجر استعمال کرتے ہیں چناں چہ موساد نے آن لائین چیکنگ شروع کر دی اور یہ بہت جلد جڑ تک پہنچ گئے اس کے بعد دو امکانات ہیں پہلا امکان ہنگری میں قائم کے ایف ٹی کمپنی موساد کے لوگ چلا رہے تھے ان لوگوں نے پیجر کے اندر منی بم لگا کر ڈیوائسز حزب اللہ کو پہنچا دیں اور دوسرا امکان موساد نے ڈیلیوری کے دوران تمام پیجرز پورٹ سے اٹھا لیے اور منی بم یا خطرناک ڈیوائس لگا کر یہ پورٹ کے ذریعے حزب اللہ کو ڈیلیور کرا دیے۔

بہرحال پیجرز متعلقہ لوگوں کے پاس پہنچے اور یہ انھیں استعمال کرتے رہے لیکن پھر 17 ستمبر کی سہ پہر ساڑھے تین بجے لبنان میں حزب اللہ کے لیے کام کرنے والے تین ہزار لوگوں کو بیک وقت ایک پیغام ملا انھوں نے ڈیوائس کھولی اور تمام پیجرز ان کے ہاتھوں میں پھٹ گئے جس کے نتیجے میں 13 افراد ہلاک اور 2800 زخمی ہو گئے 18 ستمبر کو لبنان میں ہی واکی ٹاکیز کے ذریعے بھی دھماکے ہوئے جن میں 20 لوگ انتقال کر گئے جب کہ 450 شدید زخمی ہو گئے بدھ کے دن ان لوگوں کی نماز جنازہ تھی نماز جنازہ کے دوران مزید دو دھماکے ہوئے اور چار لوگ قبرستان میں کھڑے کھڑے فوت ہو گئے جب کہ متعدد افراد شدید زخمی ہو گئے۔

لبنان کے لوگ ابھی اس صورت حال پر حیران تھے کہ اچانک واکی ٹاکیز بھی پھٹنے لگے واکی ٹاکی دوسری جنگ عظیم کے دوران کینیڈا کے سائنس دان ڈونلڈ ہنگز (Donald Hings) نے بنائی تھی اور اسے موٹرولا نے 1940 میں لانچ کیا تھا دنیا بھر کی افواج اور سیکورٹی ادارے واکی ٹاکی استعمال کرتے ہیں یہ بھی لبنان میں پھٹنے لگے حزب اللہ نے واکی ٹاکیز جاپانی فرم سے خریدے تھے حملوں کے بعد جاپانی فرم نے انکشاف کیا ہم نے 14 سال پہلے یہ برینڈ بند کر دیا تھا اور ہم نے اس وقت اس کا باقاعدہ اعلان کیا تھا۔

پتا چلا حماس اور حزب اللہ کو واکی ٹاکی بھی موساد کی ایک کمپنی بیچتی رہی تھی اور ان میں بھی منی بم لگے ہوئے تھے اس کے بعد ملک میں سولر پلیٹس اور الیکٹرک موٹر سائیکل بھی پھٹنے لگے آخری اطلاعات تک لبنان میں 33 لوگ مارے جا چکے ہیں اور چار ہزار شدید زخمی ہیں اسپتالوں میں زخمیوں کے علاج کے لیے جگہ موجود نہیں ہے دوسری طرف اسرائیل کے آرمی چیف ہیرزی حلوی نے دھماکوں کے اگلے دن اعلان کیا یہ اس ٹیکنالوجی کا دو فیصد بھی نہیں جو اس وقت ہمارے پاس موجود ہے اس اعلان کے بعد پوری دنیا خوف کا شکار ہو گئی۔

ہم اب آتے ہیں ٹیکنالوجی کی طرف دنیا بھر کی تمام ڈیوائسز میں لیتھیم کی بیٹریاں استعمال ہو رہی ہیں کیوں؟ کیوں کہ یہ وزن اور سائز میں بھی چھوٹی ہوتی ہیں یہ بہت جلد چارج ہو جاتی ہیں اور یہ زیادہ وقت تک چلتی بھی رہتی ہیں لہٰذا موبائل فون سے لے کر الیکٹرک کار تک دنیا کی 80 فیصد ڈیوائسز میں یہ بیٹریاں استعمال ہوتی ہیں جہازوں اور نیوکلیئر پلانٹس میں بھی یہی ہوتی ہیں اور سولر سسٹم میں بھی اور یہ لیتھیم پورا پورا بم ہوتی ہے یہ جب بھی پھٹتی ہے تو تباہی مچا دیتی ہے۔

موبائل فونز میں سب سے پہلے سام سنگ نے 2016 میں نوٹ سیون میں لیتھیم بیٹریاں استعمال کی تھیں اور یہ پھٹنا شروع ہو گئی تھیں لہٰذا کمپنی نے پوری دنیا سے نوٹ سیون فون واپس لے لیے تھے 2016 میں ہوور بورڈز (Hover Boards) کی بیٹریاں بھی پھٹنے لگی تھیں اور اس زمانے میں الیکٹرک کارز کی بیٹریاں بھی بلاسٹ کر گئی تھیں بہرحال بیٹریوں کو دوبارہ ٹھیک کیا گیا اور اس کے بعد یہ ایشو کنٹرول ہو گیا۔

لیکن لبنان اور شام میں پیجرز واکی ٹاکیز اور سولر سسٹم پھٹنے کے بعد پوری دنیا پریشان ہو گئی ہے اس پریشانی کی تین وجوہات ہیں نمبر ایک دنیا میں اب الیکٹرانکس ڈیوائسز محفوظ نہیں ہیں کوئی بھی ملک یا ایجنسی کسی بھی وقت کسی بھی پارسل یا شپ منٹ کو راستے سے ہائی جیک کر کے اس کے اندر کوئی بھی نئی ڈیوائس پلانٹ کر سکتی ہے چناں چہ دنیا بھر کے سربراہان مملکت آرمی چیفس خفیہ اداروں کے سربراہان اور سائنس دانوں کو ان کے زیر استعمال گیجٹس کے ذریعے قتل کیا جا سکتا ہے۔

مقبوضہ کشمیر میں نام نہاد انتخابات پر حریت کانفرنس کا ردعمل

تحریر: گزین خان جماتی

کل جماعتی حریت کانفرنس نے مودی حکومت کی طرف سے مقبوضہ جموں وکشمیر میں کرائے جانے والے نام نہاد اسمبلی انتخابات کی مذمت کرتے ہوئے انہیں ایک بھونڈا مذاق قرار دیا ہے۔

کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے ایک بیان میں کہا کہ ڈھونگ انتخابات اقوام متحدہ کی طرف سے تسلیم شدہ استصواب کا ہرگز متبادل نہیں جس ذریعے جموں وکشمیر کے سیاسی مستقبل کا تعین ہونا ہے۔ نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں قید کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما شبیر احمد شاہ نے ایک بیان کہا کہ بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی، کشمیریوں کے تمام بنیادی حقوق سلب کر لیے اور اب نام نہاد انتخابات کا ڈھونگ رچا کر عالمی برادری کی ا?نکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش کر رہا ہے۔

بھارت مقبوضہ کشمیر میں پہلی بار جعلی انتخابات کا ڈھونگ نہیں رچا رہا' اس سے پہلے بھی وہ کئی بار وادی میں انتخابات کا انعقاد کر کے دنیا کو یہ باور کرانے کی کوشش کرتا رہا ہے کہ کشمیری عوام بھارت کا حصہ ہیں اور بھارت کے ساتھ ہی الحاق چاہتے ہیں مگر کشمیری عوام نے ہر بار اسکے انتخابی ڈرامے کو نہ صرف مسترد کیا بلکہ ان انتخابات کا بائیکاٹ کیا اور بھارت کیخلاف سخت احتجاج کر کے دنیا کو ٹھوس پیغام دیا کہ وہ وادی میں ایسے کسی انتخاب کو نہیں مانتے جو انکی منشاء اور امنگوں کے خلاف ہوگا۔ وہ کسی صورت بھارت کے ساتھ نہیں رہنا چاہتے۔ یہی وجہ ہے کہ کشمیری عوام 15 اگست کو بھارت کے یوم ا?زادی اور 26 جنوری کو اسکے یوم جمہوریہ کو بطور یوم سیاہ منا کر بھارت سمیت پوری دنیا کو پیغام دیتے ہیں کہ انہوں نے کبھی بھارت کے تسلط کو تسلیم نہیں کیا اور نہ اسکے کسی ہتھکنڈے کے ا? گے سرنڈر کرینگے۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو کشمیری عوام گزشتہ 76 سال سے غاصب اور ظالم بھارتی فوجوں اور دوسری سکیورٹی فورسز کے جبر و تشدد' ریاستی دہشت گردی اور بھارتی حکمرانوں کے مکر و فریب کا بلاخوف مقابلہ کرتے ہوئے صبر و استقامت کے ساتھ اپنی ا?زادی کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں اور اس کا کوئی ہتھکنڈہ یا دباؤ قبول نہیں کر رہے۔ جب تک بھارت اقوام متحدہ اور اسکی سلامتی کونسل کی منظور شدہ قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو استصواب کا حق نہیں دیتا' بھارت چاہے وادی میں ہزار بار انتخابات کرائے' ایسے نام نہاد انتخابات اسکے منہ پر کالک ملتے رہیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بلاول بھٹو زرداری کا پارلیمنٹ میں خطاب۔ سیاسی بصیرت قومی اور دردمندی کا اظہار

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قومی اسمبلی میں جو خطاب کیا ہے اسے غیر ملکی دانشور اور میڈیا بھی متوازن اور دانشمندانہ قرار دے رہے ہیں۔ انہوں نے تحریک انصاف کے علاوہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت کو تصادم کی بجائے مفاہمت اور تعاون کی حکمت عملی اختیار کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئین کی بالادستی یقینی بنائے بغیر ملکی نظام کام نہیں کر سکتا۔ اس بات میں کسی شک وشبے کی گنجائش نہیں کہ جس جانب چیئرمین بلاول بھٹو نے اشارہ کیا ہے یہی واحد حل ہے جس پر چل کر ہم سیاسی استحکام حاصل کر سکتے ہیں۔

بلاول بھٹو نے پارلیمنٹ میں اپنے خطاب میں جو باتیں کیں ہیں ان میں ایک طرف ان کی سیاسی بصیرت نظر آتی ہے تو دوسری جانب قومی دردمندی کا اظہار ہے جس میں کہا جا رہا ہے کہ قومی سیاست کو تنازعات اور ذاتیات سے ماورا کئے بنا ہم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ اس کے ساتھ ہی پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عدالتی اصلاحات کی جو بات کی ہے یہ پاکستان پیپلز پارٹی کا دیرینہ موقف اور مطالبہ ہے، عدالتی نظام درست کرنے کیلئے آئینی عدالت ضروری ہے۔ چیئرمین نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے چارٹر آف ڈیموکریسی پر دستخط کیے، آئینی عدالت کا مینڈیٹ آئینی معاملات کی تشریح ہوگا، اٹھارویں ترمیم کے ذریعے ججوں کی تعیناتی کا نظام وضع کیا گیا، محترمہ شہید بھٹو کے کیس میں انصاف کے لیے 50 سال لگے، اسی طرح چوری، قتل کے مقدمے میں کیا لوگوں کو 50،50 سال کا انتظار کرنا پڑے گا'

افتخار چوہدری نے جو بنیاد ڈالی اسے بھی ثاقب نے تو بھی گلزار نے آگے بڑھایا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ افتخار چوہدری کے بعد یہ روایت بن گئی ہے کہ آپ کی رشتہ داری ہے تو آپ جج بنیں گے ورنہ آپ جانے اور عدلیہ جانے، ججز کی تقرری کے عمل میں شفافیت بینظیر بھٹو کا مطالبہ تھا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ کہا گیا کہ ججز کی تقرری چیف جسٹس کی مرضی سے ہوگی، ججز کا کام ڈیم بنانا نہیں، کراچی کو پرانا بنانا ہے یا نیا بنانا نہیں، عدالتوں میں اتنے سارے کیسز پینڈنگ ہیں، ججز کی تعیناتی کے نظام کو درست کرنا ہے۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ نواز شریف کو سمجھایا تھا کہ 58 ٹو بی کا غلط استعمال ہوگا اور پھر وہ خود اس کا شکار ہوئے، جب میثاق جمہوریت پر دستخط ہوئے تو افتخار چوہدری مشرف کا چیف جسٹس تھا، محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے اس وقت کہا تھا کہ ملک میں ا?ئینی عدالتیں ہونی چاہئیں۔ انہوں نے اپنی والدہ بینظیر بھٹو شہید کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ محترمہ کہتی تھیں کہ جن ججز نے سیاست کرنی ہے وہ اپنی پارٹی بنالیں۔ بینظیر بھٹو نے اس وقت کہا تھا کہ ملک میں ا?ئینی عدالتیں ہونی چاہئیں۔' بلاول بھٹو نے کہا کہ عدالت سے سیاست کی امید رکھیں گے تو جمہوریت اور عوام کو نقصان ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ چارٹر آف ڈیموکریسی کے تحت وعدے کے مطابق ترمیم کرنے تک پیچھے نہیں ہٹوں گا، بلاول بھٹو نے کہا کہ وہ جانتے ہیں کہ انصاف کی فراہمی میں کتنی مشکلات ہیں، کسی شخصیت کے بجائے عوام کے حق میں نعرہ لگایا جائے، چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہر فرنٹ پر لڑیں گے، ہائی کورٹ، سپریم کورٹ بار، پارلیمان سمیت سڑکوں پر لڑنا پڑا تو لڑیں گے، چارٹر آف ڈیموکریسی میں کئے وعدے کو پورا کریں گے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ سپریم کورٹ میں 50 فیصد کیس ا?ئینی ہوتے ہیں، سپریم کورٹ میں 50 فیصد کیسز کو 90 فیصد وقت ملتا ہے، حکومت اور اتحادیوں سے مشورہ کرکے ایسی عدالت بنائیں جہاں ڈیم نہ بنائے جائیں یا ٹماٹر کی قیمتیں نہ طے ہوں۔

اس وقت ملکی عدالتوں میں کیسوں کی تعداد عوام کے لئے انتہائی تکلیف دہ ہے اور اس سے بھی افسوس ناک امر یہ ہے کہ ان مقدمات کے فیصلے برسوں میں بھی نہیں ہوتے۔ ایک رپورٹ کے مطابق 31 دسمبر 2023ء کو سپریم کورٹ آف پاکستان میں 155،56، شریعت کورٹ میں 85، لاہور ہائیکورٹ میں 1،93،674، پشاور ہائیکورٹ میں 42،409، سندھ ہائیکورٹ میں 83،941، بلوچستان ہائیکورٹ میں 5،012، اسلام آباد ہائیکورٹ میں 17،298 مقدمات زیر التواء ہیں۔ اس طرح پاکستان کی تمام ہائی کورٹس میں زیر التواء مقدمات کی کل تعداد 3،42،334 کی قسمت کا فیصلہ ہونا ابھی باقی ہے۔ بعینہ جب ہم صوبوں کی ضلعی عدالتوں کی بات کرتے ہیں تو پنجاب میں 13،86،615، سندھ میں 1، 3، 1، 3 2 9، خیبر پختونخوا میں 2،73،762، بلوچستان میں 17،818 اور اسلام ا?باد میں 51،694 مقدمات زیر التواء ہیں۔ اس طرح پاکستان کی تمام ضلعی عدالتوں میں کل 18،61،812 مقدمات زیر التواء ہیں۔

مگر دوسری جانب اس کی تصدیق اعداد وشمار سے بھی ہوتی ہے کیونکہ ورلڈ جسٹس پراجیکٹ کے 2023 کے رول آف لا انڈیکس کے مطابق پاکستانی عدلیہ 142 ممالک میں سے 130 ویں نمبر پر ہے جبکہ پاکستان کے لا اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان کے 2022 کے اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر کی عدالتوں میں 20 لاکھ سے زیادہ مقدمات زیرِ التوا تھے۔

قانونی ماہرین کے مطابق سیاسی مقدمات سے زیر التواء مقدمات کی تعداد میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوتا ہے، عدلیہ کو سیاسی مقدمات سے بھی دور رہنا چاہیے۔ انصاف کی کہانی نسلوں پر محیط ہے، ایک پوری پیڑی انصاف کیلئے دربدر ہونے کے بعد فائلوں کا پلندہ اپنی نئی نسل کے حوالے کر جاتی ہے، جوڈیشل سسٹم میں اصلاحات ناگزیر ہیں۔ چیئرمین بلاول بھٹو کی آئینی عدالتوں کے حوالے سے تجاویز پر وکلا برادری سے لیکر عدالتی امور سے واقفیت رکھنے والے اور ملکی دانشوروں نے اسے ایک صائب مشورہ قرار دیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جمہوری طرز حکمرانی اور خود مختار مقامی حکومت

تحریر: سلمان عابد

آج کی دنیا جدیدیت پر مبنی حکمرانی کے نظام پر توجہ دینے کی بات کرتی ہے۔ جو بھی ریاستی یا حکومتی نظام مرکزیت پر مبنی نظام یعنی اختیارات کی مرکزیت کو بنیاد بنا کر حکمرانی کے نظام کو چلانے کی کوشش کرتا ہے تو اسے کمزور نظام کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کیونکہ کسی بھی سیاسی، سماجی، معاشی و انتظامی نظام سمیت گورننس کی بہتری کے معاملات کا براہ راست تعلق عدم مرکزیت یعنی سیاسی، انتظامی اور مالی اختیارات کی تقسیم کو بنیاد بنا کر ہی قائم کیا جا سکتا ہے۔

جمہوریت کی بنیاد ہمارے جیسے معاشروں میں تین نظام حکومت یعنی وفاقی، صوبائی اور خود مختار مقامی حکومتوں کے نظام پر قائم ہے۔ اسی بنیاد پر 1973 کے دستور کی شقیں 140-A میں لفظ بلدیاتی نظام کے مقابلے میں مقامی حکومت استعمال کیا گیا ہے تاکہ اسے ایک حکومت کے طور پر تسلیم کیا جائے۔ 1973 کے آئین کی شق 140-A تمام صوبائی حکومتوں کو پابند کرتی ہے کہ وہ اپنے اپنے صوبوں میں مقامی حکومت کے نظام کی مدد سے نچلی سطح پر سیاسی، انتظامی اور مالی اختیارات کی تقسیم کو یقینی بنانے، مقامی انتخابات کے تسلسل کو قائم کرنے اور اختیارات منتخب عوامی نمائندوں کو دینے کے پابند ہیں۔ جب کہ اسی آئین کی شق 32 اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ مقامی نظام حکومت مقامی سطح پر محروم طبقات جن میں عورتیں، اقلیتیں، معذور افراد، خواجہ سرا، مزدور، کسان اور نوجوانوں شامل ہیں ان کی مقامی ترقی کو بنیاد بنا کر آگے بڑھیں گی۔

پاکستان کے نظام کی شفافیت اور عوامی اعتماد سے محرومی پر مبنی نظام کی بنیادی کمزوری حکمرانی کے نظام میں موجود فرسودہ و روائتی خیالات کا غلبہ ہے۔ اس خرابی میں ایک بنیادی وجہ خود مختار مقامی حکومتوں کے نظام کی محرومی بھی ہے۔ اول صوبائی سطح پر صوبائی حکومتوں کی ترجیحاتی بنیاد مقامی حکومت کے برعکس ہے۔ دوئم اگر کسی دباؤ یا عدالتی فیصلوں کی بنیاد پر مقامی حکومتیں بنا بھی دی جائیں تو ان کو غیر فعال رکھنا یا ان کو اختیارات سے محروم رکھنا ہماری اجتماعی پالیسی کا حصہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں حکمرانی کے نظام سے جڑے معاملات پر ریاست یا حکومت اور عوام میں ایک بڑی خلیج اور بداعتمادی کا ماحول ہے۔ عمومی طور پر جمہوریت میں مقامی حکومتوں کے نظام کی حیثیت ایک کنجی کا درجہ رکھتی ہے اور اس نظام کے بغیر مضبوط، مربوط اور شفاف جمہوریت کا تصور کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔ خود مختار مقامی حکومت کا تصور صرف سیاسی نظام، سیاست یا جمہوریت کو ہی مضبوط نہیں بناتا بلکہ اس سے سیاسی جماعتوں کی اپنی داخلی ساکھ اور جماعتوں کا اپنا کردار مضبوط ہوتا ہے جو مقامی قیادت کو مقامی فیصلہ سازی میں شریک کر کے نظام میں ان کی اپنی ملکیت کے تصور کو اجاگر کرتا ہے۔

دنیا کی جدید حکمرانی کے نظام نے اپنی حکمرانی کے نظام کو منصفانہ اور شفاف بنانے یا نظام پر لوگوں کے اعتماد کو بحال رکھنے کے لیے اپنی ریاستی سطح پر خود مختار مقامی حکومت کے نظام کو اپنی ترجیح کا حصہ بنا کر ان سے جڑے مسائل کا علاج تلاش کر لیا ہے۔ پاکستان میں اس نظام کی خرابی کی بہت سی وجوہات ہیں جن میں ریاستی و حکومتی سطح پر مقامی حکومت کو تیسری حکومت کے طور پر قبول نہ کرنا، سیاسی جماعتوں کی عدم ترجیحات کا ہونا، انتظامی سطح پر بیوروکریسی کا مثبت رویہ نہ ہونا، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم اور صوبائی فنانس کمیشن میں مقامی مالی اختیارات کی تقسیم کے نظام میں خرابیاں۔

آئین میں موجود قانونی سقم، انتخابات کے تسلسل کا نہ ہونا، صوبائی حکومتوں کی اپنی مرضی، منشا اور سیاسی تقسیم سے جڑے مسائل، قومی اور صوبائی اسمبلی اور ان کے منتخب ارکان کے دوہرے معیارات، منتخب نمائندوں کے مقابلے میں بیوروکریسی یا غیر سیاسی عناصر کی بالادستی، مقامی حکومتوں کے مقابلے میں متبادل نظام کو قائم کرنے کی پالیسی، مقامی حکومت میں شفاف نگرانی، جوابدہی اور احتساب کے نظام کا نہ ہونا، محروم طبقات کو نظر انداز کر کے مقامی طاقت ور افراد کا سیاسی قبضہ، عدالتوں کے معاملات میں نظریہ ضرورت کی پالیسی و ریاستی سطح پر خود مختار مقامی حکومتوں کے نظام کا جامع فریم ورک یا گائیڈ لائن کا نہ ہونا یا وفاق کا مقامی حکومتوں کے نظام سے لاتعلقی کی سوچ و فکر نے اس نظام کو مختلف حوالوں سے کمزور کیا ہے۔

18 ویں ترمیم کے بعد ایک عمومی سوچ یہ ہی تھی کہ وفاق کی طرف سے صوبوں کو ملنے والے اختیارات کے بعد اگلی منزل صوبوں سے اضلاع، تحصیل، یونین کونسل یا ولیج کونسل میں اختیارات کی تقسیم ہوگی۔ کیونکہ صوبائی خود مختاری کا عمل کسی بھی صورت میں مقامی حکومت یا مقامی خود مختاری کے بغیر ممکن نہیں۔ لیکن صوبوں نے جس انداز میں صوبائی سطح پر اپنی مرکزیت قائم کر لی ہے اور اضلاع یا تحصیل یا یونین کونسل کی سطح پر اختیارات نہ دینے کی پالیسی نے صوبائی حکومت کے جمہوری مقدمہ کو کمزور کیا ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ صوبائی حکومتیں مقامی حکومت کو نظر انداز کر کے ایک متبادل پالیسی کمپنیاں یا اتھارٹیوں کی بنیاد پر کام کر رہی ہیں جو مقامی حکومتوں کے نظام کو کمزور کرنے یا ان کے مقابلے میں بیوروکریسی پر مبنی نظام کو فوقیت دینا ہے۔ صوبائی خود مختاری مقامی حکومتوں کے نظام میں اس حد تک آگے بڑھ گئی ہے کہ کوئی بھی ریاستی یا وفاقی ادارہ صوبائی حکومتوں کو نہ تو جوابدہ بنا تا ہے اور نہ ہی صوبائی حکومتیں وفاقی حکومت کو جوابدہ ہیں۔ یہ عمل صوبائی حکومتوں کو مقامی حکومت کے نظام میں من مانی کرنے، آئینی حدود سے باہر رہنے اور حکمرانی کے جدید تصورات کی نفی کرتا ہے۔

مقامی حکومتوں کے بارے میں اس وقت قومی سطح پر ایک بڑے جمہوری فریم ورک درکار ہے اور جو خامیاں اس نظام میں قانونی یا آئینی سطح پر موجود ہیں اس سقم کو دور کرنے کے لیے ہمیں ایک اتفاق رائے پر مبنی وفاقی سطح پر تمام سیاسی جماعتوں کی جانب سے متفقہ آئینی پیکیج لانا ہوگا تاکہ ہم خود مختار مقامی حکومت کے نظام کی سمت میں درست راستہ اختیار کر سکیں۔

اسی طرح جب تک ایم این اے اور ایم پی اے یا وفاقی اور صوبائی وزرا یا حکومتوں کے ترقیاتی بجٹ کے معاملات کو براہ راست مقامی حکومتوں کے نظام سے نہیں جوڑا جائے گا یہ نظام درستگی کی طرف نہیں بڑھ سکے گا۔ وفاقی اور صوبائی ارکان کی ترقیاتی بجٹ میں موجودگی اور دلچسپی اس نظام کی نفی کرتی ہے۔

اجتماعی مفادات کی پاسداری

تحریر: کامران پنواڑی

اب وقت ہے کہ وطن عزیز کو مشکل حالات سے نکالنے کیلئے پوری قوم اپنے ذاتی مفادات کی پاسداری چھوڑ کر قومی و اجتماعی مفادات کو ترجیح دے۔ وطن عزیز کے دشمنوں نے سازشوں اور مکروہ عزائم کے ذریعے قوم کو منتشر اور تقسیم کرنے کے لئے ہر منفی حربے کا سہارا لیا ہے اور ہماری کمزوریوں کو اپنی طاقت بنا کر پروپیگنڈوں اور جھوٹے بیانیوں کے ذریعے قوم میں بدگمانی کا زہر پھیلا کر اسے اپنے ملک اور اپنے اداروں سے متنفر کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ملک کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں اور بشمول قوم پرست جماعتیں دشمن قوتوں کی سازشوں کو ناکام بنائیں پاکستان کے ادارے پاکستان کا سرمایہ ہیں ان کی قربانیاں وطن عزیز کیلئے ہیں۔ افواج پاکستان اور سیکورٹی فورسز اپنے ملک کی بقاء اور سلامتی کی جنگ لڑ رہی ہیں قوم اپنے عسکری اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ رہ کر ملک دشمن قوتوں کے عزائم کو ناکام بنائے۔

پارلیمانی سیاست کرنے والے عوامی نمائندے چاہے وہ اقتدار میں ہوں یا اپوزیشن میں سب سے پہلے اپنے قومی اور اجتماعی مفادات کی پاسداری کریں اور ملک کو بحرانوں و مسائل سے نکالنے میں اپنے حصے کا کردار انجام دیں جب قوم ملک سے مخلص ہو گی تو دنیا کی کوئی قوت پاکستان کو ترقی اور کامیابی سے دور نہیں کر سکتی۔ ملکی معیشت اور ملک میں دہشت گردی و بدامنی کی خراب صورتحال ہر پاکستانی کیلئے باعثِ تشویش ہے۔ سب کو ملک کا امن عزیز ہے۔ شرپسند عناصر اور انکے سہولت کار ملک میں امن نہیں چاہتے۔ ملک میں جاری پراکسیز اور ان کی سہولت کاری و بیرونی معاونت سے ملک کے حالات خراب ہو رہے ہیں۔

قوم اور ملک کی سیاسی جماعتوں کے قائدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ قومی یکجہتی کے فروغ میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

قومی و اجتماعی مفادات جو وطن عزیز کو ترقی اور خوشحالی دلا سکتے ہیں انہیں اپنانے کی ضرورت ہے۔ سیاسی عدم استحکام سے ملک میں بے یقینی کی سی کیفیت ہے۔ بیرونی و اندرونی سرمایہ کاری متاثر ہو رہی ہے اس لئے سب سے پہلے سیاسی و مذہبی جماعتیں آپس کے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر پاکستان کا سوچیں چونکہ ملک مضبوط ہو گا تو ملک میں کامیابی و خوشحالی آئے گی۔

موجودہ حالات میں سب کو اپنا مثبت کردار ملکی مفادات کیلئے سرانجام دینے کی ضرورت ہے۔ اس قوم اور وطن کیلئے جانیں قربان کرنے والے شہداء اس ملک و قوم کا فخر ہیں ان کی تکریم دل سے کریں۔

ہر ہر شعبے اور ہر ہر محکمے میں قومی و اجتماعی مفادات کو پہلی ترجیح کے طور پہ رکھنے کی ضرورت ہے۔

یہ بات سمجھنا ضروری ہے کہ ملک میں جو حالات کی خرابی اور اداروں کو ہدف تنقید بنانے کا جو عمل ہے یہ ملک دشمن قوتوں کا ایجنڈہ ہے جو ہماری معاشرتی، ثقافتی، مذہبی، سیاسی اور اخلاقی اقدار میں دراڑیں پیدا کر کے قوم کو دست و گریباں کرنا چاہتا ہے تاکہ یہ قوم اپنے فروعی اختلافات میں پڑ کر اتنی کمزور پڑ جائے کہ ملکی مفادات کی پرواہ کرنا چھوڑ دے۔ ہمیں بحیثیت قوم متحد ہو کر دشمن عزائم کو خاک میں ملا کر ایک پاکستانی قوم بننا ہوگا۔ ہماری شناخت و پہچان صرف اور صرف پاکستانی ہے۔ ہمیں صوبائی عصبیت اور قومیت و لسانیت کی بنیاد پہ لڑانے کی سازشیں ہو رہی ہیں۔ فرقہ واریت کا زہر پھیلانے کی مذموم کوششیں کی جا رہی ہیں۔ ملکی آئین سے خلاف بغاوت پہ اکسانے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔

یہ سب کچھ ہماری ملی و قومی یکجہتی کے خلاف ہو رہا ہے اس سلسلے میں پاکستانی میڈیا اپنا ذمہ دارانہ کردار ادا کرے اور ان سازشوں کے سد باب کیلئے اپنی کاوشوں کو تیز کرے۔ سوشل میڈیا ٹرولرز کے ذریعے ملک میں جو انارکی پھیلانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں وہ انتہائی خطرناک ہیں۔

پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس

تحریر: ہمدان عبداللہ

صدر مملکت آصف علی زرداری نے گزشتہ روز سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی آرڈیننس پر دستخط کر دیئے جس کے بعد یہ آرڈیننس فوری طور پر نافذ ہو گیا ہے۔ آرڈیننس کے نفاذ سے عدالتی بنچوں کی تشکیل کے معاملے میں چیف جسٹس پاکستان کے اختیارات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ علاوہ ازیں اس کے تحت پہلے دائر ہونے والے مقدمات پہلے سنے جائیں گے، باری کے برخلاف کیس سنا جائے تو وجوہات دینی ہوں گی، ہر عدالتی کیس اور اپیل کی ریکارڈنگ ہوگی۔ ہر کیس اور اپیل کا ٹرانسکرپٹ عوام کیلئے دستیاب ہوگا۔ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ گزشتہ سال پارلیمنٹ نے منظور کیا تھا۔ اس قانون سے پہلے مقدمات کی سماعت کیلئے بنچوں کی تشکیل کا مکمل اختیار چیف جسٹس کے پاس ہوتا تھا جبکہ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ میں طے کیا گیا کہ بنچوں کی تشکیل چیف جسٹس کی سربراہی میں ایک تین رکنی کمیٹی کرے گی جس کے دیگر دو ارکان سپریم کورٹ کے سب سے سینئر جج ہوں گے۔ تاہم ایک سال سے پہلے ہی اس قانون میں بذریعہ آرڈیننس ترمیم کر کے بنچوں کی تشکیل کے عمل میں چیف جسٹس کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ ان کی سربراہی میں قائم ہونے والی تین رکنی کمیٹی میں ایک سب سے سینئر جج کے علاوہ دوسرا رکن وہ سپریم کورٹ کے کسی بھی جج کو اپنی صوابدید کے مطابق مقرر کر سکتے ہیں۔ اس طرح بنچوں کی تشکیل میں چیف جسٹس کی مرضی کا عمل دخل جو دو سب سے سینئر ججوں کی لازمی شمولیت کی پابندی کے باعث بہت کم رہ گیا تھا، توقع کی جا سکتی ہے کہ ان کی صوابدید سے مقرر ہونے والے تیسرے رکن کی وجہ سے اب بہتر ہو جائے گا۔ ایکٹ میں یہ تبدیلی صدارتی فرمان کے ذریعے کیے جانے کا فیصلہ بظاہر چیف جسٹس کے اختیار میں فوری اضافے کی ضرورت محسوس کیے جانے کے باعث کیا گیا ہے۔ معاملے کو سمجھنے کیلئے اس کے پس منظر کا نگاہ میں رکھنا ضروری ہے۔ قومی سیاست میں غیر جمہوری قوتوں کی عشروں سے جاری مداخلت نے معاشرے میں جو تقسیم و تفریق پیدا کر دی ہے، اس کے نتیجے میں ریاستی ادارے جس طرح باہمی کشمکش میں الجھ گئے ہیں اور یہ کیفیت مختلف اداروں کے درمیان ہی نہیں خود اداروں کے اندر بھی جس شدومد سے جاری ہے، وہ ایک کھلا راز ہے۔ سپریم کورٹ اور عسکری اداروں کی بعض شخصیات کے گٹھ جوڑ کے ذریعے ا?ج سے سات سال پہلے ایک منتخب وزیر اعظم کو جس طرح کسی معقول وجہ کے بغیر منصب سے معزول کیا گیا، اس کی تمام تفصیلات سامنے ا? چکی ہیں اور وقت کی عدالت نے ان فیصلوں کو ایک سازشی کھیل کا نتیجہ ٹھہرایا ہے۔ اس کے بعد بھی جب تک اختیارات اس ڈرامے میں شامل عدالتی شخصیات کے ہاتھ میں رہے، فیصلوں میں جانبداری نمایاں رہی۔ تمام اہم ا?ئینی اور سیاسی معاملات میں محض تین چار مخصوص ججوں پر مشتمل بنچ قائم کرنے کی روایت ڈالی گئی جس کے باعث مقدمے کی سماعت شروع ہونے سے پہلے ہی اندازہ لگایا جا سکتا تھا کہ فیصلہ کیا ہوگا۔ اس صورت حال کی اصلاح کی خاطر ایک سال پہلے پارلیمان نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ منظور کیا جس کے ذریعے سے عدالتی بنچوں کی تشکیل کا اختیار صرف چیف جسٹس کے بجائے ان کی سربراہی میں دو سب سے سینئر ججوں پر مشتمل تین رکنی کمیٹی کو دیا گیا تھا۔ لیکن بظاہر عدلیہ میں تقسیم کی وجہ سے چیف جسٹس کو معاملات چلانے میں مشکل کا سامنا کرنا پڑا جس کی وجہ سے اختیارات میں توازن پیدا کرنا ضروری سمجھا گیا اور اس کیلئے ترمیمی آرڈیننس کا راستہ اپنایا گیا کیونکہ پارلیمان کا اجلاس بھی جاری نہیں اور غالباً حکومت موجودہ حالات میں اس کی پارلیمان سے منظوری حاصل کرنے میں بھی دشواری محسوس کر رہی تھی۔ بہرحال تمام ریاستی اداروں کو معاملات نیک نیتی سے قومی مفاد میں انجام دینے چاہئیں کہ ملک اسی طرح بحرانوں سے نجات پا سکتا ہے۔

آپ ﷺ کی محبت کا کارواں جس صحرا پر اترا گلستان بن گیا، حاجی محمد اشرف قادری

جب دنیا گھٹاٹوپ اندھیروں میں ڈوبی ہوئی تھی تو آپ ﷺ کی آمد نے اسلام کی روشنی پھیلائی

کراچی (این این آئی) قادری قریشی فاؤنڈیشن کے چیئرمین اور ممتاز اسلامی اسکالر حاجی محمد اشرف قادری نے کہا کہ اللہ رب العالمین نے اپنے محبوب پیغمبر حضرت محمد ﷺ کو اپنا آخری نبی بنا کر لوگوں کی رہبری کے لیے بھیجا۔ آپ ﷺ نے بھٹکے ہوؤں کو سلامتی کا راستہ دکھا کر اندھیری غاروں سے نکالا اور ابدی روشنی سے ہمکنار کیا۔ آپ ﷺ کو رحمت اللعالمین کے لقب سے بھی پہچانا جاتا ہے۔ آپ ﷺ نہایت رحم دل اور کریمانہ صفات کے مالک ہیں۔ جس کے باعث اپنے اور غیر سب ہی آپ ﷺ سے بے انتہا محبت کرتے ہیں جس دل میں آپ ﷺ کی محبت ہو وہ عام دلوں کی نہیں رہتے بلکہ وہ مسرور ہو جاتے ہیں، امر ہو جاتے ہیں اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے زندہ جاوید ہو جاتے ہیں۔ سرکار دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ کی سب سے بڑی نعمت ہیں۔ آپ ﷺ کی ذات مبارکہ ہی وجہ تخلیق کائنات ہے۔ حضرت محمد ﷺ کے والد ماجد حضرت عبداللہ آپ کی ولادت باسعادت سے پہلے ہی اللہ کو پیارے ہو گئے تھے۔ اللہ رب العالمین نے اپنے محبوب پیغمبر حضرت محمد ﷺ کو دنیا میں بھیجا۔ حاجی محمد اشرف قادری نے مزید کہا کہ اسلام میں مساجد کا کردار اہم رہا جب تک اقتدار مسجد سے وابستہ رہا اور محلات کے طرف منتقل نہیں ہوا اس وقت تک ہر عورت اور مرد کو یہ اختیار حاصل تھا کہ وہ اپنی بات اور اپنا سوال وقت کے حکمرانوں سے کر سکتے تھے۔ رسول اکرم ﷺ نے تمام معمور مملکت مسجد نبوی میں بیٹھ کر چلائے

منعم ظفر خان نے اہلیان گلشن شمیم کے لیے واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر دیا

شہریوں کو نلکوں میں پانی فراہم کرنے کی ذمہ داری قابض میئر مرتضیٰ وہاب کی ہے۔ منعم ظفر خان کا شرکاء سے خطاب

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے الخدمت کے تحت اہلیان گلشن شمیم فیڈرل بی ایریا علاقہ مکینوں کے لیے واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر جماعت اسلامی ضلع وسطی گلبرگ کے سکریٹری کامران سراج، الخدمت واش پروگرام کے ڈائریکٹر سید گوہر اسلام، نائب امیر ضلع وسطی گلبرگ سید احمد، سکریٹری اطلاعات زاہد عسکری، سینیئر ڈپٹی سکریٹری اطلاعات صہیب احمد و دیگر بھی موجود تھے۔ منعم ظفر خان نے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت و ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ عوام کو تعلیم اور صحت کے شعبے میں سہولیات فراہم کرے۔ واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن شہریوں کے جائز مطالبات پورے کرنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ شہریوں کو نلکوں میں پانی فراہم کرنے کی ذمہ داری قابض میئر مرتضیٰ وہاب کی ہے۔ ماضی میں جماعت اسلامی کے عبدالستار افغانی اور نعمت اللہ خان نے شہریوں کے لیے پانی کا کے ٹو اور کے تھری منصوبہ مکمل کیا۔ نعمت اللہ خان نے کے تھری منصوبہ مکمل کرنے کے بعد کے فور منصوبہ پیش کیا جو آج تک مکمل نہیں ہو سکا۔ شہریوں کو پانی فراہم کرنا ٹاؤن و یوسی چیئرمینز کی ذمہ داری نہیں بلکہ قابض میئر کی ہے

لاہور، وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین چینی قونصل جنرل کے ہمراہ چین کے قومی دن کا کیک کاٹ رہے ہیں

کراچی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ تعلیمی انفراسٹرکچر سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بنگلہ دیش میں پاکستانی ڈرامہ سیریلز بہت زیادہ مشہور ہیں، بنگلہ دیشی ہائی کمشنر

میری اہلیہ پاکستان کے کھانے پینے سے متعلق چینلز کو پسند کرتی ہیں، محمد روح العالم صدیقی

کراچی (اے ایف پی) پاکستان میں بنگلہ دیشی ہائی کمشنر نے کہا ہے کہ ان کے ملک میں پاکستانی ڈرامہ سیریلز بہت زیادہ مشہور ہیں اور ان کی اہلیہ پاکستان کے کھانے پینے سے متعلق چینلز کو پسند کرتی ہیں۔ کراچی کونسل آف فارن ریلیشنز کے تحت پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات کے حوالے سے پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر محمد روح العالم صدیقی نے عوام کے درمیان باہمی تعلقات کو مستحکم بنانے کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو سال سے تجارتی سرگرمیاں بہتر انداز میں نہیں چل سکیں، براہ راست شپنگ معطل ہونے سے تجارتی سرگرمیوں میں خلل پیدا ہوا۔ روح العالم صدیقی نے کہا کہ ڈھاکہ کراچی سیکٹر پاکستان کی قومی ایئرلائن کا منافع بخش روٹ ہے، دونوں ممالک کے عوام کے درمیان رابطہ سفارتی تعلقات کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، جیو پولیٹیکل صورتحال کی وجہ سے بنگلا دیش کو کشیدہ صورتحال کا سامنا کرنا پڑا، جلد بنگلا دیش کے چیف ایڈوائزر اقوام متحدہ کے اجلاس میں پاکستانی وزیراعظم سے ملاقات کریں گے۔ ہائی کمشنر بنگلہ دیش کا کہنا تھا کہ پاکستان بنگلا دیش کو کاٹن فروخت کرتا ہے لیکن گزشتہ عرصے سے پاکستان اتنی کاٹن کی پیداوار نہیں کر پا رہا کہ امپورٹ کی جا سکے، بہت سے فوک فیسٹیول میں پاکستانی سنگرز آتے رہتے ہیں، ویزہ کے مسائل ہیں جنہیں حل کرنے کی ضرورت پر زور دینا چاہیے۔

ذاتی نوعیت کے ہنگامی حالات کے دوران تیاری کے منصوبوں پر ایک روزہ تربیت کا انعقاد

یہ تربیت ایک جامع اور لچکدار معاشرہ بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے

کراچی (اے ایف پی) این ڈی ایف پاکستان نے معذور افراد کے لیے ذاتی نوعیت کے ہنگامی حالات کے دوران تیاری کے منصوبوں پر ایک روزہ تربیت کا انعقاد کیا نوابشاہ: نیشنل ڈس ایبلٹی اینڈ ڈویلپمنٹ فورم (NDF) پاکستان نے کوریا SHE فاؤنڈیشن کے تعاون سے نواب شاہ میں ذاتی نوعیت کے ہنگامی حالات کے دوران تیاری کے منصوبوں پر ایک روزہ تربیت کا کامیاب انعقاد کیا۔ ہنگامی تیاریوں کو مضبوط بنانے اور بحران کے وقت معذور افراد کی حفاظت اور بہبود کو یقینی بنانے کے لیے 30 معذور افراد و دیگر منسلک محکمہ کے افسران نے اس تقریب میں شرکت کر کے تربیت کا حصہ رہے۔ این ڈی ایف کے پروگرام مینیجر طارق حسین چنڑ کی زیر قیادت تربیت نے شرکا میں اپنی منفرد ضروریات کے مطابق ہنگامی منصوبے تیار کرنے کی صلاحیت کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کی۔ اس اقدام کا مقصد افراد باہم معذوری کو قدرتی آفات، صحت کی ہنگامی صورتحال اور دیگر نازک حالات کا مؤثر طریقے سے جواب دینے کے لیے ضروری معلومات اور آلات سے آراستہ کرنا ہے۔ دوران تربیت، شرکا نے خطرات کا اندازہ لگانے، ہنگامی حالات کے دوران مؤثر طریقے سے بات چیت کرنے، اور قابل رسائی انخلا کے طریقہ کار کو یقینی بنانے کے بارے میں بات چیت اور عملی مشقوں میں مصروف رہے۔ طارق حسین چنڑ نے بتایا کہ کوریا SHE فاؤنڈیشن کے ساتھ تعاون نے تربیت کے مواد کو مزید تقویت بخشتے ہوئے ایک بین الاقوامی تناظر پیش کیا۔ طارق حسین چنڑ نے معذور افراد کو ہنگامی تیاریوں میں فعال اقدامات کرنے کے لیے بااختیار بنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا، "یہ تربیت ایک جامع اور لچکدار معاشرہ بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے جہاں ہر شخص خواہ کسی بھی صلاحیت کے باوجود، تیار اور محفوظ رہتا ہے۔ طارق حسین چنڑ نے مزید کہا کہ یہ تقریب NDF پاکستان کی ملک بھر میں معذور افراد کے حقوق، حفاظت اور شمولیت کے فروغ کے لیے جاری کوششوں میں ایک اہم سنگ میل کی نشاندہی کرتی ہے۔ شرکا، جن میں معذور افراد اور مقامی تنظیموں کے نمائندے شامل تھے، نے حاصل کردہ عملی علم کے لیے اپنی تعریف کا اظہار کیا اور اسے اپنے علاقاجات میں لاگو کرنے کا عزم کیا۔ این ڈی ایف پاکستان اور کوریا شی فاؤنڈیشن سب کے لیے جامع ترقی اور حفاظت کو فروغ دینے کے لیے اس طرح کی باہمی کوششوں کو جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں

تھانہ اورنگی پولیس نے گٹکا ماوا سپلائی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا

کراچی (این این آئی) ویسٹ، تھانہ اورنگی پولیس نے گٹکا ماوا سپلائی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ موٹر سائیکل سوار ملزم تیار گٹکا ماوا سپلائی کے لئے لیکر جا رہا تھا۔ پولیس نے اسنیپ چیکنگ کے دوران کارروائی کر کے ملزم انعام اللہ ولد فضل واحد کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزم سے 110 پڑیاں 08 کلو سے زائد گٹکا ماوا اور نقدی رقم برآمد ہوئی۔

تھانہ سرجانی پولیس نے اسٹریٹ کرائم میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا

کراچی (این این آئی) تھانہ سرجانی پولیس نے اسٹریٹ کرائم میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی ویسٹ کے مطابق ملزم عبدالباری ولد ایاز احمد کو سرجانی سیف المری گوٹھ سے گرفتار کیا گیا۔ طارق الٰہی مستوئی گرفتار ملزم سے غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ ملزم کے زیر استعمال بلا نمبری موٹر سائیکل بھی تھانہ سرجانی کی سرقہ شدہ ہے۔

مسلمان قرآن کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں، بیگم امتیاز نسیم

باغ میں بین الاقوامی معیار کا دینی تعلیمی ادارہ دارالعلوم الخیریہ سلفیہ کئی دہائیوں سے باغ میں اپنی دینی و سماجی خدمات سرانجام دے رہا ہے

باغ (اے ایف پی) وزیر حکومت آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر بیگم امتیاز نسیم نے کہا ہے کہ مسلمان قرآن کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں، ایک مرد کی تعلیم ایک فرد کی تعلیم ہے جبکہ ایک عورت کی تعلیم ایک خاندان کی تعلیم ہوتی ہے، آج کے جدید اور سائنسی دور میں والدین کو چاہیئے کہ وہ بچوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ بچیوں کو اعلیٰ تعلیم کے ساتھ دینی تعلیم و تربیت کا اہتمام کریں، دینی تعلیم حاصل کرنے والی بچیاں معاشرے کی بہتر انداز میں تعلیم و تربیت کا اہتمام کر سکتی ہیں، اللہ تعالیٰ نے خواتین کو تعلیم سے منع نہیں کیا بلکہ بچیوں کو دینی و دنیاوی تعلیم حاصل کرنے پر زور دیا ہے، باغ میں بین الاقوامی معیار کا دینی تعلیمی ادارہ دارالعلوم الخیریہ سلفیہ کئی دہائیوں سے باغ میں اپنی دینی و سماجی خدمات سرانجام دے رہا ہے، اس ادارے کے بانی مولانا انور رکن الدین مرحوم کی دینی و سماجی خدمات لائق تحسین ہیں ہم ان کو اس شاندار خدمات پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، اس ادارے کے بچے سعودی عرب کی کئی بین الاقوامی شہرت یافتہ یونیورسٹیز میں دینی تعلیم کے ساتھ جدید تعلیم حاصل کر رہے ہیں جو باغ کے عوام کے لیے ایک بڑا اعزاز ہے انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت اور وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق کا دینی اداروں سے گہرا لگاؤ ہے، دینی اداروں سے نرمی کی ہدایات ہیں، باغ میں امیر جمعیت اہلحدیث پروفیسر ڈاکٹر محمد الیاس محمد انور کی طرف سے ویمن یونیورسٹی کے قیام کا اعلان باغ اور آزاد کشمیر کی عوام کے لیے خوشخبری ہے، حکومت آزاد کشمیر خواتین کے تعلیمی اداروں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے دارالعلوم الخیریہ السلفیہ باغ میں تقسیم اسناد برائے طالبات کی اختتامی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب کی صدارت مرکزی امیر جمعیت اہلحدیث آزاد کشمیر پروفیسر ڈاکٹر محمد الیاس انور رکن الدین نے کی تقریب سے ایس پی خرم باغ اقبال، مولانا محمد اشرف، نائب امیر جمعیت اہلحدیث کوٹلی پہلوان ذوالفقار جنجوعہ، مولانا محمد عبد القدوس، محمد عمران، حافظ حفیظ الرحمٰن، حافظ دانیال توصیف، و دیگر نے خطاب کیا تقریب میں طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر ادارے سے فارغ ہونے والی بچیوں کو اسناد سے بھی نوازا گیا دارالعلوم الخیریہ میں اس سال وفاق المدارس کے اکثر طالبات نے ممتاز درجہ حاصل کیا، تقریب سے مرکزی امیر جمعیت اہلحدیث آزاد کشمیر پروفیسر ڈاکٹر محمد الیاس انور رکن الدین نے اپنے خطاب میں کہا کہ اللہ کا قرآن میں حکم فرماتے ہیں

کراچی، ورلڈ پیس ڈے میراتھن ریس کے موقع پر نثار کھوڑو اور دیگر عہدیداران کیک کاٹ رہے ہیں

برطانیہ کی نومنتخب حکومت مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے کردار ادا کرے، چوہدری جاوید بڈھانوی

بھارت مقبوضہ کشمیر میں بدترین مظالم کے ذریعے تمام غیر جمہوری اقدامات کر کے کشمیریوں کی تحریک کو ختم کرنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے

لندن (اے ایف پی) آزاد کشمیر کے وزیر بحالیات چوہدری جاوید بڈھانوی نے برطانیہ آمد پر اپنے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا برطانیہ کی نومنتخب حکومت مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے کردار ادا کرے۔ برطانیہ کی موجودہ لیبر حکومت سے کشمیریوں کو بہت سی توقعات ہیں مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے ذریعے ممکن ہے انہوں نے برطانوی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارتی حکومت کے کشمیر کی تاریخی حیثیت کو تبدیل کرنے کے بھارتی سازش کا نوٹس لے بھارت مقبوضہ کشمیر میں بدترین مظالم کے ذریعے تمام غیر جمہوری اقدامات کر کے کشمیریوں کی تحریک کو ختم کرنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے وزیر بحالیات آزاد کشمیر چوہدری جاوید بڈھانوی نے کہا کہ لیبر پارٹی کی موجودہ حکومت اپنے منشور میں کیے گئے سابقہ وعدے کے مطابق مسل؟ کشمیر کے حل کے لیے کردار ادا کرے

آر ڈی ایم سی ریکوڈک کی طرف سے مقامی افراد کو نظر انداز کرنے کی پالیسوں پر سخت تنقید

چاغی کے تعلیم یافتہ اور تجربہ کار نوجوانوں کو جان بوجھ کر ملازمتوں کے مواقع سے محروم رکھا جا رہا ہے،

نوکنڈی (نامہ نگار) نوکنڈی کے سیاسی و سماجی رہنما قدیر حسن زئی نے ایک بیان میں آر ڈی ایم سی ریکوڈک کی طرف سے مقامی افراد کو نظر انداز کرنے کی پالیسوں پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ نوکنڈی اور ضلع چاغی کے تعلیم یافتہ اور تجربہ کار نوجوانوں کو جان بوجھ کر ملازمتوں کے مواقع سے محروم رکھا جا رہا ہے، جبکہ دیگر علاقوں سے بڑی تعداد میں افراد کو بھرتی کیا جا رہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ آر ڈی ایم سی کمپنی کی جانب سے مقامی نوجوانوں کو شارٹ لسٹ نہ کرنا اور ان کے حقوق کو مسلسل نظر انداز کرنا ایک مذموم سازش ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ آر ڈی ایم سی اپنی پالیسیاں تبدیل کرے اور مقامی نوجوانوں کو ان کے حق کے مطابق ملازمتوں میں مواقع فراہم کرے انہوں نے یہ بھی نشاندہی کی کہ آر ڈی ایم سی اور مقامی لوگوں کے درمیان بڑھتے ہوئے فاصلے کی بنیادی وجہ کمیونٹی ڈیپارٹمنٹ ہے، جو نوکنڈی کے عوام اور کمپنی کے درمیان کمیونیکیشن گیپ کا باعث بن رہا ہے اگر آر ڈی ایم سی کمپنی نے اپنی نوکنڈی دشمن پالیسیاں تبدیل نہ کیں تو آر ڈی ایم سی ریکوڈک کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا، اور اس کی تمام تر ذمہ داری آر ڈی ایم سی انتظامیہ پر عائد ہو گی

فیصل آباد، سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان این اے 97 کے عوام سے ملاقات کر رہے ہیں

پبلک سروس کمیشن نے امتحانات و نتائج کے شیڈول و دیگر امور کی تفصیلات جاری کر دیں

آزاد جموں و کشمیر پبلک سروس کمیشن کے پاس 2023 تک مشتہر کردہ 1119 آسامیاں زیر کار تھیں

مظفر آباد (اے ایف پی) آزاد جموں و کشمیر پبلک سروس کمیشن کے پاس 2023 تک مشتہر کردہ 1119 آسامیاں زیر کار تھیں جبکہ سال 2024 میں مختلف محکمہ جات کی جانب سے موصولہ ریکوزیشن ہا کے تحت مزید 949 آسامیاں موصول ہوئیں جو مشتہر کیں گئیں ہیں۔ کل مشتہر زیر کار آسامیوں کی تعداد 2068 ہے جن کے خلاف 160000 سے زائد امیدواران نے درخواستیں جمع کروا رکھی ہیں۔ کل مشتہر شدہ آسامیوں میں سے مئی سے ستمبر کے درمیانی عرصہ میں 984 آسامیوں کے خلاف 75500 امیدواران سے تحریری / ایم سی کیو ٹیسٹ کا انتظام کیا گیا ہے۔ موجودہ مالی سال کے دوران ڈیڑھ سے دو لاکھ امیدواران سے امتحان لینے کا اندازہ ہے جس میں سے 60000 افراد سے امتحان لینے کے بعد پہلی سہ ماہی کا ہدف حاصل کر لیا گیا ہے، اور اس تسلسل کو برقرار رکھنے کی کوشش کی جائیگی، تاکہ محکمہ جات میں درکار افرادی قوت کی رسید کو یقینی بنایا جا سکے، اور اچھی حکمرانی کے مقصد کے حصول میں حکومت کی مدد کی جا سکے۔ آزاد جموں و کشمیر پبلک سروس کمیشن کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ عوام الناس کی طرف سے پبلک سروس کمیشن کے پاس موصولہ ریکوزیشن ہا، اشتہارات، امتحانات و نتائج کے شیڈول اور سفارشات کی اجرائیگی وغیرہ کے حوالہ سے آئے روز سوالات استفسارات موصول ہوتے ہیں۔

اکابرین امت کا مشن مشعل راہ ہے، نظام مصطفیٰ نافذ کریں گے، پیر قاضی فیض رسول

خانوادہ محدث اعظمؒ پاکستان نے ہمیشہ دین کی آبیاری کا فریضہ انجام دیا، پیر ارشد کاظمی

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنّت پاکستان (سندھ) کے زیر اہتمام مرکزی چیئرمین سجادہ نشین آستانہ محدث اعظم پاکستان پیر قاضی فیض رسول حیدر رضوی کے زیر صدارت جامعہ سجانیہ رحیمیہ بن قاسم ٹاؤن ملیر میں منعقدہ عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس و سالانہ عرس مبارک جگر گوشہ محدث اعظم پیر فضل رسول حیدر رضویؒ سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس نذیر احمد غازی نے کہا ہے کہ قادیانیت ایک سڑا ہوا مذہب ہے، جس کا کچا چٹھا ہمارے اکابرین نے مرزا قادیانی کی زندگی میں ہی کھول دیا تھا اور اس کے تمام دعوے اس کے منہ پر مار کر امت مسلمہ اس کی اصلیت سے آگاہ فرمادیا، بعد میں 1974ء میں اس جھوٹے مذہب کے ماننے والوں کو پاکستان کی قومی اسمبلی سے غیر مسلم اقلیت قرار دے کر ہمارے اکابرین نے اس فتنے کا قلع قمع کر کے سنت صدیق اکبرؓ کو زندہ فرمایا۔ انہوں نے کہا کہ قادیانیت کے فتنے کی بیخ کنی ہر دور میں کرتے آئے ہیں، منکرین ختم نبوت کا تعاقب کسی حال میں نہیں چھوڑیں گے۔ اپنے صدارتی خطاب میں مرکزی چیئرمین سجادہ نشین آستانہ محدث اعظم پاکستان پیر قاضی فیض رسول حیدر رضوی نے کہا کہ اکابرین امت کا مشن مشعل راہ ہے، تحریک اہلسنّت ملک میں اسلام کی سربلندی اور اکابرین کی تعلیمات کو فروغ دینے میں اپنی کوششیں اور کاوشیں بروئے کار لا رہی ہے، ان شاء اللہ ملک میں نظام مصطفیٰ ﷺ نافذ کریں گے۔

ختم نبوت ہمارے ایمان کا لازمی جزو ہے: مولانا محمد حنیف حقانی

قادیانی خود کو مسلمان ظاہر کر کے سادہ لوح مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ہیں: کانفرنس سے خطاب

لاہور (اے ایف پی) ورلڈ پاسبان ختم نبوت کے زیر اہتمام جامع مسجد صدیق اکبرؓ میں ختم نبوت کانفرنس حافظ رضوان احمد صدیقی کی صدارت میں منعقد ہوئی جس سے خطاب کرتے ہوئے ناظم اعلیٰ ورلڈ پاسبان ختم نبوت مولانا محمد حنیف حقانی مفتی ظہیر احمد ظہیر، قاری محمد داؤد نقشبندی حسن افضال صدیقی، حافظ سلمان صدیقی، زین العابدین صدیقی، حافظ یعقوب شاہ دیگر نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان کا لازمی جزو ہے ختم نبوت پر ایمان رکھے بغیر کوئی بھی شخص خود کو مسلمان نہیں کہلوا سکتا منکرین ختم نبوت قادیانی اسلامی شعائر کا غلط استعمال کرتے ہوئے خود کو مسلمان ظاہر کر کے سادہ لوح مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ہیں

ہم سب کو نبی آخرالزماں حضرت محمدﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر انسانیت کی خدمت کرنی ہوگی، سید مصطفیٰ کمال

سیرت نبوی پر عمل پیرا ہو کر ہم سب دنیا اور آخرت میں کامیابی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں، عبدالحسیب

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے زیر اہتمام ہر سال کی طرح امسال بھی اورنگی ٹاؤن میں عظیم الشان محفل ذکر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا انعقاد کیا گیا۔ محفل ذکر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی محفل معروف نعت خواں، قوال اور علما کرام سمیت اورنگی ٹاؤن کے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل ذکر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مبارک محفل میں مہمان خصوصی ایم کیو ایم کی مرکزی کمیٹی کے سینئر رہنما سید مصطفیٰ کمال، سید امین الحق تھے۔ اس موقع پر سید مصطفیٰ کمال نے اپنے مختصر خطاب میں کہا کہ نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ پاک نے تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا انکی زندگی ہمارے لیے مشعل راہ ہے، ہم سب کو نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونا ہوگا

شمالی دارفور کے علاقے الفاشر میں بڑھتے ہوئے تشدد پر گہری تشویش کا اظہار

تمام فریقین کو شہریوں کے تحفظ کو اولین ترجیح دینی چاہیے، رانا بشارت علی

ٹھٹھ (رپورٹو احد شورو) انسانی حقوق کی عالمی تحریک کے چیئرمین رانا بشارت علی خان نے شمالی دارفور کے علاقے الفاشر میں بڑھتے ہوئے تشدد پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے، جہاں ریپڈ سپورٹ فورسز (RSF) کی مکمل حملے نے سوڈان کو مزید بدامنی کی طرف دھکیل دیا ہے۔ انہوں نے فوری جنگ بندی کا مطالبہ کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ تمام فریقین کو شہریوں کے تحفظ کو اولین ترجیح دینی چاہیے۔ الفاشر میں بڑھتا ہوا تشدد نہ صرف افسوسناک ہے بلکہ ناقابل قبول بھی ہے۔ سوڈان کے عوام، جو پہلے ہی قحط اور بے دخلی کا شکار ہیں، مزید مصائب برداشت نہیں کر سکتے، "رانا بشارت علی خان نے کہا۔ "انسانی حقوق کی عالمی تحریک دارفور اور پورے سوڈان کے شہریوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتی ہے، جو اس بے رحم جنگ کی بھاری قیمت چکا رہے ہیں۔ تمام فریقین کو فوری طور پر جنگ بندی کرنی چاہیے، بین الاقوامی انسانی قوانین کا احترام کرنا چاہیے اور شہریوں اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے سے باز رہنا چاہیے۔" اپریل 2023 سے، سوڈان ریپڈ سپورٹ فورسز اور سوڈانی مسلح افواج (SAF) کے درمیان تنازعہ میں پھنسا ہوا ہے، جس سے ملک کے اندر دس ملین سے زیادہ افراد بے گھر ہو چکے ہیں اور دو ملین سے زیادہ افراد کو ہمسایہ ممالک میں پناہ لینے پر مجبور کر دیا گیا ہے۔ انسانی صورتحال انتہائی خراب ہو چکی ہے، جہاں الفاشر کے قریب زمزم کیمپ سمیت کئی علاقوں میں قحط کا اعلان کیا گیا ہے اور لاکھوں افراد خطرے میں ہیں۔ حالیہ اطلاعات کے مطابق، الفاشر میں ہوائی حملوں اور گولہ باری سے اسپتالوں اور اہم بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا ہے، جبکہ شہریوں خاص طور پر خواتین اور بچوں کو خوراک کی شدید کمی، بیماریوں کے پھیلا، اور تشدد کے خطرات کا سامنا ہے۔ تنازعے کے دوران انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں، جن میں ماورائے عدالت قتل، غیر قانونی حراستیں اور جنسی تشدد کو جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ "سوڈان کی صورتحال ایک نازک موڑ پر پہنچ چکی ہے، اور عالمی برادری اس سے مزید آنکھیں نہیں چرا سکتی، "رانا بشارت علی خان نے خبردار کیا۔ "اگر یہ تشدد بے قابو رہا تو یہ مزید نسلی کشیدگی کو ہوا دے سکتا ہے، جس سے دارفور اور سوڈان کے دیگر حصوں میں مزید عدم استحکام پیدا ہوگا۔ فوری مداخلت کی ضرورت ہے تاکہ سوڈان کو مکمل تباہی سے بچایا جا سکے۔" رانا بشارت علی خان نے سوڈان میں امن اور انسانی حقوق کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا اور عالمی طاقتوں اور بین الاقوامی تنظیموں سے مطالبہ کیا

وزیراعظم آزاد کشمیر کے خلاف ایڈہاک ملازمین کا ریاست گیر احتجاجی تحریک چلانے کا فیصلہ

29 اگست کو ہر ضلع کے ہیڈ کوارٹر پر احتجاجی مظاہرے کئے جائیں گے اگلے احتجاج کا اعلان کر دیا گیا مرکزی کور کمیٹی ایڈہاک ملازمین

مظفر آباد (اے ایف پی) وزیراعظم آزاد کشمیر کے بیان کیخلاف ایڈہاک ملازمین کا ریاست گیر احتجاجی تحریک چلانے کا فیصلہ، 29 اگست کو آزاد کشمیر کے ضلعی ہیڈ کوارٹر پر احتجاجی مظاہروں کا اعلان کر دیا گیا مرکزی کور کمیٹی ایڈہاک ملازمین کے نمائندوں کا ہنگامی اجلاس جلال آباد گارڈن میں منعقد ہوا اجلاس میں راجہ اطہر علی خان، انصر مغل، طاہر اقبال، راجہ شجاعت، رئیس احمد، نوید، عاطف عزیز، محمد توصیف مغل صاحب، رفاقت چغتائی اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیراعظم آزاد کشمیر کی جانب سے ایڈہاک ملازمین کو مستقل نہ کرنے کے بیان کو ہزاروں افراد کے منہ سے روٹی نوالہ بھی چھیننے کے مترادف قرار دیا گیا، وزیراعظم کے اس بیان سے یہ بات عیاں ہوئی ہے کہ ایڈہاک ملازمین اس ریاست کا حصہ ہی نہیں اور یہ کسی اور سیارے کی مخلوق ہیں، وزیراعظم کے بیان کے ردعمل میں ایڈہاک ملازمین نے پورے آزاد کشمیر میں احتجاجی تاریک شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے پہلے مرحلے میں 29 اگست کو ہر ضلع کے ہیڈ کوارٹر پر احتجاجی مظاہرے کئے جائیں گے اگلے احتجاج کا اعلان 29 اگست کی شام کو کیا جائے گا جس میں ایڈہاک ملازمین کا ایک ہی ایجنڈا ہوگا جس میں ایکٹ 2021 کی بحالی کی جائے، کیونکہ جملہ ایڈہاک ملازمین کی مدت ملازمت اس وقت 5 سال سے 25 سال ہو چکی ہے

حکومت نے نظام کو درست کرنے کے لیے مشکل فیصلے کیے جن کے ثمرات عوام پہنچ رہے ہیں پیر محمد مظہر سعید شاہ

’تمام حلقوں میں برابری کی بنیاد پر ترقیاتی فنڈز کی فراہمی، میرٹ پر بھرتیوں سمیت دیگر اقدامات اٹھائے

اسلام آباد (اے ایف پی) آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کے وزیر اطلاعات پیر محمد مظہر سعید شاہ نے کہا ہے کہ حکومت نے نظام کو درست کرنے کے لیے مشکل فیصلے کیے، جن کے ثمرات عوام پہنچ رہے ہیں۔ تمام حلقوں میں برابری کی بنیاد پر ترقیاتی فنڈز کی فراہمی، این ٹی ایس کے ذریعے سو فیصد میرٹ پر ٹیچرز کی بھرتیاں، صاف و شفاف پبلک سروس کمیشن کے قیام سمیت حکومتی اداروں میں اصلاحات، سروس ڈیلیوری میں بہتری اور کفایت شعاری کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں، سوشل پروٹیکشن ویلفیئر پروگرام میں سکروٹنی کا عمل جاری ہے، زکواۃ کے شعبہ میں اصلاحات لائی جا رہی ہیں جبکہ ای ٹینڈرنگ کے ذریعے اربوں روپے کی بچت کر کے وسائل عوام کی فلاح و بہبود پر لگائے جا رہے ہیں۔ وزیر اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر پیر محمد مظہر سعید شاہ نے مختلف عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا کہ حکومت عوام الناس کی فلاح و بہبود اور ریاست کی تعمیر و ترقی کیلئے بلاتفریق کام کر رہی ہے۔

پاکپتن، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ بابا فرید الدین گنج شکر کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ہمارے لئے دروس نبویہ میں سب سے بڑا درس امت سازی اور امت اسلامی کا قیام ہے، علامہ شبیر حسن میثمی

رسول اکرم کا سب سے بڑا سبق امت سازی ہے، بلاشبہ رسول اکرم انسانی تاریخ کے عظیم قافلے کے سالار قائد و رہبر ہیں

کراچی (این این آئی) شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ شبیر حسن میثمی نے ہفتہ وحدت کے حوالے سے مقامی ہال میں رسول اکرم انٹرنیشنل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ رسول اکرم انسانی تاریخ کے عظیم قافلے کے سالار قائد و رہبر ہیں آپ ہر انسانی زندگی کے لئے کامل، جامع اور ہم جہت درس لیکر آئے ہیں اور ہمارے لئے دروس نبویہ میں سب سے بڑا درس امت سازی اور امت اسلامی کا قیام ہے رسول اکرم کا سب سے بڑا سبق امت سازی ہے اور امت کے خواص کو امت اسلامی کے قیام کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہئے امت اسلامی کے قیام کی صورت میں مسلمین اپنی اندرونی طاقت سے صہیونی ریاست کے خبیث سرطانی پھوڑے کو فلسطین اور دنیائے اسلام کے قلب سے اکھاڑ کر پھینک سکتے ہیں اور امریکہ کے جابرانہ اثر و رسوخ، تسلط اور مداخلتوں کا خاتمہ کر سکتے ہیں

اے ایس پی کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، ملزمان گرفتار

کوٹلی (اے ایف پی) ایس پی کوٹلی عدیل احمد کی خصوصی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ضلع بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے گزشتہ روز چوکی پولیس تتہ پانی نے کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ 02 عدد موٹر سائیکل اور پانی کی موٹر برآمد کرتے ہوئے ملزم گرفتار کر لیا۔ چوکی آفیسر تتہ پانی خلیل احمد ASI نے ہمراہ نفری پولیس کے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عقیل عرف قیلو ولد محمد اکبر قوم سردار سکنہ مدار پور ہجیرہ کو گرفتار کر کے ملزم سے چوری شدہ 02 عدد موٹر سائیکل ہنڈا 125 اور پانی کی موٹر برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Public Health Engineering Division, Sohbatpur invites sealed bids, under the **Open Competitive Bidding – National Competitive Bidding (Single Stage – Two Envelope Procedure)**, in accordance with the Balochistan Public Procurement Rules, 2014 ("BPPRA Rules, 2014"), from eligible, registered contractors for the following works, District Sohbatpur:

TSE No	S. No	Name of Work	Estimated Cost (PKR)	Bid Security (2%)	Tender Fee (PKR)
TSE-2627091195703	1	PROVISION OF WATER SUPPLY SCHEME DRILLING AND DEVELOPMENT OF TUBE WELL & RO WATER PLANT WITH SOLAR SYSTEM) AT GOTH HIMAT ALI JAKHRANI, DISTRICT SOHBATPUR	9,950,000	199,000	1,000
TSE-2627091195823	2	REHABILITATION OF UV/UF FILTER PLANTS AT 26 DIFFERENT SITES, DISTRICT SOHBATPUR (PACKAGE A–D)	24,020,000	480,400	3,000

1. Eligibility: Firms/contractors registered in Pakistan, holding valid PEC registration (relevant discipline, category commensurate with package cost), active NTN and Sales Tax/GST registration, having relevant experience of similar works completed in the preceding three (3) years, average annual turnover for the last three (3) years as prescribed, and not blacklisted/debarred by any Government agency or BPPRA.
2. *Detailed Basic Eligibility Criteria and Technical Evaluation Criteria are available with the bidding documents and on the BPPRA website.*
3. Bidding documents are available from **21st September 2026** up to one working day prior to the deadline for submission of bids, on payment of the non-refundable tender fee, from the office of the Executive Engineer, PHE Division, Sohbatpur, and downloadable from **www.bppra.gob.pk**.
4. Last date and time for submission of bids: **Thursday, 8th october 2026, up to 12:00 pm.** Bids received after the stipulated date/time shall not be entertained and shall be returned unopened.
5. Date, time and place of opening of bids: **Thursday, 8th october 2026, up to 01:00 pm**, at the office of the Executive Engineer, PHE Division, Sohbatpur, in the presence of bidders or their authorized representatives who may choose to attend.
6. Bid validity: Ninety (90) calendar days from the date of opening of bids.
7. Queries/clarifications shall be submitted in writing at least five (5) calendar days before bid opening; response shall issue within three (3) calendar days, copied to all bidders (Rule 32).
8. The Procuring Agency reserves the right to reject any or all bids, or to cancel the bidding process at any stage prior to acceptance of a bid, under Rule 38 of the BPPRA Rules, 2014, without assigning any reason and without incurring any liability towards the bidders.
9. Integrity Pact (as per Rule 79 of BPPRA Rules, 2014) is mandatory for Serial No. 2, being valued in excess of Rs. 10 million, and shall be signed on the prescribed format along with the bid.

Executive Engineer, Public Health Engineering Division, Sohbatpur

DPRQ/PRQ No.1477/21-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ایڈھاک بنیادوں پر آسامیاں خالی ھیں

محکمہ اسکول ایجوکیشن، حکومت بلوچستان، گورنمنٹ بوائز/گرلز مڈل، ہائی اور ہائیر سیکنڈری اسکولوں میں سائنس، ریاضی اور انگریزی مضامین پڑھانے کیلئے سیکنڈری اسکول ٹیچرز (سائنس/جنرل) (BPS-17) کی خالی اسامیوں کو پُر کرنے کیلئے ایڈہاک بنیادوں پر ضلع آواران کے لوکل/ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ایڈہاک بنیادوں پر اساتذہ کرام کی تعیناتی محکمہ سکول ایجوکیشن، حکومت بلوچستان، کی منظور شدہ ایڈہاک ٹیچنگ اسٹاف ریکروٹمنٹ پالیسی 2026ء کی روشنی کے عین مطابق ہوگی۔

نمبر شمار	آسامی کا نام بمعہ گریڈ	بنیادی تعلیمی قابلیت	تعداد اسامی
1	سیکنڈری اسکول ٹیچر (سائنس/فزکس) (B-17)	BS (فزکس) 4 سالہ کسی متند یونیورسٹی سے یا ماسٹرز ڈگری ان فزکس کسی متند یونیورسٹی سے	01
2	سیکنڈری اسکول ٹیچر (سائنس/کیمسٹری) (B-17)	BS (کیمسٹری) 4 سالہ کسی متند یونیورسٹی سے یا ماسٹرز ڈگری ان کیمسٹری کسی متند یونیورسٹی سے	03
3	سیکنڈری اسکول ٹیچر (سائنس/بائیولوجی) (زولوجی/باٹنی) (B-17)	BS (زولوجی) 4 سالہ/BS (باٹنی) 4 سالہ کسی متند یونیورسٹی سے یا ماسٹرز ڈگری ان زولوجی/باٹنی کسی متند یونیورسٹی سے	35
4	سیکنڈری اسکول ٹیچر (سائنس/ریاضی) (B-17)	BS (ریاضی) 4 سالہ/BS (شماریات) 4 سالہ/بیچلر آف انجینئرنگ (BE) کسی متند یونیورسٹی سے یا ماسٹرز ڈگری ان ریاضی یا شماریات کسی متند یونیورسٹی سے	39
5	سیکنڈری اسکول ٹیچر (جنرل/انگلش) (B-17)	BS (انگلش) 4 سالہ کسی متند یونیورسٹی سے یا ماسٹرز ڈگری ان انگلش کسی متند یونیورسٹی سے	92

Note:
1. In case there is non-availability of candidates with BS / MSc in Mathematics for Mathematics post then candidate with BS/MSC in Physics will be considered and vice versa within same UC however preference will given to the BS/MSC in relevant subject.
2. 1. In case there is non-availability of candidates with BS / MSc in Chemistry for Chemistry post then candidate with BS/MSC in Biology will be considered and vice versa within same UC however preference will given to the BS/MSC in relevant subject.
3. Only online application will be considered for recruitment submitted on WWW.JOBS.SED.GOB.PK.

ضروری ھدایات شرائط و ضوابط:۔ (1) ہر اسامی کیلئے صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (2) صرف ضلع آواران کے لوکل/ڈومیسائل کے حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے۔ (3) عمر کی بالائی حد 55 سال سے زائد نہ ہو۔ (4) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔ (5) تمام ریکروٹمنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ایڈہاک ٹیچنگ اسٹاف ریکروٹمنٹ پالیسی 2026ء (ایڈہاک تعیناتی) کے تحت ہوگی۔ بلوچستان گورنمنٹ اور سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر قوانین/پالیسی/نوٹیفکیشن جو ریکروٹمنٹ پالیسی 2026ء (ایڈہاک تعیناتی) سے متصادم ہوں، اس ریکروٹمنٹ پر قابل عمل نہ ہونگے۔ (6) آسامیاں ضلع آواران کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے تصدیق شدہ معلومات کے مطابق مشتہر کی جا رہی ہیں لہٰذا صرف مشتہر شدہ اسامیوں کے مطابق درخواستیں وصول کی جائینگی اور اس میں کسی بھی قسم کا ردوبدل قابل قبول نہ ہوگی۔ اور اہل اُمیدواران اپنی معلومات محکمہ اسکول ایجوکیشن کی جاب پورٹل پر اپ لوڈ کرنے کے پابند ہونگے۔ خالی اسامیوں کی اسکول وار تفصیل محکمہ اسکول ایجوکیشن کی جاب پورٹل پر موجود ہیں۔ (7) تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی اسکول وار میونسپل کارپوریشن/میونسپل کمیٹی/یونین کونسل فہرست محکمہ اسکول ایجوکیشن اور حکومت بلوچستان کی ویب سائٹ WWW.JOBS.SED.GOB.PK پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہونگی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل وار مرتب ہونگی۔ (9) معذور افراد کا کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کی علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع کی سطح پر مرتب ہونگی معذور افراد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری کردہ معذور سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے اور کوئی ایسی معذوری قابل قبول نہ ہوگی جو تعلیمی عمل کو متاثر کرتی ہو۔ (10) میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، یونین کونسل اور تحصیل کی حدود کا تعین محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مروجہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا۔ (11) میرٹ صرف تصدیق شدہ خالی آسامیاں جو مشتہر کی گئی ہیں کے مطابق کی جائے گی۔ نیز آسامیوں میں کمی بیشی کا اختیار محکمہ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے پاس ہوگا۔ (12) 5% (پانچ فیصد) معذور اور 5% (پانچ فیصد) اقلیتی کوٹہ حکومتی قوانین کے مطابق ضلع وار عہدہ وار (میل و فی میل علیحدہ علیحدہ) آسامیاں کے مطابق مختص ہیں۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن اور حکومت بلوچستان کی ویب سائٹ WWW.JOBS.SED.GOB.PK پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ (13) سلیکشن کی صورت میں امیدوار کو ضلعی سلیکشن کمیٹی کے مطابق متعلقہ تعلیمی اداروں کے تصدیق شدہ اسناد کی چار (4) کاپیاں اور ایک حلفیہ بیان کہ اس کے تعلیمی/دیگر اسناد و کاغذات بوگس، ٹیمپرڈ، HEC سے غیر منظور شدہ ادارہ سے ہونے کی صورت میں نااہل تصور ہوگا اور اس کی ملازمت بلا کسی نوٹس کے کسی بھی وقت برخاست کی جا سکے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور ان کیخلاف قانونی کارروائی کی جائیگی۔ (14) یہ میرٹ لسٹ صرف ایک مرتبہ ریکروٹمنٹ کیلئے موثر ہوگی۔ (15) شادی شدہ خواتین امیدوار صرف اپنے خاوند کے لوکل/ڈومیسائل کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کی اہل ہونگی، شادی شدہ خواتین امیدواروں کی درخواست والد کے لوکل/ڈومیسائل پر کسی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔ خاوند کے لوکل/ڈومیسائل میں نام درج نہ ہونے کی صورت میں NADRA کا جاری شدہ کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ/شوہر کے نام سے منسوب شناختی کارڈ منسلک کرنا ہوگا۔ ورنہ غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت نااہل تصور ہوگی۔ (16) امیدوار کی سکونت کا تعین (اول) اسکے لوکل/ڈومیسائل سٹیفکیٹ کے ایڈریس (دوئم) CNIC پر درج مستقل پتہ کی بنیاد پر کیا جائیگا۔ (17) ہر آسامی کیلئے مطلوبہ بنیادی تعلیمی قابلیت کے حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے۔ (18) محکمہ اسکول ایجوکیشن حکومت بلوچستان کسی ایک یا تمام آسامیوں پر منظوری یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ (19) ایڈہاک ٹیچنگ اسٹاف ریکروٹمنٹ پالیسی 2026ء کے تحت اساتذہ کی تعیناتی ایک سال سے زیادہ نہ ہوگی یا اس سے پہلے بھی ختم ہو سکتی ہے۔

Ranking Criteria or Weightage Formula for the post and preparation of final merit list

Merit	Marks
Weightage of prescribed Academic Qualification *Note: Marks of the eligible candidates shall be calculated as follows:* *(i) Martriculation (SSC) = 20* *(ii) Intermediate (HSSC) = 20* *(iii) Bachelor's / Master's Degree in relevant Subject = 50* *Additional Marks for Higher Qualification* *(iv) M. Phil / MS in relevant Subject = 05* *OR* *(v) PhD in relevant Subject = 10*	*100*
Total Merit Marks	*100*

نوٹ:۔ (1) بنیادی اہلیت کیلئے امیدواروں کے مجموعی نمبر 50% ہونا چاہیے۔ (2) 50% فیصد نمبر حاصل کرنیوالے امیدواران فائنل میرٹ کیلئے تصور/شمار ہونگے۔ (3) ایڈہاک تعیناتیوں کو جلد از جلد پُر کرنے اور میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے کوئی ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں لیا جائیگا۔ ☆ مذکورہ بالا تعیناتیوں کا جائے تعیناتی سے کسی دوسری جگہ منتقلی (ٹرانسفر) نہیں ہو سکے گا۔ **درخواست دینے کا طریقہ کار:** (1) تمام خواہشمند امیدواران اپنی درخواست بمعہ تعلیمی اسناد/کاغذات ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر آواران کے دفتر میں جمع کروائیں گے۔ اور ساتھ ہی ہر اُمیدوار محکمہ اسکول ایجوکیشن کے مقرر کردہ جاب پورٹل پر اپنے کوائف اپ لوڈ کرنے کے پابند ہونگے۔ (2) سرکاری و نیم سرکاری، خود مختار ادارے سے وابستہ ملازمین محکمانہ توسط سے درخواستیں ارسال کریں اور مقرر کردہ باب پورٹل پر اپنے کوائف کو بھی اپ لوڈ کرنے کے پابند ہونگے۔ (3) کوئی بھی فارم آخری تاریخ گزرنے کے بعد قابل قبول نہ ہوگا اور نہ ہی ادارہ دیر سے جمع ہونے والے فارم کا ذمہ دار ہوگا۔ **درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ / 02 اکتوبر، 2026ء ھے۔**

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر آواران

PRQ No1494/21-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

SPORTS

سپورٹس

باؤلنگ لائن اپ اس قابل نہیں تھی، پاکستانی ٹیم نے 200 رن بناتی بولرز اس کا دفاع نہ کرپاتے' شعیب اختر

ابھیشیک شرما اگر کچھ دیر اور کریز پر رہتے تو میچ پانچ اوور پہلے ہی ختم ہوجاتا، پاکستان ٹیم کی یکطرفہ شکست پر سخت ردعمل

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے ایشیا کپ سپر فور میچ میں بھارت کے ہاتھوں پاکستان کرکٹ ٹیم کی یکطرفہ شکست پر سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔شعیب اختر نے میچ کے بعد ایک ٹی وی شو میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر پاکستان کے پاس 200 رن بھی بورڈ پر ہوتے تب بھی بولرز اس کا دفاع نہیں کر پاتے۔ اگر فہیم کو بولنگ کرنی تھی تو نئی گیند کا استعمال کرنا چاہیے تھا، اگر وہ صائم کی جگہ لے لیتے تو وہ کارآمد ثابت ہوتے۔ شعیب اختر نے کہا کہ ابرار سے پہلے پارٹ ٹائم باؤلر صائم ایوب آرہے ہیں۔ ابرار آپ کے مین باؤلر ہیں۔ آپ کی باؤلنگ لائن اپ اس قابل نہیں تھی، اگر پاکستانی ٹیم نے 200 رن بھی بنائے ہوتے تب بھی بولرز اس کا دفاع نہیں کرپاتے۔شعیب اختر نے کہا کہ پاکستان کی باؤلنگ ناقص تھی۔ حارث رؤف نے حریف کیا یک بھی بلے باز کو آؤٹ نہیں کیا۔ ہندوستانی بلے باز اپنی غلطیوں سے آؤٹ ہوئے۔ سوریا کمار یادیو نے غلط شاٹ کھیلا اور پاکستان کو وکٹ مل گئی۔ یہ میچ تو اتنا آگے بھی نہیں جاتا۔انہوں نے مزید کہا کہ ذرا سوچیں، اس ٹیم کے پاس کے ایل راہل نہیں ہے۔ وہ ہمیشہ گیند بازوں کو مارتا ہے۔ کے ایل راہل کو سنجو سیمسن کی بجائے ٹیم میں ہونا چاہیے تھا۔ سنجو سیمسن ٹیم انڈیا کی کمزور کڑی تھے۔ اسی وجہ سے میچ 19 ویں اوور تک چلا۔شعیب اختر نے یہ بھی کہا کہ ابھیشیک شرما اگر کچھ دیر اور کریز پر رہتے تو میچ پانچ اوور پہلے ہی ختم ہوجاتا، ان کے آؤٹ ہونے کی وجہ سے مقابلہ انیسویں اوور تک گیا۔

بابر اعظم کی ٹیم میں واپسی کی خبروں پر اظہر محمود کا دلچسپ ردِعمل

بابر تو یہاں لاہور کے ایک خوبصورت گولف کورس پر ایک اور شاندار گولف شاٹ کھیل رہے ہیں' ایکس پر پیغام



لاہور (سپورٹس نیوز) قومی ٹیم کے ریڈ بال ہیڈ کوچ اظہر محمود نے سوشل میڈیا پر بابر اعظم کی ٹیم واپسی کے حوالے سے گردش کرتی خبروں پر دلچسپ ردِعمل دیا ہے۔اظہر محمود نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر لاہور کے گالف کورس سے بابر اعظم کے ساتھ اپنی ایک تصویر شیئر کی ہے۔اُنہوں نے یہ تصویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں بابر اعظم کی دبئی میں موجودگی کی خبروں پر حیرانی کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ بابر تو یہاں لاہور کے ایک خوبصورت گولف کورس پر ایک اور شاندار گولف شاٹ کھیل رہے ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز ایشیا کپ کے سُپر فور مرحلے میں پاک بھارت میچ سے پہلے سوشل میڈیا پر سابق کپتان بابر اعظم خصوصی توجہ کا مرکز بنے رہے۔ان کی نیٹ پر پریکٹس کرنے کی ویڈیوز بھی وائرل ہوئیں جن میں اُنہیں بھرپور انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے دیکھا گیا جس کے بعد ان کی قومی ٹیم میں واپسی سے متعلق قیاس آرائیاں بڑھنے لگیں۔ کچھ شائقینِ کرکٹ کا کہنا تھا کہ جنوبی افریقہ کیخلاف 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز جو کہ 12 اکتوبر سے شروع ہونے والی ہے، ممکنہ طور پر بابر اعظم اس سیریز کے لیے قومی اسکواڈ کا حصہ ہو سکتے ہیں۔ جبکہ کچھ شائقین نے تو یہ قیاس آرائیاں کرنا شروع کر دی تھیں کہ سابق کپتان نے دبئی میں قومی کرکٹ ٹیم کے اسکواڈ کو جوائن کرلیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کہاں تم چلے گئے! شائقین کرکٹ کو بابر اعظم اور رضوان کی یاد ستانے لگی



گزشتہ میچز کے مقابلے میں اس مرتبہ قدرے بہتر کھیل پیش کیا مگر غلط فیصلوں سے قومی ٹیم کو شکست کا سامنا کرنا پڑا' شائقین

کراچی (سپورٹس نیوز) ایشیا کپ 2025 کے اہم میچ میں گزشتہ روز بھارت کے ہاتھوں شکست کے بعد شائقین کرکٹ کو بابر اعظم اور رضوان کی یاد ستانے لگی، شائقین کرکٹ قومی ٹیم کے کھلاڑیوں، کوچ اور مینجمنٹ پر پھٹ پڑے۔ بھارت سے ایک مرتبہ پھر فائنل فور مرحلے کے پہلے میچ میں قومی کرکٹ ٹیم کی ناکامی پر کرکٹ شائقین انتہائی مایوس نظر آئے۔ کرکٹ شائقین کا کہنا ہے کہ پاکستان نے گزشتہ میچز کے مقابلے میں اس مرتبہ قدرے بہتر کھیل پیش کیا مگر غلط فیصلوں کے باعث قومی ٹیم کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اُن کا کہنا تھا کہ قومی ٹیم میں از سر نو تبدیلیوں کی ضرورت ہے، نئے کھلاڑیوں پر بھروسہ اچھا بات ہے مگر محمد رضوان اور بابر اعظم جیسے بڑے بلے بازوں کی ٹیم میں واپسی کی ضرورت ہے۔ واضح رہے کہ ایشیاء کپ 2025 کے سپر فور مرحلے میں گزشتہ روز پاکستان اور بھارت کے مابین میچ میں پاکستان کو ایک بار پھر شکست کا منہ دیکھنا پڑا تھا، جس کے بعد شائقین کرکٹ مایوس نظر آئے۔ گزشتہ روز دبئی میں ہونے والے میچ میں بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کی اور پاکستان نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 171 رنز بنائے۔ دلچسپ مقابلے کے بعد بھارت نے 172 رنز کا ہدف 19 ویں اوور میں 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا، یوں پاکستان کو ٹورنامنٹ میں بھارت سے دوسری بار شکست ہوئی۔

☆☆☆☆☆☆

حارث رؤف ٹھیک ٹکریا، کم چک کے رکھ، خواجہ آصف کو خوش کر دیا

کرکٹ میچ تو ہوتے رہتے ہیں لیکن چھ صفر کی ہزیمت انڈیا قیامت تک نہیں بھولے گا اور دنیا بھی یاد رکھے گی' پیغام

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کے سپر فور مرحلے میں بھارت کے خلاف میچ میں حارث رؤف کے بھارتی شائقین کو 0-6 کا نشان دکھانے پر ردعمل سامنے آگیا۔ فاسٹ بولر حارث رؤف کے اس ردعمل پر وزیر دفاع خواجہ آصف انتہائی خوش ہوگئے اور انہوں نے سوشل میڈیا پر لکھا کہ ''حارث رؤف ٹھیک ٹکریا، کم چک کے رکھ۔'' انہوں نے کہا کہ کرکٹ میچ تو ہوتے رہتے ہیں لیکن چھ صفر کی ہزیمت انڈیا قیامت تک نہیں بھولے گا اور دنیا بھی یاد رکھے گی۔ واضح رہے کہ پاک بھارت میچ کے دوران باؤنڈری لائن پر کھڑے پاکستانی بولر حارث روف کو بھارتی تماشائیوں نے ہوٹ کیا۔ اس ہوٹ کے جواب میں حارث روف نے ہاتھ کے اشارے میں بھارتی رافیل جنگی جہاز گرائے جانے کی نقل اتاری۔ گراؤنڈ میں موجود پاکستانی تماشائیوں نے بھی اس موقعے پر رافیل کے نعرے لگائے۔

پاکستان کرکٹ کے مسائل کا ذمہ دار کون ہے؟ تیمور اکبر نے بتا دیا

3 سے 4 سال میں جو بھی پاکستان کرکٹ ٹیم کے ساتھ ہوا ہے اس میں کھلاڑیوں سے زیادہ کرکٹ بورڈ کی غلطی ہے

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے ابھرتے ہوئے ماڈل و اداکار معروف ڈیجیٹل کانٹینٹ کری ایٹر تیمور اکبر نے قومی کرکٹ ٹیم کی ناکامیوں کا ذمہ دار کرکٹ بورڈ کو ٹھہرا دیا۔ ایک پوڈ کاسٹ میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ گزشتہ 3 سے 4 سال میں جو بھی پاکستان کرکٹ ٹیم کے ساتھ ہوا ہے اس میں کھلاڑیوں سے زیادہ کرکٹ بورڈ کی غلطی ہے۔ تیمور اکبر کا کہنا ہے کہ گزشتہ 4 سال میں 6 کپتان تبدیل ہوئے ہیں، ہر دوسرے فارمیٹ کا الگ کپتان ہے، ٹیم وہی ہے تو ٹیم کس کے انڈر پرفارم کرے گی؟ انہوں نے کہا کہ ٹیم کو تقسیم کردیا ہے، بابر اعظم، محمد رضوان اور شاہین شاہ آفریدی ہمارے تین اہم اور مرکزی کھلاڑی تھے ان کے درمیان اگر پھوٹ نہیں پڑنی ہوگی تب تبھی کپتانی ملنے کے بعد پڑ جائے گی۔ اتنا تو گلے محلے کی کرکٹ میں بھی ہوتا ہے جب تین دوست الگ الگ ٹیم کی کپتانی کرتے ہیں تو کھیل کے میدان میں آمنے سامنے ہی ہوتے ہیں یہ تو پھر انٹرنیشنل لیول کی بات ہے۔ تیمور اکبر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ ایسے میں مقابلے بازی کی فضا نہ چاہتے ہوئے بھی ہوجاتی ہے یہ کام کرکٹ بورڈ نے جان بوجھ کے کیا ہے۔ پاکستان کی ٹیسٹ کرکٹ کا کپتان ڈی کیٹیگری میں ہے، جبکہ کپتان کو ٹاپ کیٹیگری میں ہونا چاہیے۔

☆☆☆☆☆☆

ٹیم نے پرفیکٹ گیم نہیں کھیلا، سلمان علی آغا

بھارتی بیٹرز نے پاور پلے میں شاندار بیٹنگ کر کے میچ ہم سے چھین لیا

ہماری اننگز میں 10 سے 15 رنز بھی کم ہوئے، ہمارے رنز 180 سے زائد ہونا چاہیئے تھے؛ کپتان قومی کرکٹ ٹیم کی پریس کانفرنس

دبئی (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا کا کہنا ہے کہ فخر زمان کا آؤٹ شاید غلط تھا لیکن فیصلہ امپائرز ہی کرتے ہیں۔ ایشیا کپ سپر فور مرحلے میں بھارت کے خلاف میچ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فخر زمان کا آٹ شاید غلط تھا اور ہمیں لگا کہ گیند زمین پر لگی تاہم آخری فیصلہ امپائر کا ہی ہوتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہم نے لیفٹ اور رائٹ کمبینیشن کے ذریعے بالر سے بالنگ کرائی لیکن ہمارے بالرز نے بالنگ توقع کے مطابق نہیں کی، ہماری اننگز میں 10 سے 15 رنز بھی کم ہوئے، ہمارے رنز 180 سے زائد ہونا چاہیئے تھے، مجموعی طور پر ٹیم نے بہتر کھیل نہیں کھیلا اور بھارتی بیٹرز نے پاور پلے میں شاندار بیٹنگ کرکے میچ ہم سے چھین لیا، اپنی خامیوں کو سری لنکا کے خلاف میچ میں دور کرنے کی کوشش کریں گے۔ دوسری طرف بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان سوریا کمار یادیو نے کہا کہ پاکستان کے میچز میں بھارت کی جیت کا تناسب تقریباً 10 - 1 ہے، پاکستان کرکٹ کے مقابلوں میں اب ہمارا حریف نہیں رہا، ہم نے پہلے فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ وکٹ کو سمجھ کر کیا، میچ کا ٹرننگ پوائنٹ 10 اوورز کے بعد کا تھا، بریک کے بعد بھارتی بالرز نئے روپ میں سامنے آئے تاہم فیلڈنگ میں ہم سے غلطیاں ہوئیں، لگتا ہے کیچ چھوڑنے والوں کے ہاتھوں میں مکھن لگا ہوا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ابھیشیک بیٹنگ سٹائل میں بہت ہی بے لوث ہے، یہ بس اس کا انداز ہے، پاور پلے میں وہ سخت کھیلتا ہے لیکن اس کے بعد بھی اسے پتا ہوتا ہے کہ کیا ضروری ہے، ابھیشک صورتحال کا تجزیہ کرتا ہے، ہر میچ سے سیکھ رہا ہے، سب سے اہم بات یہ ہے کہ وہ کبھی پریکٹس نہیں چھوڑتا، چاہے اسے بیٹنگ کا دل نہ بھی ہو پھر بھی وہ گراؤنڈ میں ہوتا ہے اور کچھ نہ کچھ کرتا رہتا ہے، جب آپ اتنی محنت کرتے ہیں تو خدا کے پاس ہمیشہ آپ کے لیے منصوبے ہوتے ہیں۔

صاحبزادہ فرحان کا جارحانہ انداز، گن اسٹائل میں نصف سنچری کا جشن منایا

ففٹی کے بعد فرحان نے بلے کو رائفل کی طرح تھام کر فائرنگ کی نقل کی، جس پر اسٹیڈیم میں موجود شائقین جھوم اٹھے

دبئی (سپورٹس نیوز) ایشیا کپ 2025 کے سپر فور مرحلے میں پاکستان کے اوپنر صاحبزادہ فرحان نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کے خلاف نصف سنچری اسکور کی اور انوکھے جشن منانے کے انداز سے چھا گئے۔ فرحان نے اپنی نصف سنچری بھارتی بالر کی گیند پر چھکا لگا کر مکمل کی، دائیں ہاتھ کے بیٹر نے محض 29 گیندوں پر 50 رنز مکمل کیے جس میں 5 چوکے اور 3 چھکے شامل تھے۔ ففٹی کے بعد فرحان نے بلے کو رائفل کی طرح تھام کر فائرنگ کی نقل کی، جس پر اسٹیڈیم میں موجود شائقین جھوم اٹھے، یہ منظر فوری کیمروں میں قید ہوگیا اور چند لمحوں میں سوشل میڈیا پر اس کا چرچا ہونے لگا۔ سوشل میڈیا صارفین نے اسے ٹورنامنٹ کی سب سے دلچسپ اور یادگار سلیبریشن قرار دیا، جبکہ بعض شائقین نے اس جشن کو پاکستان ایئرفورس کی حالیہ مئی میں بھارتی جنگی طیاروں بشمول رافیل کو مار گرانے کی کارروائی سے جوڑ دیا اور کہا کہ یہ جشن میدان سے باہر بھی ایک طاقتور پیغام تھا۔ اسی میچ میں پاکستان نے بھارت کے خلاف ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کی تاریخ کا سب سے بڑا پاور پلے اسکور بنایا اور ابتدائی 6 اوورز میں 55 رنز حاصل کیے، فخر زمان نے 15 اور صائم ایوب نے 9 رنز بنا کر حصہ ڈالا، مجموعی طور پر بیٹنگ لائن نے 143.24 کے اسٹرائیک ریٹ اور 9.16 کے رن ریٹ کے ساتھ دبنگ آغاز فراہم کیا۔

☆☆☆

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
Mobile: 0336-6113760

SHOWBIZ

شوبز



انجلینا جولی کا امریکہ میں اظہار رائے کی آزادی کو لاحق خطرات پر تشویش کا اظہار

کہیں بھی کوئی بھی چیز جو تقسیم کرتی ہے یا یقیناً اظہار رائے اور آزادی کو محدود کرتی ہے میرے خیال میں بہت خطرناک ہے

واشنگٹن (شوبز نیوز) آسکر ایوارڈ یافتہ امریکی اداکارہ انجلینا جولی نے اظہار رائے کی آزادی کو لاحق خطرات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنے ملک کو مزید تسلیم نہیں کرتی ہیں۔ سپین کے فلم فیسٹیول میں اپنی تازہ ترین فلم کی نمائش کے دوران ان کا یہ بیان ایسے وقت پر سامنے آیا ہے جب امریکہ میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے تنقید کرنے والے میڈیا پر کریک ڈاؤن کے بعد اظہار رائے کی آزادی پر تشویش بڑھ رہی ہے۔ جولی سے جب پوچھا گیا کہ کیا وہ امریکہ میں اظہار رائے کی آزادی سے خوفزدہ ہیں تو انہوں نے کہا کہ میں اپنے ملک سے محبت کرتی ہوں، لیکن میں اس وقت اپنے ملک کو نہیں پہچانتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کہیں بھی کوئی بھی چیز جو تقسیم کرتی ہے یا یقیناً اظہار رائے اور آزادی کو محدود کرتی ہے میرے خیال میں بہت خطرناک ہے، یہ بہت، بہت بھاری وقت ہے۔ 50 سالہ انجلینا جولی فرانسیسی فلمساز ایلس ونوکور کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم کوچر کی پروموشن کے لیے سپین میں تھیں۔ انہیں آسکر ایوارڈ 1999 میں گرل، انٹرپٹڈ میں ان کے کردار کے لیے دیا گیا تھا۔ جولی نے 2013 میں چھاتی کے کینسر سے بچاؤ کے لیے سرجری کروائی اور بعد میں ان کی بیضہ دانی اور فیلوپین ٹیوبیں ہٹادی گئیں تاکہ کینسر کے زیادہ خطرے کو کم کیا جاسکے۔ انجلینا جولی کی والدہ کی موت کینسر سے ہوئی تھی اور ان کا کہنا تھا کہ فلم بناتے وقت وہ اکثر اپنی ماں کے بارے میں سوچتی تھیں کہ میری خواہش ہے وہ اتنی ہی کھل کر بات کرنے کے قابل ہوتیں جیسا کہ میں رہی ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خواتین میں کینسر پر دھیان دینا بہت اہم ہے، کیونکہ یہ ہم پر اثر انداز ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

میں نے پیسہ کسی کو لوٹ کر نہیں کمایا، اکشے کمار

وہ آج کل اپنی تازہ ترین فلم جولی ایل ایل بی 3 کی تشہیر میں مصروف ہیں

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکار اکشے کمار نے خود پر پیسہ کمانے والے کے لگے لیبل کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیسہ زندگی میں ایک اہم عنصر ہے اور انسان کو عملیت پسند ہونا چاہیے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکار اور پروڈیوسر اکشے کمار بھارت میں سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرنے والی مشہور شخصیات میں سے ایک ہیں۔ وہ آج کل اپنی تازہ ترین فلم جولی ایل ایل بی 3 کی تشہیر میں مصروف ہیں، حال ہی میں ایک پروگرام آپ کی عدالت میں پیش ہوئے جہاں انہوں نے اس الزام پر تبصرہ کیا کہ وہ صرف پیسہ کمانے والے ہیں۔ گفتگو کے دوران اکشے نے کہا کہ اگر میں نے پیسہ کمایا ہے تو کسی کو لوٹ کر نہیں کمایا، میں نے کام کر کے کمایا ہے، 8 سال سے میں سب سے زیادہ ٹیکس دہندہ رہا ہوں، پیسہ زندگی میں ایک اہم پہلو ہے، جس کے لیے آپ کو عملیت پسند ہونا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ پیسہ کماتا ہوں، ٹیکس دیتا ہوں اور ان پیسوں سے کافی لوگوں کی مدد بھی کرتا ہوں، یہ میرا مذہب ہے، باقی جو چاہے کچھ بھی کہے میں نہیں مانتا، اگر آپ کو فیتے کاٹنے سے پیسہ ملتا ہے تو کیا پرابلم ہے؟ وہ پیسہ دینے کو تیار ہیں؟ جب تک آپ کسی سے چوری نہیں کر رہے، جب تک آپ کسی کو لوٹ نہیں رہے، جب تک آپ محنت کر رہے ہیں تب تک کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ اکشے نے یہ بھی کہا کہ کئی سال پہلے پروڈیوسر کے مالی مسائل کی وجہ سے مجھے ایک فلم کو مکمل کرنے کے لیے خود اپنا ذاتی پیسہ لگانا پڑا تھا۔ واضح رہے کہ اکشے کمار کی فلم جولی ایل ایل بی 3 گزشتہ جمعے کو بھارت بھر کے سینما گھروں میں ریلیز ہوئی ہے۔ اس فلم میں ارشد وارثی اور سوربھ شکلا بھی اہم کرداروں میں ہیں، فلم نے اب تک باکس آفس پر 45 کروڑ بھارتی روپے سے زیادہ کی کمائی کرلی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

اداکارہ ہانیہ عامر ایک بار پھر مداحوں کی توجہ کا مرکز بن گئی

ہانیہ عامر کی ''بریک اپ جھالموری'' پوسٹ، بنگلادیش ٹرپ نے مداحوں کو دیوانہ بنادیا

ہانیہ کی تازہ سوشل میڈیا پوسٹ پر مداحوں کی جانب سے محبت اور دلچسپ تبصروں کی برسات ہوگئی

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان کی مقبول اداکارہ ہانیہ عامر ایک بار پھر مداحوں کی توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ اداکارہ کی حالیہ پوسٹ پر لکھے گئے کیپشن بریک اپ جھالموری کو دیکھتے ہی مداحوں میں چہ مگوئیاں شروع ہوگئیں کہ آیا اس کے پیچھے کوئی ذاتی معنی پوشیدہ ہیں یا یہ محض ہانیہ کا منفرد انداز ہے۔ تصاویر اور ویڈیوز میں ہانیہ کو مقامی کھانوں کا لطف اٹھاتے، کتابیں پڑھتے اور تازہ پھولوں سے بال سنوارتے دیکھا جاسکتا ہے۔ یہ پہلی بار نہیں ہے کہ اداکارہ نے اپنے مداحوں کو منفرد جملوں سے چونکایا ہو، اس سے قبل بھی وہ ایک پوسٹ میں ایسا جملہ لکھ چکی ہیں جس کا مفہوم میں تم سے محبت کرتی ہوں بنتا تھا۔ ہانیہ کی تازہ سوشل میڈیا پوسٹ پر مداحوں کی جانب سے محبت اور دلچسپ تبصروں کی برسات ہوگئی ہے، اداکارہ یشما گل سمیت کئی شوبز شخصیات نے بھی کمنٹس میں ان کے منفرد انداز کو سراہا۔

☆☆☆☆☆☆

شاہ رخ خان کی فلم کنگ کے سیٹ سے تصویر لیک ہوگئی

شاہ رخ خان کے نئے انداز کو دیکھ کر ان کے مداح بہت خوش ہوگئے

ممبئی (شوبز نیوز) شوٹنگ کے مرحلے میں موجود بالی ووڈ فلم کنگ کے سیٹ سے اداکار شاہ رخ خان کی تصویر لیک ہوگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم کنگ کے سیٹ سے شاہ رخ خان، سہانا خان اور ابھیشیک بچن کی تصویر لیک ہوئی ہے۔ شاہ رخ خان کے نئے انداز کو دیکھ کر ان کے مداح بہت خوش ہوگئے ہیں اور فلم کی ریلیز کا بے چینی سے انتظار کر رہے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ دیپیکا پڈوکون نے بھی فلم کی ٹیم کو جوائن کرلیا ہے۔ فلم کنگ کی ہدایت کاری سدھارتھ آنند کر رہے ہیں، جس میں شاہ رخ خان کے علاوہ دیپیکا پڈوکون، انیل کپور، جیکی شروف، ابھیشیک بچن، سہانا خان اور ارشد وارثی جیسے مشہور اداکار بھی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ فلم کنگ کی ریلیز سے متعلق کوئی تاریخ ابھی سامنے نہیں آئی ہے۔

ٹام کروز کا آنا دے آرمس سے شادی کے لیے بلٹ پروف کنٹریکٹ تیار کرنے کا فیصلہ

سابقہ تجربات کے بعد وہ سمجھتے ہیں کہ ہر چیز کا واضح ہونا ضروری ہے، وہ ایسا معاہدہ چاہتے ہیں جو منصفانہ، شفاف اور بالکل مضبوط ہو

نیویارک (شوبز نیوز) ہالی ووڈ کے معروف اداکار ٹام کروز اپنی گرل فرینڈ ہسپانوی نژاد اداکارہ آنا دے آرمس کے ساتھ ممکنہ شادی سے قبل ایک معاہدہ تیار کر رہے ہیں۔ امریکی ویب سائٹ ریڈار آن لائن کے مطابق ٹام کروز کی قانونی ٹیم کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ایک ایسا بلٹ پروف میرج کنٹریکٹ مرتب کرے جس میں کسی بھی طرح کے ابہام یا شکوک کی گنجائش نہ ہو۔ ایک قریبی ذرائع نے بتایا کہ ٹام آنا کے دیوانے ہیں، لیکن وہ فطرتاً محتاط ہیں، سابقہ تجربات کے بعد وہ سمجھتے ہیں کہ ہر چیز کا واضح ہونا ضروری ہے، وہ ایسا معاہدہ چاہتے ہیں جو منصفانہ، شفاف اور بالکل مضبوط ہو۔ ذرائع کے مطابق یہ اقدام کسی بداعتمادی کی وجہ سے نہیں بلکہ ٹام کی سنجیدگی اور کمٹمنٹ ظاہر کرنے کے لیے ہے، ان کا خیال ہے کہ جب وہ باقاعدہ پروپوز کریں تو کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہو اور سب کچھ پہلے سے طے شدہ ہو۔ رپورٹس کے مطابق ٹام کروز کی مجموعی دولت کا تخمینہ 600 ملین ڈالر ہے، انہوں نے اپنے وکلا کو ہدایت دی ہے کہ معاہدے میں اثاثہ جات، رازداری اور ڈسکریشن کی لازمی شرط شامل کی جائے۔ دوسری جانب آنا دے آرمس جن کی دولت تقریباً 20 ملین ڈالر بتائی جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

اپنے بچوں کو شوبز انڈسٹری سے دور رکھنا چاہتی، اداکارہ دعا ملک

کاسٹنگ کاچ کا سامنا کیا، متعلقہ شخصیت پاکستان کی معروف ہستی ہیں

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ و میزبان دعا ملک نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں اپنے کیریئر کے دوران کاسٹنگ کاچ کا سامنا کرنا پڑا تھا اور اس واقعے میں ملوث شخصیت پاکستان کی ایک معروف ہستی ہیں۔ دعا ملک نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے شوبز انڈسٹری اور ذاتی زندگی سے متعلق کھل کر گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے بچوں کو شوبز انڈسٹری سے دور رکھنا چاہتی ہیں اور اسی وجہ سے اپنے بچوں کو امریکا لے کر آ گئیں تاکہ وہ اس انڈسٹری کا حصہ نہ بن سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگرچہ انہوں نے اپنی بیٹی کو کبھی پیانو بجانا نہیں سکھایا لیکن اس نے خود ہی یہ صلاحیت حاصل کرلی، جس سے انہیں اندازہ ہوا کہ اگر بچوں میں کوئی شوق یا صلاحیت موجود ہو تو وہ خود ہی اسے سیکھ لیتے ہیں۔ کاسٹنگ کاچ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے دعا ملک نے ابتدا میں کہا کہ انہوں نے اس بارے میں کبھی نہیں سوچا اور نہ ہی انہیں کبھی اس قسم کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر شخص کی اپنی شخصیت ہوتی ہے، انڈسٹری میں کچھ لڑکیاں بہت خوبصورت ہوتی ہیں لیکن ان میں مضبوطی کی کمی ہوتی ہے اور وہ نہ نہیں کہہ پاتیں، تاہم وہ اور ان کی بہن حمائمہ اس حوالے سے بالکل مختلف ہیں، کیونکہ جب کبھی کوئی ان کے پاس غلط ارادے سے آیا تو وہ اسے الٹا جواب دے دیتی تھیں۔ دعا ملک کے مطابق وہ خود کبھی کچھ ڈرپوک سی تھیں لیکن ان کی بہن حمائمہ بہت بہادر ہیں، یہی وجہ ہے کہ دونوں بہنوں کو اس طرح کے حالات کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ تاہم، دعا ملک نے بعد میں انکشاف کیا کہ انہیں صرف ایک بار کاسٹنگ کاچ جیسے حالات کا سامنا کرنا پڑا تھا، جس کی وجہ سے ان کے کیریئر کو شدید نقصان پہنچا۔ انہوں نے بتایا کہ اس معاملے کی مزید تفصیلات وہ کبھی بھی عوامی سطح پر نہیں بتا سکتیں کیونکہ جس شخصیت نے ایسا کیا تھا وہ پاکستان کی بہت مشہور ہستی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اگرچہ وہ اس وقت امریکا میں ہیں لیکن ان کی فیملی پاکستان میں رہتی ہے اور وہ نہیں چاہتیں کہ ان کی وجہ سے ان کے اہل خانہ کو کوئی نقصان پہنچے۔

☆☆☆☆☆☆

اداکارہ امیشا پٹیل نے اب تک شادی نہ کرنے کی وجہ بتا دی

میں اب تک اپنی مرضی سے سنگل ہوں اور کئی رشتے اب تک ٹھکرا چکی ہوں

اب تو میری آدھی عمر کے لوگ بھی مجھے ڈیٹ پر لے جانے کے لیے پوچھتے ہیں

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ امیشا پٹیل نے اب تک شادی نہ کرنے کی وجہ بتا دی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 50 سالہ اداکارہ کا کہنا ہے کہ مجھے شادی کے لیے کئی لوگوں نے پیشکش کی اور اب تو میری آدھی عمر کے لوگ بھی مجھے ڈیٹ پر لے جانے کے لیے پوچھتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امیشا پٹیل نے کہا کہ اب تک جن لوگوں نے مجھے شادی کے لیے پیشکش کیں ان کی خواہش تھی کہ میں شادی کے بعد کام نہ کروں اور گھر پر ہی رہوں۔ اداکارہ امیشا پٹیل نے انکشاف کیا کہ میں اب تک اپنی مرضی سے سنگل ہوں اور کئی رشتے اب تک ٹھکرا چکی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ آپ سے محبت کرتے ہیں وہ آپ کے کیریئر کو آگے بڑھنے میں مدد دیتے ہیں۔ میں نے اپنی زندگی میں اپنے کیریئر اور محبت دونوں کے لیے بہت کچھ کھویا ہے اس لیے کسی ایک کے انتخاب کے لیے کسی دوسرے کو نہیں چھوڑ سکتی۔ انہوں نے بتایا کہ فلموں میں قدم رکھنے سے قبل میری زندگی میں ایک شخص تھا، جو جنوبی بمبئی کے ایک بہت بڑے صنعتی گھرانے سے تعلق رکھتا تھا اور اس کی خواہش تھی کہ میں فلموں میں کام نہیں کروں لیکن میرے لیے یہ ممکن نہیں تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے اب بھی شادی کی آفرز موصول ہوتی ہیں، جو اکثر میری عمر سے آدھی عمر کے مردوں کی طرف سے ہوتی ہیں۔ اگر مجھے کوئی ایسا ملا جو مجھے بالکل ایسے قبول کرے جیسی میں ہوں تو میں ضرور شادی کرلوں گی۔

☆☆☆☆☆☆

بقیہ نمبر 1

حبیب زہری، پیپلز پارٹی حب کے صدر ارباب مکسی، کامریڈ شکیل شیخ، علی گوہر مکسی، میر امام بزنجو، نصیر احمد رونجھو، حاجی نوید موندرہ، صاحب خان چھٹہ، شاہنواز بندیجہ، مشتاق بنگلزئی، وڈیرہ نور بخش سیاپاد، طارق زہری، ابراہیم بروہی و دیگر موجود تھے

بقیہ نمبر 2

نہیں کرنا چاہتے، ابھی وقت ہے اس بند گلی میں نہ جائیں جہاں سے واپسی کا راستہ نہ ہو، اس طرح کے ڈراموں سے کوئی چیز حاصل نہیں ہوسکتی، اس بار مستقل لائحہ عمل بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو مشورہ ہے اپنا اور اپنے لوگوں کا نقصان نہ کریں، سومنات والی بڑھکوں سے فرق نہیں پڑتا، لانگ مارچ کیلئے آتے ہیں تو اس دفعہ کوئی کمی نہیں چھوڑیں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ پی ٹی آئی پھر بھی دھرنے کیلئے آتی ہے تو اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم پر عمل کریں گے، پی ٹی آئی والوں کو خود معلوم نہیں کہ ان کا مطالبہ کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ اگر ان کا مطالبہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے چیک اپ کا ہے تو وہ گزشتہ رات بھی ہوا، بانی پی ٹی آئی کے علاج کیلئے قانون کے مطابق ہر چیز کریں گے، ان کے کہنے پر بانی کا چیک اپ نہیں ہوگا، پی ٹی آئی والوں کو بانی کے چیک اپ سے متعلق بتانے کی ضرورت نہیں، بڑھکیں مارنے والوں کو بولنے دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہنگو کے شہداء کے جنازوں میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اور نہ کوئی وزیر شریک ہوا، سیاسی اختلافات جتنے مرضی ہوں لیکن اتنی انتہا پر جاتے نہیں دیکھا، جنازے میں شرکت نہ کرنا، کیا یہ لوگ اتنے بے حس ہوگئے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ پٹرول کی قیمتوں میں ردوبدل عالمی مارکیٹ سے منسلک ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نئے صوبوں کے قیام کی بھرپور حمایت کررہے ہیں، اگر اللہ نے چاہا تو نئے صوبے ضرور بنیں گے۔

بقیہ نمبر 3

کا نیا نظام نافذ کردیا گیا تاہم پنشن کی ادائیگی براہ راست بینک اکاؤنٹس میں جاری رہے گی۔ اعلامیے کے مطابق کمرشل بینکوں کا پنشنرز کی بائیومیٹرک تصدیق میں کردار ختم کردیا گیا، وزارت خزانہ نے پنشن کی ڈیجیٹل تصدیق اور ادائیگی کے نئے ایس او پی جاری کردیئے۔ اب پنشنرز کی زندگی کی تصدیق نادرا کے ذریعے ڈیجیٹل طریقے سے ہوگی۔ وزارت خزانہ کے مطابق نادرا پنشنرز کا ڈیجیٹل لائف سگنل براہ راست سی جی اے اور ملٹری اکاؤنٹ جنرل کو بھیجے گا، پنشنرز کی تصدیق کے لیے بینکوں پر انحصار ختم کردیا گیا، کمرشل بینک صرف پنشن کی ادائیگی کے ایجنٹ کے طور پر کام کریں گے۔ بینک عام حالات میں پنشنرز کا بائیومیٹرک ڈیٹا وصول یا محفوظ نہیں کرسکیں گے، پنشن کی پرانی کاغذی ترسیل کا دستاویزی نظام ختم کردیا گیا، پنشنرز اب ڈیجیٹل طریقے سے پروف آف لائف مکمل کریں گے۔ پنشنرز نادرا کی پاک آئی ڈی ایپ کے ذریعے زندگی کی تصدیق کرا سکیں گے۔ اعلامیے کے مطابق نادرا رجسٹریشن سینٹرز اور موبائل یونٹس سے بھی پنشن کی تصدیق ممکن ہوگی، بینک برانچز، موبائل ایپس بھی نادرا کیجاز مراکز کے طور پر تصدیق کی سہولت دے سکیں گے۔ وزارت خزانہ کے مطابق مسلسل 6 ماہ تک ڈیجیٹل لائف سگنل نہ ملنے پر پنشن عارضی طور پر روک دی جائے گی، 6 ماہ تک تصدیق نہ ہونے پر اکاؤنٹ کو غیر فعال قرار نہیں دیا جائے گا۔ پنشن اکاؤنٹس صرف بائیومیٹرک تصدیق نہ ہونے سے ڈورمنٹ نہیں کیا جاسکے گا۔ ڈیجیٹل تصدیق ممکن نہ ہونے کی صورت میں متبادل طریقہ بھی موجود ہوگا، ڈیجیٹل تصدیق نہ ہونے پر ضلعی اکاؤنٹس دفاتر اور پنشن سہولت مراکز سے رجوع کیا جاسکیگا۔ بیرون ملک مقیم پنشنرز کے لیے بھی متبادل تصدیقی طریقہ رکھا گیا ہے، نئے ایس او پی میں پنشن کی تصدیق کا عمل زیادہ آسان اور ڈیجیٹل بنانے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ نئے ایس او پی کا اطلاق وفاقی حکومت کے ریٹائرڈ ملازمین اور اہل فیملی پنشنرز پر ہوگا، حکام کے مطابق نئے پنشن ایس او پی کا مقصد تصدیق کے عمل میں شفافیت اور سہولت بڑھانا ہے۔

بقیہ نمبر 4

امارات کے نائب صدر، وزیراعظم اور دبئی کے حکمران شیخ محمد بن راشد المکتوم کے چھوٹے بھائی شیخ احمد بن راشد المکتوم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو سوشل میڈیا ایکس پر اپنی پوسٹ میں صدر مملکت نے شیخ محمد بن راشد المکتوم اور سوگوار آل مکتوم خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصال ثواب اور سوگوار خاندان کیلئے صبر و استقامت کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 5

نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اس بات پر پرعزم ہیں کہ ایران بھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے، جبکہ واشنگٹن اس مقصد کے لیے ایران پر زیادہ سے زیادہ دباؤ جاری رکھے گا۔ عرب میڈیا کے مطابق مائیک والٹز نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ ایران کے لیے مذاکرات کی میز پر واپس آنے کا دروازہ اب بھی کھلا ہے، تاہم اس کے لیے تہران کو سنجیدگی اور نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات میں واپس آنا ہوگا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے والٹز نے امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ کوئی دہائیوں سے جاری تنازع کا تسلسل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو جوہری چھتری حاصل کرکے آبنائے ہرمز سمیت دنیا کو دباؤ میں رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایران نے مسلسل جوہری ہتھیار بنانے کی کوشش کی تردید کی ہے اور اپنے جوہری پروگرام کو پرامن مقاصد کے لیے قرار دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2015 میں ایران اور عالمی طاقتوں کے درمیان جوہری معاہدہ ہوا تھا، تاہم صدر ٹرمپ نے اپنی پہلی مدتِ صدارت میں 2018 میں امریکا کو اس معاہدے سے الگ کرلیا تھا۔ حالیہ صورتحال میں بھی دونوں ملکوں کے درمیان مذاکرات کا معاملہ تعطل کا شکار ہے، تاہم ایران نے قطر کے ذریعے امریکا کو جنگ کے خاتمے اور مذاکرات سے متعلق اپنی شرائط پہنچانے کی تصدیق کی ہے۔

بقیہ نمبر 6

محفوظ پناہ گاہوں پر فضائی کارروائیاں کی گئیں، 20 ستمبر کو ہاٹ اور ہنگو میں دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی گئیں۔ وزارت اطلاعات کے پی کے مطابق کارروائی میں بھارتی پراکسی فتن الخوارج کے 9 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا اور متعدد زخمی ہوئے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق پاک افغان سرحدی علاقے میں فتن الخوارج اور دہشتگردوں کے کیمپوں اور ٹھکانوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، کارروائی میں 3 اہداف کو کامیابی سے تباہ کیا گیا، تباہ کیے گئے اہداف میں خودکش بمباروں کی تربیت کا مرکز بھی شامل تھا۔ وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق کارروائی میں متعدد خودکش بمباروں سمیت 28 دہشتگرد ہلاک ہوئے، مراکز اور ٹھکانوں میں بڑی مقدار میں ذخیرہ اسلحہ و گولہ بارود بھی تباہ کردیا گیا۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن واستحکام برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے، شہریوں کی سلامتی اور تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، یہ انتہائی تشویش کا باعث ہے کہ افغانستان بدستور دہشتگردی کا مرکز بنا ہوا ہے، پاکستان کو لاحق دہشتگردی کا خطرہ افغانستان سے پیدا ہورہا ہے، اسی تناظر میں دہشتگردوں کے مراکز کو درستگی کے ساتھ نشانہ بنایا گیا۔ وزارت اطلاعات کے مطابق کارروائیوں کے دوران زیادہ سے زیادہ احتیاطی تدابیر اختیار کیں، یقینی بنایا گیا کہ کسی قسم کا ضمنی نقصان نہ ہو، انسداد دہشتگردی مہم غضب الحق پوری رفتار سے جاری رہے گی، مہم جاری ہے تاکہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 7

ھونا کررہا ہے، ہم نے بھی کسی جرم کے بغیر ڈیتھ سیل میں وقت گزارا لیکن اف تک نہیں کی۔ وہ پیر کو پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی میں تزئین و آرائش شدہ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ وائس چانسلر پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے خطبہ استقبالیہ میں یونیورسٹی کے آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش، سپورٹس سہولیات، جیم اور دیگر شعبوں کی اپ گریڈیشن پر وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد حنیف عباسی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بہت جلد وزیراعلیٰ پنجاب کی دی ہوئی مزید 50 بسیں راولپنڈی شہر کے اندر چلتی نظر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ راولپنڈی کے کڈنی ہسپتال میں 2 کامیاب لیور ٹرانسپلانٹ ہوچکے ہیں، پہلے لوگ چین اور ہندوستان میں ٹرانسپلانٹ کے لئے جاتے تھے، اب نہیں جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی میں 300,300 بیڈ کے دو ہسپتال مکمل ہوچکے ہیں، 400 بیڈ کا چلڈرن ہسپتال جون 2027 سے قبل مکمل ہو جائے گا۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے عین مطابق راولپنڈی میں سٹیٹ آف دی آرٹ منصوبے مکمل کیے ہیں، کام کے معیار پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا، کوئی میرے تعمیراتی کام پر انگلی نہیں اٹھا سکتا، ماضی میں حکومت پاکستان کے پیسوں سے منصوبے مکمل کرکے اپنے نام لکھوائے گئے، ہم نے یہ روایت تبدیل کردی اور کالجوں، یونیورسٹیوں میں آڈیٹوریم، نئے بلاکس کو قومی ہیروز کے نام سے منسوب کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تاقیامت زندہ تابندہ رہے گا ہم سب کو قومیت سے پہلے پاکستانی ہونے کے نعرے پر یکجا ہونا پڑیگا، دہشت گردوں کا سہولت کار بننے والے بھی پاکستانی ہی ہوتے ہیں انہیں سوچنا چاہیے کہ پاکستان ہمارا اپنا ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر اور بلوچستان میں جو کھیل کھیلا جارہا ہے ہمارے ادارے اس سے آگاہ ہیں، دوٹوک انداز میں بتا دینا چاہتے ہیں کہ پاکستان کو نقصان پہنچانے والے ناکام ہوں گے، پاکستان کو شام، لیبیا یا عراق نہیں بننے دیں گے۔ تقریب کے اختتام پر وفاقی وزیر ریلوے نے آڈیٹوریم کی تعمیر میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والے حکام میں سوونیئر تقسیم کیے

بقیہ نمبر 8

تا ہوں۔ یہ محض وقتی مالی معاونت نہیں ہے بلکہ ہماری نئی نسل کے روشن مستقبل کی خاطر تعلیم کے ذریعے معاشرے کو تبدیل کرنے کے عزم کا اظہار ہے۔ اسکے علاوہ میں بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے FSc کے امتحانات میں اسلامیہ کالج کی پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کیلئے ایک ایک لاکھ روپے نقد انعام کا بھی اعلان کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلامیہ گرلز کالج میں کی انجمن اسلامیہ بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، سردار یحییٰ خان ناصر، پرنسپل اسلامیہ گرلز کالج پروفیسر شائستہ کاکڑ، محمد نعیم احمد خان کے علاوہ اساتذہ اور طلباء کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ انجمن اسلامیہ کے زیر نگرانی یہ ایک موقر تعلیمی ادارہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک شاندار طویل تاریخ رکھتا ہے۔ اسلامیہ بوائز اینڈ گرلز اسکولز اینڈ کالجز سے ہزاروں لوگ فارغ التحصیل ہوئے ہیں جو زندگی کی مختلف شعبوں میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے اسلامیہ ہائی اسکول کو چھوٹا علی گڑھ قرار دیا۔ معیاری تعلیم کے فروغ کے حوالے سے اسلامیہ تعلیمی ادارے کا اپنا ایک منفرد کردار ہے۔ وقت آپہنچا ہے کہ ہم اسلامیہ کالج کو اسلامیہ یونیورسٹی کا درجہ دے سکیں۔ ہم اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کا نہ صرف منظوری دینگے بلکہ مذکورہ یونیورسٹی کو مستحکم بنانے میں بھرپور کردار بھی ادا کریں گے اور امریکہ سے ڈونرز اور مخیر حضرات بھی لاوں گا اسطرح درس و تدریس کا یہ سلسلہ آگے بھی چلتا رہیگا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ محکمہ صحت اور تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ توقع ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی ملک کی ٹاپ یونیورسٹیز کی فہرست میں شامل ہوگی۔ ایک تعلیم یافتہ لڑکی صرف اپنی تقدیر نہیں بدلتی بلکہ وہ ایک خاندان کی سوچ و اپروچ بدلتی ہے، ایک نسل کی تربیت کرتی ہے اور بالآخر پورے معاشرے کی درست سمت متعین کرتی ہے لہٰذا اب ہمیں آپ کو یہ اعتماد دینا ہوگا کہ آپ اپنے ہر خواب کو حقیقت میں بدل سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا ایک نئے دور میں داخل ہوچکی ہے۔ آج آرٹیفیشل انٹیلیجنس، ڈیجیٹل اکانومی، روبوٹکس اور سائنٹفک ریسرچ مستقبل کا نقشہ بنارہی ہیں لہٰذا آپ آرٹیفیشل انٹیلیجنس، روبوٹکس، کوالٹی ایجوکیشن، جدید مہارت اور سائنسی ریسرچ پر اپنی توجہ مرکوز رکھیں۔ خوشی کا لمحہ ہے کہ میں بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے حالیہ اصف ایس سی کے نتائج میں اسلامیہ گرلز کالج کی نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی دس طالبات میں اسناد تقسیم کررہے ہیں۔ اگر ہماری بیٹیوں کو مناسب ماحول، کوالٹی ایجوکیشن اور مساوی مواقع ملیں تو وہ زندگی کے ہر شعبے میں اپنی صلاحیت منواسکتی ہیں۔ تقریب کے آخر میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے منتظمین اور پوزیشن ہولڈرز میں انعامات اور یادگاری شیلڈز تقسیم کیے۔

بقیہ نمبر 9

کنٹینرز سے بھر دیا گیا، سعودی عرب سے معاہدے کو آگے بڑھنا چاہیے اور معاہدے میں مصر اور ایران کو شامل ہونا چاہیے تھا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی حکومت سے الگ ہوتی ہے تو پھر یہ اقلیت کی حکومت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ابھی اپوزیشن اس صورتحال میں نہیں کہ تحریک عدم اعتماد لائے، ابھی اس حوالے سے کوئی سوچ نہیں نہ تحریک عدم اعتماد پر غور کیا گیا تاہم تحریک عدم اعتماد آتی ہے تو ساتھ دیں گے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پارلیمانی طرز حکومت کو مستحکم نہیں ہونا دیا جارہا ہے، معیشت اور مہنگائی سے ہم سب کو مسئلہ ہے۔ جے یو آئی سربراہ نے کہا کہ ہم بار بار کہتے رہے ہیں کہ دو صوبوں میں کوئی حکومتی رٹ نہیں، سندھ میں جائیں تو وہاں بھی اسٹریٹ کرائمز ہیں، بلوچستان جائیں تو وہاں دن دیہاڑے بینک لوٹے جاتے ہیں، کوئی نظام نہیں کہ بینکوں یا شہریوں کو تحفظ دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز ہمارے ایک سینیٹر کو ایئرپورٹ پر روک دیا گیا، وہ چین نہیں جاسکے، ہمارے صوبے میں وزرا کو روڈ پر روک دیا جاتا ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ملک میں مہنگائی بڑھ گئی، عوام کے دکھ کا مداوا نہیں ہورہا، کچھ جماعتوں نے احتجاج کا اعلان کیا تو اسلام آباد کنٹینرز سے بھر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب سے معاہدے کو آگے بڑھنا چاہیے اور معاہدے میں مصر اور ایران کو شامل ہونا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے صوبوں کے حقوق کی بات کی، صوبے کے وسائل کے مالک صوبے کے عوام ہیں، صوبوں کی جنگ آئین کے مطابق لڑیں گے۔

بقیہ نمبر 10

گرد چھپ کر وار کررہے ہیں، شہید فہیم کے والد کا کہنا ہے کہ بیٹے کی شہادت قابل فخر لمحہ ہے، دہشت گرد اس قوم کے جذبے کو کم نہیں کر سکتے، دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوہاٹ واقعہ کے وقت وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کہاں تھے؟ وزیراعلیٰ سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے لاہور کی سڑکوں پر موجود تھے، ان کے پاس انتشار کی سیاست کا وقت ہے، اپنے صوبے کے عوام کے لیے وقت نہیں، سہیل آفریدی نے 15 منٹ ہیلی کاپٹر پر چکر لگایا اور چلے گئے، تعلیم، صحت اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے آپ نے کیا کیا ہے؟ وزیراطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت صرف سوشل میڈیا پر پوسٹیں لگانا جانتی ہے، صوبے میں پولیس کی سہولت کے لیے فرانزک لیب تک موجود نہیں، من پسند لوگوں کو ٹھیکے دے کر پیسے وصول کیے جاتے ہیں، صوبے میں کرپشن کے نئے ریکارڈ قائم کیے جارہے ہیں، اسلام آباد کو بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی، مسلح جتھوں کو اسلام آباد کی طرف آنے نہیں دیا جائے گا، پی ٹی آئی والے کبھی پرامن نہیں رہے، پرامن احتجاج ان لوگوں کی روایت نہیں ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پرامن لوگ گھروں سے کیل لگے ڈنڈے لے کر نہیں نکلتے، پی ٹی آئی والوں سے حساب لیا جائے گا، فنڈز کے بہانوں کے پیچھے انہیں چھپنے نہیں دیں گے۔ وزیراطلاعات نے کہا کہ کوہاٹ میں ٹنل اور موٹروے جیسے منصوبے محمد نواز شریف نے بنائے، خیبر پختونخوا میں جنگلات کاٹے جارہے ہیں، جعلی سگریٹس کی فیکٹریاں پکڑی گئی ہیں، خیبر پختونخوا میں گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیئے گئے؟ صوبے کا ترقیاتی فنڈ کہاں خرچ ہورہا ہے، کسی کو معلوم نہیں۔

بقیہ نمبر 11

۔ انہوں نے کہا کہ اب توجہ برآمدات میں اضافے، سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی پیداوار میں بہتری، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور پاکستان کی نوجوان آبادی کو معاشی ترقی کی قوت بنانے پر مرکوز ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ماہانہ ترقیاتی اپ ڈیٹ شفاف، شواہد پر مبنی اور جوابدہ طرز حکمرانی کے عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں اور معاشی پیش رفت کی مؤثر نگرانی کے لیے شفافیت، اعداد و شمار اور شواہد کی بنیاد پر فیصلہ سازی ضروری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کے معاشی اشاریے گزشتہ چند برسوں کے مقابلے میں بہتر ہوئے ہیں جبکہ بین الاقوامی اور سفارتی سطح پر بھی ملک نے کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب ان کامیابیوں کو داخلی معاشی طاقت میں تبدیل کرنا ہوگا، ہمیں اپنی عالمی کامیابیوں کو داخلی قوت میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو زیادہ پیداواری اور برآمدات پر مبنی معیشت بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اڑان پاکستان کے تحت سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافے اور وسیع تر ترقیاتی ایجنڈے کے ذریعے ملک کو پائیدار اور جامع معاشی ترقی کی سمت لے جایا جارہا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ مہنگائی میں کمی اور قیمتوں کا استحکام حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے کیونکہ قیمتوں کا براہ راست اثر عوام کے گھریلو بجٹ اور قوت خرید پر پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ضروری اشیا اور خدمات کی قیمتوں میں اضافے کے دباؤ کو کم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کررہی ہے، جبکہ معاشی ترقی کے ساتھ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا بھی معاشی حکمت عملی کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافے نے مختلف ممالک کو متاثر کیا ہے اور قیمتوں میں کمی سے مہنگائی کے دباؤ میں بھی کمی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کے باقاعدہ اجلاسوں کے ذریعے قیمتوں میں اضافے کے دباؤ کا جائزہ لیا جارہا ہے، ضروری اشیا کی قیمتوں میں تھوک اور پرچون کے درمیان بلاجواز فرق کے خاتمے اور مؤثر نگرانی کے لیے ہدفی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ جولائی اور اگست 2026 میں اوسط افراطِ زر 10.2 فیصد ریکارڈ کیا گیا جبکہ اگست میں ماہانہ افراطِ زر 11.1 فیصد رہا، جو جولائی کے 9.2 فیصد کے مقابلے میں زیادہ ہے، اگست میں اشیائے خورونوش اور غیر الکوحل مشروبات کی قیمتوں میں 13.9 فیصد جبکہ ٹرانسپورٹ کے شعبے میں 20.2 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی جی کی مقررہ اور مارکیٹ میں رائج قیمتوں کے درمیان فرق کا بھی نوٹس لیا گیا ہے اور متعلقہ اداروں کو فوری اصلاحی اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کے صنعتی شعبے میں پیداوار کی رفتار میں بہتری آرہی ہے۔ جولائی 2026 میں لارج اسکیل مینوفیکچرنگ میں سالانہ بنیادوں پر 3 فیصد اضافہ ہوا جبکہ جون 2026 کے مقابلے میں جولائی میں لارج اسکیل مینوفیکچرنگ کی پیداوار میں 9.5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آٹو موبائلز، ٹرانسپورٹ آلات، تمباکو، ملبوسات، برقی آلات اور نان میٹالک منرل مصنوعات کی پیداوار میں نمایاں اضافہ صنعتی بنیاد کی مضبوطی کی عکاسی کرتا ہے۔ آٹو موبائلز کی پیداوار میں 57.01 فیصد، ٹرانسپورٹ آلات میں 40.22 فیصد، تمباکو میں 35.82 فیصد، ملبوسات میں 22.03 فیصد، برقی آلات میں 7.88 فیصد جبکہ نان میٹالک منرل مصنوعات میں 4.25 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ صنعتی پیداوار میں بہتری حوصلہ افزا ہے تاہم روایتی برآمدی شعبوں کی بحالی اور انہیں عالمی منڈی میں مزید مسابقتی بنانا بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے نئے مالی سال میں اپنی بیرونی پوزیشن کے حوالے سے بہتر بنیاد کے ساتھ آغاز کیا ہے۔ جولائی اور اگست 2026 میں اشیا کی برآمدات 5.4 ارب ڈالر جبکہ اشیا اور خدمات کی مجموعی برآمدات 7.3 ارب ڈالر رہیں، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے 6.6 ارب ڈالر کے مقابلے میں 9.2 فیصد زیادہ ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ برآمدات میں بہتری کا دائرہ کسی ایک شعبے تک محدود نہیں۔ غذائی اشیا کی برآمدات میں 9.3 فیصد، پیٹرولیم مصنوعات میں 42 فیصد، چمڑے کی مصنوعات میں 12.8 فیصد، ٹیکسٹائل میں 3 فیصد جبکہ سرجیکل مصنوعات کی برآمدات میں 10.2 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعداد و شمار اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ پاکستان کی پیداواری معیشت کے مختلف شعبے بیرونی آمدنی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ پاکستان کی بیرونی آمدنی کے ڈھانچے میں بتدریج تبدیلی آرہی ہے اور برآمدات روایتی شعبوں سے آگے بڑھ رہی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خدمات کی برآمدات میں 29 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ آئی ٹی اور ڈیجیٹل خدمات پاکستان کے لیے زرمبادلہ کمانے کا اہم ذریعہ بنتی جارہی ہیں۔ جولائی اور اگست 2026 میں آئی سی ٹی برآمدات 811 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ سال کی اسی مدت میں 691 ملین ڈالر تھیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اب معاشی استحکام کو بلند اور پائیدار اقتصادی ترقی میں تبدیل کرنے پر توجہ مرکوز کررہی ہے۔ برآمدات کی بنیاد وسیع کرنے، مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن بڑھانے، ٹیکنالوجی اور خدمات کی برآمدات کو وسعت دینے اور نجی سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ درآمدات میں اضافے کے باوجود جولائی اور اگست 2026 میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 543 ملین ڈالر رہا، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے 853 ملین ڈالر کے مقابلے میں 310 ملین ڈالر یعنی 36 فیصد بہتری کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترسیلات زر پاکستان کی بیرونی استحکام کی ایک اہم بنیاد ہیں۔ رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں ترسیلات زر 7.3 ارب ڈالر رہیں، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے 6.4 ارب ڈالر کے مقابلے میں زیادہ ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ملک کی بیرونی آمدنی اور معاشی استحکام میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ جولائی اور اگست 2026 میں خلیجی ممالک ترسیلاتِ زر کا بڑا ذریعہ رہے، جن میں سعودی عرب سے 873 ملین ڈالر اور متحدہ عرب امارات سے 750 ملین ڈالر موصول ہوئے، جبکہ برطانیہ سے 564 ملین ڈالر اور امریکا سے 309 ملین ڈالر کی ترسیلاتِ زر آئیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف خطوں سے ترسیلاتِ زر کا حصول پاکستان کی بیرونی آمدنی کی بنیاد کی وسعت، مضبوطی اور پائیداری کو ظاہر کرتا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ رواں مالی سال کے آغاز پر پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی رفتار میں بھی بہتری آئی ہے۔ اگست 2026 میں خالص براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 77 فیصد اضافے کے ساتھ 316 ملین ڈالر تک پہنچ گئی، جبکہ جولائی اور اگست 2026 میں مجموعی خالص براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 494 ملین ڈالر رہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے 399 ملین ڈالر کے مقابلے میں رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں خالص براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں 24 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ معاشی استحکام کے ثمرات کو پائیدار ترقی میں تبدیل کرنے کے لیے ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتشار سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہوتا ہے اور پاکستان کے مستقبل کے ساتھ کسی کو کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ احسن اقبال نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو بھی یہ دیکھنا ہوگا کہ ان کی سیاست کہیں ملک کے مفادات کے خلاف استعمال تو نہیں ہورہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے اپنے سیاسی مقدمات قومی اسمبلی اور عدالتوں میں لڑے اور کبھی پاکستان کے خلاف کسی سازش کا حصہ نہیں بنی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو معاشی ترقی، سرمایہ کاری، برآمدات اور روزگار کے راستے پر آگے بڑھانے کے لیے قومی ترجیحات پر سیاسی استحکام اور اجتماعی عزم ضروری ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ حکومت کا مقصد معاشی استحکام کو محض ایک مرحلے کے طور پر نہیں بلکہ پائیدار ترقی، سرمایہ کاری، برآمدات اور عوام کے لیے بہتر معاشی مواقع کی بنیاد بنانا ہے

بقیہ نمبر 12

جوڑ سے متعلق ایک خفیہ انٹیلی جنس رپورٹ سامنے آئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ نیٹ ورک 2025 میں تشکیل پایا اور اس کا مقصد پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کے لیے مالی، افرادی اور لاجسٹک معاونت فراہم کرنا تھا، یہ دعوے پاکستانی انٹیلی جنس ذرائع سے منسوب رپورٹ میں سامنے آئے ہیں اور ان کی آزادانہ طور پر مکمل تصدیق نہیں ہوئی۔ رپورٹ میں کہا گیا طالبان انٹیلی جنس نے مبینہ طور پر طالبان سپریم لیڈر ملا ہبت اللہ اخوندزادہ کی ہدایات پر فتنہ الہندوستان، فتنۃ الخوارج اور دیگر عسکریت پسند گروہوں کے درمیان روابط قائم کیے۔ مئی 2026 میں قندھار کے گورنر ملا شیریں کی القاعدہ اور ٹی ٹی پی سے منسلک عناصر کے ساتھ ملاقات کا بھی دعویٰ کیا گیا، جس میں بلوچستان میں کارروائیوں کے لیے بی ایل اے کو معاونت فراہم کرنے پر بات ہوئی۔ رپورٹ میں لکھا گیا کہ جولائی 2026 میں جی ڈی آئی نے تین اہم ملاقاتیں کرائیں، پہلی ملاقات میں بی ایل اے کی پاکستان میں کارروائیوں کے لیے مبینہ طور پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی، جبکہ دوسری ملاقات قندھار میں ٹی ٹی پی کے ایک کمپاؤنڈ میں ہوئی، جہاں بی ایل اے کی جانب سے جماعت الاحرار کو 35 لاکھ افغانی دینے کا دعویٰ کیا گیا۔ تیسری ملاقات افغانستان سے باہر را اور جی ڈی آئی کے درمیان ہونے کا ذکر ہے، جس میں بلوچستان میں بی ایل اے اور ٹی ٹی پی کی مشترکہ کارروائیوں کی منصوبہ بندی اور مبینہ طور پر 78 لاکھ ڈالر سے زائد کی مالی معاونت کا دعویٰ کیا گیا۔ دستاویز میں یہ بات بھی سامنے آئی کہ پاکستانی سیکیورٹی فورسز کے دباؤ کے بعد 26 اگست 2026 کو قندھار میں ایک ہنگامی اجلاس بھی ہوا، جس میں بی ایل اے، ٹی ٹی پی اور القاعدہ سے منسلک عناصر کے نمائندوں کی شرکت کا دعویٰ کیا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا بی ایل اے کی جانب سے افرادی قوت کی کمی کا معاملہ اٹھایا گیا، جس پر ٹی ٹی پی اور القاعدہ سے جنگجوؤں، اسلحے اور لاجسٹک معاونت کی یقین دہانی کرائی گئی۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ طالبان سپریم لیڈر کی جانب سے اسلحے اور گولہ بارود کی منتقلی سے متعلق ایک خط موجود ہے، جبکہ ٹی ٹی پی کے سابق رکن ملا معراج الدین فراہی کو بی ایل اے کے لیے افرادی قوت، اسلحے اور مالی وسائل کی فراہمی کی ذمہ داری دی گئی۔ دستاویز میں الزام عائد کیا گیا کہ بلوچستان میں بعض حملے ٹی ٹی پی اور القاعدہ سے وابستہ عناصر انجام دیتے ہیں جبکہ ان کی ذمہ داری بی ایل اے کی جانب سے قبول کی جاتی ہے، تاکہ عالمی پابندیوں اور نگرانی سے بچا جاسکے۔ 4 ستمبر کے زیارت حملے کو بھی اسی تناظر میں پیش کیا گیا ہے، تاہم ان مخصوص دعوؤں کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی۔ پاکستان پہلے بھی افغانستان میں موجود عسکریت پسند گروہوں کی جانب سے پاکستانی سرزمین پر حملوں کے الزامات عائد کرتا رہا ہے، جبکہ طالبان حکام ایسے الزامات کو مسترد کرتے رہے ہیں، پاکستان نے اگست میں بھی افغان حکام سے مطالبہ کیا تھا کہ افغان سرزمین کو ٹی ٹی پی اور بی ایل اے سمیت پاکستان مخالف گروہوں کے لیے استعمال نہ ہونے دیا جائے۔ دوسری جانب دفاعی ماہرین کے مطابق افغانستان میں مختلف مسلح گروہوں کے درمیان رابطے، مشترکہ افرادی قوت، اسلحے اور مالی وسائل کی موجودگی خطے میں دہشت گردی کے خطرات کو بڑھا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 13

ناتو پھر اس کا کیا فائدہ؟ دوران سماعت وکیل نے بانی پی ٹی آئی سے متعلق سپریم کورٹ کے مقدمے کا حوالہ دیا۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیئے کہ اگر ایسی بات تھی تو آپ سپریم کورٹ میں درخواست دائر کرتے، آپ اسی مقدمے میں فریق کیوں نہ بنے؟ وکیل نے بتایا کہ یہ مقدمہ آئینی درخواست کے ذریعے دائر کیا گیا تھا، آئینی درخواست کی اپیل وفاقی آئینی عدالت میں ہوسکتی ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے درخواستوں کو ابتدائی سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے اٹارنی جنرل اور دیگر فریقین کو نوٹسز جاری کردیئے اور کیس کی مزید سماعت (آج) منگل تک ملتوی کردی

بقیہ نمبر 14

لگتا ہے۔ تاحال یہ واضح نہیں کہ یہ پروجیکٹائل کس نے اور کہاں سے داغا تھا اور کس طرح فضا میں تباہ کیا گیا جس کا ملبہ ایل پی جی ٹینکر سے ٹکرایا۔ برطانوی میری ٹائم ادارے کے مطابق واقعے میں کسی بھی شخص کے زخمی یا ہلاک ہونے کی اطلاع نہیں ملی اور جہاز پر موجود تمام عملہ محفوظ ہے۔ حکام نے واضح کیا کہ واقعے کے نتیجے میں سمندر میں کسی قسم کا تیل یا دیگر نقصان دہ مواد خارج ہونے کی اطلاع نہیں ہے جس کے باعث ماحولیاتی نقصان بھی نہیں ہوا تاہم ایل پی جی ٹینکر نے اپنے اگلے بندرگاہی مقام کی جانب سفر جاری رکھا جبکہ متعلقہ حکام واقعے کی وجوہات اور نوعیت کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات کررہے ہیں۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے دیگر تجارتی جہازوں کو محتاط رہنے کی ہدایت کی ہے۔ ادارے نے بحری جہازوں کے کپتانوں اور عملے سے کہا کہ علاقے میں کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ حکام کو اطلاع دی جائے۔ آبنائے ہرمز میں حالیہ کشیدگی کے دوران تجارتی جہازوں کی آمد ورفت پہلے ہی متاثر ہوئی ہے اور تازہ واقعے سے اس اہم بحری راستے میں سلامتی کے خدشات مزید بڑھ گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

کو درخواستوں پر سماعت کریں گی۔ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی نظر بندی کے خلاف علیمہ خان کے بیٹے شاہ ریز اور عظمیٰ خان کی بیٹی سکینہ نے الگ الگ درخواستیں دائر کی ہیں۔ درخواستوں میں نظر بندی کے احکامات کو چیلنج کیا گیا ہے، عمران خان کی بہنوں کی جانب سے وکیل رانا مدثر عمر عدالت میں پیش ہوں گے۔

بقیہ نمبر 16

۔ کانفرنس میں زرعی و غذائی نظام میں ون ہیلتھ کے تصور کو عملی اقدامات میں ڈھالنے پر توجہ دی جارہی ہے۔ اس موقع پر بین الاقوامی شرکا جانوروں اور پودوں کی بیماریوں، خوراک کے تحفظ، ماحولیاتی پائیداری اور صحت عامہ سے متعلق چیلنجز سے نمٹنے کے لیے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملیوں پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔ کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ ون ہیلتھ پاکستان کے غذائی تحفظ، لائیو اسٹاک کی پیداوار، دیہی آبادی کے روزگار اور پائیدار زراعت کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ عالمی سطح پر کیے جانے والے وعدوں کو قومی سطح پر مؤثر عملی اقدامات میں تبدیل کرنا ہوگا، جس کے لیے متعلقہ شعبوں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور بہتر عمل درآمد ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان صحت مند اور زیادہ مضبوط لائیو اسٹاک اور غذائی پیداواری نظام کے فروغ پر توجہ دے رہا ہے۔ انہوں نے بیماریوں کی روک تھام، حیاتیاتی تحفظ کے مؤثر انتظامات، جراثیم کش ادویات کے ذمہ دارانہ استعمال اور ویٹرنری خدمات کو مضبوط بنانے کو جانوروں اور انسانی صحت کے تحفظ اور زرعی پیداوار کے تسلسل کے لیے ضروری قرار دیا۔ چراگاہوں اور خانہ بدوش مویشی پالنے والی برادریوں کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ یہ برادریاں پاکستان کی لائیو اسٹاک معیشت میں مرکزی کردار ادا کرتی ہیں اور انہیں مزید سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جانوروں کی صحت کی خدمات، پانی، چارے اور منڈیوں تک بہتر رسائی سے ان برادریوں کے روزگار کو مستحکم بنانے کے ساتھ چراگاہوں کے پائیدار انتظام میں بھی مدد ملے گی۔ خوراک کے تحفظ کے حوالے سے وفاقی وزیر نے کہا کہ کھیت سے صارف تک خوراک کی پوری زنجیر کے ہر مرحلے پر معیار اور تحفظ کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے غذائی امراض اور جراثیم کش ادویات کے خلاف مزاحمت کی نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانے اور ون ہیلتھ کے مربوط فریم ورک کے تحت ادویات کے ذمہ دارانہ استعمال کو فروغ دینے پر زور دیا۔ رانا تنویر حسین نے لائیو اسٹاک کی پیداوار اور گھریلو غذائیت میں خواتین کے اہم کردار کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ دیہی خواتین کو علم، خدمات، ٹیکنالوجی، مالی وسائل اور منڈیوں تک بہتر رسائی فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ ان کے روزگار کو مستحکم بنانے اور ون ہیلتھ کے مقاصد کے حصول میں مدد مل سکے۔ وفاقی وزیر نے اس امر پر زور دیا کہ انسانی صحت کا تحفظ جانوروں، پودوں اور ماحول کی صحت پر توجہ دیے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے اور محفوظ، مضبوط اور پائیدار زرعی و غذائی نظام کی تشکیل کے لیے متعلقہ شعبوں کے درمیان تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ روم میں منعقدہ ایف اے او کی یہ کانفرنس زرعی و غذائی نظام میں ون ہیلتھ کے فروغ کے لیے مکالمے اور عملی اقدامات کا عالمی پلیٹ فارم فراہم کررہی ہے، جہاں مؤثر حل اور باہمی تعاون کو آگے بڑھانے پر غور کیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 17

سمیت اہم شاہراؤں پر بڑی تعداد میں کنٹینرز پہنچا دیے گئے۔ ریڈ زون جانے والے تین راستے سیل کردیئے گئے، دیگر راستوں پر صورتحال کے مطابق رکاوٹیں لگائی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی میں سیکیورٹی پلان کے تحت 11 ہزار سے زائد پولیس اہلکار تعینات کیے جائیں گے۔ راولپنڈی کے 26 داخلی راستے بند اور 72 مقامات پر رکاوٹیں لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اڈیالہ جیل جانے والے 8 راستے بھی بند کیے جائیں گے، جبکہ اندرون شہر 50 مرکزی گلیاں بند کرنے کی تیاری کرلی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 18

سے سیاسی کمیٹیاں بیٹھیں تو معاملات کا حل نکل سکتا ہے، سیاسی لوگ بیٹھیں گے تو مشکلات اور مسائل کا حل نکل آئے گا۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ حکومت آج یا جب بیٹھنا چاہے ہماری جانب سے مذاکرات کے دروازے کھلے ہیں، بڑے بڑے دنیا کے مسائل مذاکرات کی میز پر حل ہوجاتے ہیں۔ سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ بااختیار اور فیصلہ کرنے والے لوگ بیٹھیں تو مسائل کا حل نکل سکتا ہے، ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے بامعنی مذاکرات ہونے چاہئیں، وزیراعظم ٹیم بنائیں سیاسی لوگ بیٹھیں اور ان مسائل کا حل نکالیں۔

بقیہ نمبر 19

مانیٹرنگ کے حوالے سے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا، اس موقع پر کمشنر نے سرویلنس سینٹر کے مختلف سیکشن کا دورہ کیا کمشنر سائرہ عطاء نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی ہدایت پر سرمایہ کاروں کو مستحکم ماحول فراہم کرنے کے جدید حفاظتی اقدامات کے انفراسٹرکچر کا قیام تیزی سے پھیلتے حب سٹی کو کرائم فری زون بنانے میں اہم کردار ادا کریگی کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے اس سلسلے میں سیف سٹی پراجیکٹ کی آپریشنل سرگرمیوں کا جائزہ لیا جو شہر کے مختلف مقامات پر نصب کئے گئے ہیں کمشنر نے ضلع حب کے سرویلنس کیمروں کے ذریعے جدید شہری کیمونٹی سسٹم بلوچستان سیف سٹی پراجیکٹ کا جائزہ لیا کمشنر کو بتایا گیا کہ سندھ بلوچستان کی سرحدی پٹی پر واقع ضلع حب ایک اہم صنعتی مرکز اور ٹرانزٹ زون کے طور پر کام کرتا ہے کمشنر لسبیلہ ڈویژن کا کہنا ہےکہ صوبہ بھر کے اسٹریٹیجک اضلاع بشمول ضلع حب تک سیف سٹی پراجیکٹ کو پھیلایا گیا ہے اور سیف سٹی منصوبے کا مقصد قانون کے نفاذ کو بہتر بنانے اور سندھ بلوچستان کی سرحدی پٹی پر اسمگلنگ کی روک تھام کے ساتھ اسمارٹ ٹریفک مینجمنٹ نفاذ کو یقینی بنانا ہے اور خصوصی آئی ٹی اور سسٹم مینیجرز ڈیٹا لنکس اور کمپیوٹر کی مدد سے ہنگامی واقعات کے دوران پولیس کے ریپڈ رسپانس کو ممکن بناتے ہیں۔

بقیہ نمبر 20

ورو ثن کے مطابق کلین لسبیلا ڈرائیو کا شاندار افتتاح کردیا گیا افتتاحی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر بیلا نصیب اللہ بزنجو چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا میر مبشر عزیز کھوسہ اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ نے باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر کلرک اے سی آفس عبدالغنی بلوچ کلرک ایم سی بیلا نصیر احمد رونجھو جمعدار عالم موندرہ جمعدار امتیاز بلوچ شفقت حمید کھوسہ اللہ بخش زہری اور میونسپل کمیٹی بیلہ کا عملہ بھی بڑی تعداد میں موجود تھا اس ڈرائیو کے تحت شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے عمل کو مزید بہتر اور موثر بنانے کا آغاز کردیا جائے گا شہر کی سڑکوں، بازاروں اور عوامی مقامات پر کچرا اٹھانے اور کوڑا کرکٹ کے مناسب انتظام کو یقینی بنایا جایا گا اسسٹنٹ کمشنر بیلا نصیب اللہ بزنجو نے اپنے خطاب میں کہا کہ صاف اور صحت مند ماحول ہر شہری کا بنیادی حق ہے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی صفائی کے نظام کو مزید موثر بنانے کے لیے دن رات کوشاں ہیں دوسری جانب میونسپل کمیٹی بیلا کی کارکردگی کو شہری حلقوں کی جانب سے بے حد سراہا اور کہا کہ چیئرمین میر مبشر عزیز کھوسہ کی قیادت میں میونسپل عملہ جس جانفشانی سے شہر کو صاف ستھرا بنا رہا ہے وہ قابل ستائش ہے میونسپل کمیٹی بیلا کے عملے نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہر میں صفائی کا عمل باقاعدگی سے جاری رکھا جائے گا اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے اپنی تمام ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کی جائیں گیں

بقیہ نمبر 21

کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ 22 اگست کے بعد ایم کیو ایم کے لیے قدم قدم پر رکاوٹیں کھڑی کی گئیں، تاہم کراچی کے عوام نے تمام رکاوٹوں کے باوجود کامیاب ریلی نکالی۔ انہوں نے ریلی میں شرکت کرنے والے کارکنوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ عوام نے بڑی تعداد میں سڑکوں پر آکر خود کو منوایا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے، اس لیے زیادہ سے زیادہ انتظامی یونٹس بننے چاہئیں۔ ان کے مطابق کراچی سندھ کی آبادی کا تقریباً 57 فیصد ہے۔ انہوں نے اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنے کا مطالبہ بھی دہرایا۔ یہ مطالبہ ایم کیو ایم کی حالیہ ریلی میں بھی سامنے آیا تھا۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ جاگیردارانہ نظام کے ہوتے ہوئے پاکستان کا مستقبل نہیں ہوسکتا، خاندانی حکومتوں کے اختتام کا وقت آچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلی کے بعد بھی نئے منصوبے اور سازشیں بنیں گی، تاہم جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی اکثریت کے ذریعے سندھ کے شہری علاقوں کو غلام بنانے کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایم کیو ایم نے مردم شماری میں 70 لاکھ سے زائد افراد کو شامل کرایا۔ ایم کیو ایم چیئرمین نے سندھ میں گزشتہ 18 سال کے طرز حکمرانی کا عدالت سے نوٹس لینے اور اس کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی یونٹس کا قیام اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی ایم کیو ایم کے اہم مطالبات ہیں۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ کارکن ہر یونین کونسل میں جاکر نماز شکرانہ ادا کریں گے، جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ "آپ کو پتا نہیں کس قوم کو للکار رہے ہیں"۔

بقیہ نمبر 22

کے چوکیدار نے پکڑا اور مقامی لوگوں کی مدد سے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایس پی صدر کے مطابق ملزم بچیوں کو قبروں سے نکالنے کے بعد ان کی لاشیں صاف کرتا، انہیں کپڑے پہناتا اور پھر زیادتی کرتا تھا۔ فدا حسین نے بتایا کہ گرفتار ملزم کی شناخت سلمان ولد افغان کے نام سے ہوئی، جو افغانستان کا رہائشی اور حال باڑہ قدیم میں مقیم ہے۔ مقامی لوگوں نے بھی ملزم کو افغانی بتایا ہے۔ ایس پی صدر کے مطابق ملزم کی عمر 19 سال ہے اور وہ بارہویں جماعت پاس ہے۔ ملزم کافی عرصے سے بچوں کی لاشیں قبروں سے نکال رہا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم اب تک 4 مردہ بچیوں کے ساتھ زیادتی کرچکا ہے اور پانچویں واردات کے دوران اسے پکڑ لیا گیا۔ پولیس نے ان علاقوں کی تفصیلات بھی حاصل کرلی ہیں جہاں ملزم وارداتیں کرتا تھا۔ گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 23

اور سیاسی وابستگی کا اظہار کیا۔ تقریب میں پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ، صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ، حیات خان اچکزئی اور اختر بلوچ، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر، میر یوسف بنگلزئی، کوئٹہ سٹی کے سینئر نائب صدر سید ایوب آغا، نائب صدر زبیر بڑیچ سمیت دیگر پارٹی رہنماں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر پارٹی رہنماں نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹا اور انہیں سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی صحت، درازی عمر اور سیاسی کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت، عوامی خدمت اور عوام کے حقوق کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، جبکہ پارٹی قیادت کی رہنمائی میں عوامی مسائل کے حل اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا

بقیہ نمبر 24

صاف پانی کی فراہمی کے لیے سولر واٹر بورز کی تنصیب کا سلسلہ جاری ہے اسی سلسلے میں تحصیل بیلا کے گوٹھ حوالدار صالح محمد بدھ میں بھی سولر واٹر بور کی تنصیب کا کام جاری ہے۔ اس اقدام پر گوٹھ کے مکینوں نے سینئر اسد قاسم رونجھو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دور دراز علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی ایک اہم بنیادی ضرورت ہے، اور سولر واٹر بور کی سہولت سے علاقے کے لوگوں کو پانی کے حصول میں درپیش مشکلات میں کمی آئے گی علاقہ مکینوں نے امید ظاہر کی کہ سینئر اسد قاسم رونجھو کی جانب سے لسبیلہ کے دیگر علاقوں میں بھی عوامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی و فلاحی اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ نمبر 25

ام امن کے لیے ترس رہے ہیں، ہر گھر سے جنازے اٹھ رہے ہیں، نوجوان لاپتہ ہورہے ہیں اور مسخ شدہ لاشیں مل رہی ہیں، جو انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔ عوام کو امن، روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ریاست اور حکومت کی ذمہ داری ہے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش سے کاروبار، روزگار اور عام شہریوں کی زندگی شدید متاثر ہورہی ہے۔ عوامی مسائل کو محض بیانات تک محدود رکھنے کے بجائے ان کے مستقل اور قابل عمل حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔ جماعت اسلامی اسلام آباد دھرنے کے ذریعے بلوچستان سمیت ملک بھر کے عوامی مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع سے قافلے اسلام آباد دھرنے میں شرکت کے لیے روانہ ہوچکے ہیں، جبکہ آج کوئٹہ اور قریبی اضلاع کا مرکزی قافلہ ان کی قیادت میں روانہ ہوگا۔ دیگر اضلاع کے قافلے کراچی اور سکھر کے راستے اسلام آباد پہنچیں گے۔ انہوں نے کارکنان و ذمہ داران سے کہا کہ وہ مقررہ وقت پر اپنی گاڑیوں کے ہمراہ ایدھی چوک، ریلوے ہاکی گراؤنڈ، زرغون روڈ کوئٹہ پہنچیں۔ انہوں نے ارکان و ذمہ داران سے بروقت شرکت کی درخواست کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوامی مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کرنے میں میڈیا کا کردار اہم ہے۔

بقیہ نمبر 26

آئی جی آپریشنز سید ابرار عباس نے تمام ایس پیز کو مراسلہ جاری کر دیا۔ اے آئی جی آپریشنز کے مراسلے کے مطابق پولیس اہلکار ٹرینوں کی چیکنگ کے دوران لائیو لوکیشن بھیجنے کے پابند ہوں گے۔ ڈی آئی جی نارتھ ریلوے پولیس کو روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ پیش کی جائے گی، ٹرینوں کی چیکنگ ایس ایچ او اور ایڈیشنل ایس ایچ او کی سربراہی میں ہوگی اور اس کے لیے ریلوے پولیس اہلکار دو شفٹوں میں ڈیوٹی انجام دیں گے۔

بقیہ نمبر 27

میں کمپیوٹر سینٹرز قائم کیے جارہے ہیں۔ اسی سلسلے میں اسلامیہ ڈگری کالج بدین میں قائم کیے گئے کمپیوٹر سینٹر کا افتتاح سابق سینیٹر ڈاکٹر خالدہ سکندر میندھرو نے کیا۔ اس موقع پر کالج کے پرنسپل سائیں خادم مخدوم، تدریسی و غیر تدریسی عملہ بھی موجود تھا۔ افتتاح کے بعد کالج انتظامیہ اور اسٹاف کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈاکٹر خالدہ سکندر میندھرو نے کہا کہ موجودہ دور کمپیوٹر اور جدید ٹیکنالوجی کا دور ہے، اس لیے طلبہ کے لیے کمپیوٹر کی بنیادی معلومات کے ساتھ ساتھ اہم کمپیوٹر ایپلی کیشنز، پروگرامز اور جدید فنی مہارتیں سیکھنا بھی انتہائی ضروری ہے۔ صرف کمپیوٹر چلانا کافی نہیں بلکہ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق کمپیوٹر کی عملی اور فنی تعلیم حاصل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ قائم کیے جانے والے کمپیوٹر سینٹرز میں متعلقہ اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ کو جدید کمپیوٹر تعلیم فراہم کی جائے گی، جبکہ اسکول سے باہر رہ جانے والے بچوں اور دیگر طلبہ کو بھی مفت کمپیوٹر تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ ڈاکٹر خالدہ سکندر میندھرو کے مطابق ان سینٹرز میں مصنوعی ذہانت اے آئی، گرافک ڈیزائننگ اور دیگر اہم کمپیوٹر ایپلی کیشنز پر کام کرنے سمیت جدید ٹیکنالوجی کی مختلف شعبوں میں عملی تربیت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں قائم کیے جانے والے سینٹرز کے تجربے کے بعد اس پروگرام کو مزید تعلیمی اداروں تک وسعت دیتے ہوئے نئے کمپیوٹر سینٹرز بھی قائم کیے جائیں گے۔ اس موقع پر اسلامیہ ڈگری کالج کی انتظامیہ نے ڈاکٹر خالدہ سکندر میندھرو کو کالج کے مختلف شعبوں کا دورہ بھی کرایا اور کالج کی عمارت میں جاری مرمتی کام کی سست رفتاری سمیت دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ انتظامیہ کی جانب سے کالج سے متعلق مختلف مسائل اور درپیش مشکلات بھی ان کے سامنے پیش کی گئیں۔ ڈاکٹر خالدہ سکندر میندھرو نے کالج کے پرنسپل، لیکچررز اور اسٹاف کو یقین دلایا کہ اسلامیہ ڈگری کالج کے مسائل کے حل، عمارت کے نامکمل مرمتی کام کو جلد مکمل کرانے اور دیگر ضروری امور کے لیے وہ متعلقہ اعلیٰ حکام سے رابطہ کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ کالج کی بہتری کے لیے صوبائی حکومت سے بھی بات کی جائے گی تاکہ ادارے کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جاسکیں۔

بقیہ نمبر 28

خاندان اور متحدہ عرب امارات کے عوام سے اظہار ہمدردی کیا اور دلی تعزیت بھی کی ہے۔

بقیہ نمبر 29

اہل مکہ اور دیگر سوگوار خاندان سے اظہار ہمدردی کیا اور تعزیت بھی کی ہے

بقیہ نمبر 30

براہی میں قائم سلیکشن بورڈ طے کرے گا۔ تمام 332 افسران اور اہلکاروں کو ابتدائی طور پر 3 سالہ کنٹریکٹ پر تعینات کیا جائے گا۔ مزید برآں ان بھرتیوں کے لیے کوئی اضافی فنڈز فراہم نہیں کیے جائیں گے اور تمام اخراجات موجودہ بجٹ سے ہی ادا کیے جائیں گے۔ حکام کے مطابق بھرتیوں سے پنجاب کی 36 ضلعی ٹرانسپورٹ اتھارٹیز میں عملے کی کمی کو پورا کیا جاسکے گا۔

بقیہ نمبر 31

بریری، کیفے ٹیریا، فوڈ اسٹریٹ، کرافٹ بازار اور دمدمہ کا معائنہ کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تاریخی ورثے کی اصل شناخت برقرار رکھتے ہوئے تمام ترقیاتی کام منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق مکمل کیے جائیں، غیر ضروری ڈھانچے ختم کیے جائیں اور اوقاف کی عمارتوں کی منتقلی کے معاملات جلد حل کیے جائیں۔ کمشنر عامر کریم خاں نے تاریخی لائبریری میں کمپیوٹرز کی فراہمی، کتابوں کے ذخیرے میں اضافے اور طلبہ کے لیے رہنمائی سیشنز کے انعقاد کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ لائبریری کو علمی و مطالعاتی سرگرمیوں کا مؤثر مرکز بنایا جائے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ لائبریری اور کیفے ٹیریا کو اکتوبر میں آپریشنل کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ کمشنر نے کیفے ٹیریا اور فوڈ اسٹریٹ میں صفائی، ہواداری اور بیٹھنے کی مناسب جگہوں کی فراہمی یقینی بنانے، لکڑی کے کام، چھتوں کی تزئین اور آرائشی امور کو تاریخی ماحول سے ہم آہنگ کرنے، خوبصورت نشستوں اور گملوں سمیت عوامی سہولیات میں اضافے کی ہدایت کی۔ کمشنر نے تاریخی ورثے کے تحفظ اور شہریوں و سیاحوں کی رہنمائی کے لیے نمایاں ایڈوائزری بورڈز نصب کرنے اور خصوصی آگاہی اسکواڈ تشکیل دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تاریخی مقامات پر پیدل گشت، عوامی آگاہی اور عمارتوں کو نقصان سے بچانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے ریٹیننگ وال سمیت دیگر ترقیاتی کاموں میں تیزی لانے اور فوڈ اسٹریٹ، کرافٹ بازار سمیت تمام منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن میں مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر عامر کریم خاں نے کہا کہ والڈ سٹی منصوبے کے تحت تاریخی ملتان کے ثقافتی تشخص کو برقرار رکھتے ہوئے شہریوں اور سیاحوں کو معیاری مطالعاتی، تفریحی اور ثقافتی سہولیات فراہم کی جائیں۔

بقیہ نمبر 32

میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انتشاری سیاست کا الزام مسترد کردیا اور کہا کہ انہوں نے تمام آئینی اور سیاسی آپشنز کا استعمال کیا، شنوائی نہیں ہوتی تو لانگ مارچ کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2 سال مکمل ہونے کو ہیں، کوئی لانگ مارچ اور احتجاج نہیں کیا، ہم چور دروازوں سے نہیں آتے، عوامی لوگ ہیں جمہوریت سے آتے ہیں، سہیل آفریدی نے سوال کیا کہ جب سے میں وزیراعلیٰ بنا ہوں میں نے کون سا احتجاج کیا ہے؟ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم ڈٹے ہوئے ہیں، ہم لانگ مارچ کریں گے، ہم سے احتجاج کا حق کوئی نہیں چھین سکتا، پارلیمانی پارٹی اجلاس میں فیصلہ ہوا ہے کہ 27 ستمبر کو ہم نکلیں گے، یہ ہمیں کوڈرا نہیں سکتے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ گزشتہ روز عمران خان کی تینوں بہنوں کو حراست میں لیا گیا، ہم نے تمام آئینی اور جمہوری راستے اپنائے، مجھے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرنے نہیں دی جاتی، عدالتی احکامات کے باوجود ہمیں بانی پی ٹی آئی سے ملنے نہیں دیا جاتا۔ سہیل آفریدی نے دعویٰ کیا کہ 26 نومبر 2024 کے بعد ہمارے کارکنان پر جبر جاری ہے، ہمارے بے گناہ کارکنان کو شہید کیا گیا۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں 27 ستمبر کے حوالے سے مشاورت کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ فیصلہ ہوا ہے 27 ستمبر کو پوری طاقت کے ساتھ پُرامن طریقے سے نکلیں گے، ہمارے وزراء کو حراست میں لینے سے تحریک نہیں رکے گی، ہمارا پلان 25 ستمبر کو سامنے آئے گا، ہم تی ٹوئنٹی نہیں ٹیسٹ میچ کھیل رہے، ہم پرامن جائیں گے جو انتشار پھیلائے گا وہ ہم میں سے نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے جنازوں پر سیاست نہیں کرنی چاہیے، فوجی جوان ہمارے وجود کا حصہ ہیں اس پر سیاست نہیں کریں، میں نے فوجی اور پولیس جوانوں کے جنازوں میں شرکت کی، اسد قیصر نے کہا کہ ہم تمام جمہوری پارٹیوں کو اے پی سی میں دعوت دیں گے، تحریک انصاف کے پاس مینڈیٹ ہے عوام ساتھ ہے اجلاس میں ارکان اسمبلی نے فیصلہ کیا کہ ہر کام مشاورت سے کریں گے۔ شرکا نے صوبائی وزیر فضل شکور کو حراست میں لیے جانے کی مذمت کی۔

بقیہ نمبر 33

4 لاکھ 4 ہزار 195 روپے وصول کرلیے۔ ریلوے ذرائع کے مطابق کراچی سے پشاور جانے والی ون اپ خیبر میل کے دوران خصوصی چیکنگ کی گئی، جس میں مسافروں کے سفری ٹکٹ اور متعلقہ ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی گئی۔ کارروائی کے دوران مختلف مدات میں 2 لاکھ 11 ہزار 315 روپے جبکہ دیگر واجبات کی مد میں 1 لاکھ 92 ہزار 880 روپے وصول کیے گئے، اس طرح مجموعی وصولی 4 لاکھ 4 ہزار 195 روپے رہی واضح رہے کہ گزشتہ روز بھی پاکستان ریلوے کے خصوصی ٹکٹ لیس اسکواڈ کی جانب سے مختلف ٹرینوں میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 140 مسافروں سے مجموعی طور پر 4 لاکھ 91 ہزار 820 روپے وصول کیے گئے تھے۔ آج دوسرے روز بھی چیکنگ اور کریک ڈاﺅن کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے 81 مسافروں سے لاکھوں روپے وصول کیے گئے ریلوے حکام کے مطابق ٹکٹ کے بغیر سفر کرنے سے محکمہ ریلوے کے ریونیو کو نقصان پہنچتا ہے، جس کے پیش نظر ٹرینوں میں اچانک چیکنگ اور مانیٹرنگ کا عمل مزید مؤثر بنایا جارہا ہے حکام کا کہنا ہے کہ ٹکٹ لیس سفر کی روک تھام کے لیے خصوصی اسکواڈ کی کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی سی ایم آفس کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ریلوے محمد حفیظ اللہ اور چیف کمرشل منیجر طارق انور سپرا کی ہدایات پر ڈی آئی ایس ٹی ہیڈکوارٹرز صابر علی اور ان کی ٹیم کی جانب سے مختلف ٹرینوں میں ٹکٹوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ ریلوے انتظامیہ نے مسافروں کو ہدایت کی ہے کہ جرمانے اور پریشانی سے بچنے کے لیے سفر سے قبل باقاعدہ ٹکٹ حاصل کریں اور ریلوے قوانین کی پابندی کریں۔

بقیہ نمبر 34

لی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور اُن کے لواحقین کو صبر وجمیل عطاء کرے

بقیہ نمبر 35

اعادہ کرنا تھا۔ تقریب میں محکمہ صحت، ضلع انتظامیہ اور پی پی ایچ آئی کے سینئر حکام نے مہم کے مختلف پہلوں، پولیو سے بچاؤ کے اقدامات اور بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کی اہمیت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ تقریب میں ڈی سی آفس کے فوکل پرسن سمندر خان بھٹو، ڈی ایچ او سکھر ڈاکٹر علی گل شاہ، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی حیدر علی شاہ، ڈی ڈی ایچ او پولیو وائی پی آئی ڈاکٹر تنویر عباسی، میڈیکل آفیسر ہیڈ کوارٹر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر عبدالوحد سومرو، تعلقہ فوکل پرسن نیو سکھر ڈاکٹر آفتاب احمد سومرو، یو سی میڈیکل آفیسر مرتضیٰ کھوڑو اور یو سی سوسائٹی کے جونیئر کلرک قربان علی سمیت دیگر متعلقہ افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ قومی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ پولیو ایک خطرناک مرض ہے جو بچوں کو مستقل معذوری سے دوچار کرسکتا ہے، تاہم بروقت حفاظتی قطرے پلا کر اس مرض سے بچوں کو محفوظ بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے سرکاری اداروں کے ساتھ ساتھ والدین اور معاشرے کے ہر فرد کا تعاون انتہائی ضروری ہے۔ ٹان چیئرمین طارق حسین چوہان اور دیگر مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ٹان میونسپل کارپوریشن III ثنار احمد صدیقی سکھر کی انتظامیہ انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ضلع انتظامیہ اور محکمہ صحت کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے اور سکھر کو پولیو سے پاک بنانے کے قومی مقصد کو حاصل کیا جاسکے۔ مقررین نے والدین اور عوام الناس سے اپیل کی کہ پولیو مہم کے دوران گھر گھر آنے والی ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں۔ انہوں نے کہا کہ والدین کی معمولی سی توجہ اور تعاون بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے پولیو ورکرز کو بھی ہدایت کی کہ وہ مہم کے دوران مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنائیں اور پانچ سال تک عمر کے ہر بچے تک رسائی حاصل کرکے اسے پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں، تاکہ انسداد پولیو مہم کو مؤثر اور کامیاب بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 36

راصلاح الدین شیخ نے کی، جبکہ جمعیت علمائے اسلام کے رہنما مولانا محمد یعقوب حیدری بلوچ، عوامی فلاحی سماجی تنظیم کے مبین راجپوت سمیت دیگر رہنماں اور شہریوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے رہنماں نے کہا کہ سابقہ حکومت ہو یا موجودہ حکومت، تمام حکمرانوں نے اقتدار کے مزے لیے، تاہم افسوس ہے کہ عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے خاطر خواہ اقدامات نہیں کیے گئے۔ عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مہنگائی میں مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے، جس کے باعث عام آدمی کے لیے زندگی گزارنا مشکل ہوگیا ہے۔ رہنماں کا کہنا تھا کہ ملک میں غربت، مہنگائی اور کرپشن جیسے سنگین مسائل حکومتی پالیسیوں اور انتظامی کمزوریوں کے باعث عوام کے لیے مشکلات میں اضافہ کر رہے ہیں۔ مہنگائی کے طوفان نے غریب اور متوسط طبقے کو شدید متاثر کیا ہے، جبکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بار بار اضافے کے نتیجے میں ٹرانسپورٹ کے کرایوں، روزمرہ استعمال کی اشیا اور دیگر بنیادی ضروریات کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غریب عوام دو وقت کی روٹی کے حصول کے لیے پریشان ہیں، جبکہ کرپشن اور بدعنوانی سے متعلق شکایات کے باعث شہریوں میں بے چینی بڑھ رہی ہے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے، مہنگائی اور بے روزگاری پر قابو پائے اور عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کرے۔ جناح ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر اصلاح الدین شیخ نے کہا کہ حکومت کو عوام کے بنیادی مسائل کے حل پر توجہ دینا ہوگی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ملک کو معاشی بحران سے نکالنے کے لیے غیر ضروری اخراجات میں کمی کی جائے، کرپشن اور بدعنوانی کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور قومی وسائل کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ مظاہرین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کو فوری طور پر کنٹرول کرکے غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے، کرپشن اور مبینہ مالی بے ضابطگیوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، جبکہ اہل اور ایماندار افسران کو اہم ذمہ داریاں سونپ کر ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں

بقیہ نمبر 37

تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے نتیجے میں پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے اور اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بھی بڑھ جاتی ہیں، اس لیے پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کا مسئلہ پاکستان کے 25 کروڑ عوام کا مسئلہ ہے۔

بقیہ نمبر 38

پالیسی کیلئے ضلعی سطح پر نچلی سطح سے حکمت عملی تیار کی جائے، 2009 سے 2025 تک تمام ٹریڈ پالیسی فریم ورک برآمدی اہداف حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ تھنک ٹینک کی رپورٹ کے مطابق 2009 سے 2012 تک برآمدی ہدف میں 4.45 فیصد شارٹ فال ہوا، 2020 سے 2025 تک برآمدی ہدف میں شارٹ فال 43.68 فیصد تک پہنچ گیا۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2025 میں برآمدات جی ڈی پی کا صرف 10.4 فیصد رہیں، ہر نئے فریم ورک کیساتھ ہدف اور حقیقی برآمدات کے درمیان فرق بڑھتا گیا۔ تھنک ٹینک کی رپورٹ کے مطابق پاکستانی برآمدات خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں کم ترین سطح پر ریکارڈ کی گئیں، مالی سال 2025 میں درآمدات جی ڈی پی کا 17.21 فیصد رہیں، مالی سال 2025 میں تجارتی دباؤ میں اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق برآمدی کارکردگی میں کمزوری کے اثرات ملکی بیرونی کھاتوں پر بھی نمایاں ہیں، درآمدی طلب میں اضافہ برآمدی استعداد سے مسلسل زیادہ رہا، پیداواری لاگت میں اضافہ پاکستان کی برآمدی کارکردگی میں بڑی رکاوٹ ہے۔ تھنک ٹینک کی رپورٹ کے مطابق معاشی نمو کے نتیجے میں درآمدی طلب میں اضافہ برآمدی استعداد سے زیادہ تیز رہا، معاشی توسیع کے ادوار میں بھی بیرونی عدم توازن پیدا ہوتا رہا۔

بقیہ نمبر 39

77 ہزار 710 کم سن بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، جبکہ مہم کے پہلے روز 3 لاکھ بچوں کو قطرے پلائے گئے۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم کے مطابق مہم کے دوران 4 ہزار 399 ٹیمیں فرائض سرانجام دے رہی ہیں جن میں 4 ہزار 21 موبائل، 230 فکسڈ اور 148 ٹرانزٹ ٹیمیں شامل ہیں۔ پولیو مہم کی موثر نگرانی کے لیے 833 ایریا انچارجز اور 135 یونین کونسل میڈیکل آفیسرز بھی ذمہ داریاں سرانجام دینگے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ جنرل بس سٹینڈ، ویگن سٹینڈ اور دیگر اہم عوامی مقامات پر بھی خصوصی پولیو ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں تاکہ پانچ سال سے کم عمر کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہ جائے۔ ضلعی انتظامیہ نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔

بقیہ نمبر 40

پر پوائنٹس قائم کرکے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ دو سال کے دوران پولیو کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا، تاہم صرف کیسز کا سامنے نہ آنا کافی نہیں بلکہ ماحولیاتی نمونوں کو بھی مسلسل منفی رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ژوب اور چمن میں دوسر کلز کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی سامنے آئی ہے۔ ان کے مطابق یہ وائرس افغانستان سے بلوچستان میں آنے کی اطلاعات ہیں، جس کے باعث سرحدی علاقوں میں انسدادِ پولیو سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ چمن اور ژوب میں پولیو مہمات بھرپور انداز میں جاری ہیں جبکہ مختلف مقامات پر بچوں کو ویکسین پلانے کے لیے خصوصی پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں۔ سیکرٹری صحت نے کہا کہ بلوچستان کو پولیو سے مکمل طور پر پاک قرار دینے کے لیے مسلسل تین سال تک ماحولیاتی نمونے منفی آنا ضروری ہیں۔ اس مقصد کے لیے پولیو کی نگرانی، ویکسی نیشن اور ماحولیاتی سیمپلنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جارہا ہے۔ مجیب الرحمن پنیزئی نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے والدین، اساتذہ، علما کرام، میڈیا، قبائلی رہنماں اور معاشرے کے تمام طبقات کا تعاون انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں اور پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ کوئی بچہ حفاظتی ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں انسدادِ پولیو مہم کو سیکیورٹی کے حوالے سے بھی مختلف چیلنجز درپیش ہیں، تاہم حکومت پولیو ورکرز کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیو مہم کے لیے سیکیورٹی پلان چیف سیکرٹری بلوچستان کی نگرانی میں تیار اور منظور کیا جاتا ہے، جبکہ متعلقہ اداروں کے تعاون سے پولیو ٹیموں کو تحفظ فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ سیکرٹری صحت بلوچستان نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان پولیو کے حوالے سے رابطہ کاری کو بھی اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان اس سلسلے میں کوآرڈینیشن جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سرحد کے دونوں جانب وائرس کی منتقلی کے امکانات موجود ہونے کے باعث مشترکہ اور مربوط کوششیں ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں 21 ستمبر سے انسدادِ پولیو مہم جاری ہے جبکہ افغانستان میں بھی پولیو مہم چلائی جارہی ہے۔ ان کے مطابق افغانستان میں وائرس کی موجودگی برقرار ہے اور حالیہ ہفتے میں وہاں تین سے چار پولیو کیسز بھی رپورٹ ہوئے ہیں۔ افغانستان میں بعض علاقوں میں گھر گھر ویکسی نیشن کے بجائے مختلف پوائنٹس پر بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے، جس کے باعث سرحدی علاقوں میں پولیو وائرس کی نگرانی اور بچوں کی ویکسی نیشن مزید اہمیت اختیار کر جاتی ہے۔ سیکرٹری صحت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں پولیو کے خاتمے کے لیے ویکسی نیشن، ماحولیاتی نگرانی، سرحدی علاقوں میں خصوصی اقدامات اور عوامی تعاون کے ذریعے کوششیں مزید تیز کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 41

ئر الارم سسٹم اور ہنگامی انخلا کے طریقہ کار کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ ڈاکٹر سعید اعوان نے کہا کہ صحت کے مراکز میں فائر سیفٹی کو اولین ترجیح دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہر اسپتال اور طبی مرکز میں مناسب تعداد میں فائر ایکسٹنگوشر، مؤثر الارم سسٹم اور واضح ایمرجنسی ایگزٹ کا انتظام لازمی ہونا چاہیے، جبکہ متعلقہ اسٹاف کو ہنگامی صورتحال میں ان آلات کے استعمال اور محفوظ انخلا کی عملی تربیت بھی حاصل ہونی چاہیے۔ فخر سندھ ڈائریکٹر سول ڈیفنس سندھ ریاض حسین لغاری کی سرپرستی اور رہنمائی میں سول ڈیفنس وارڈن سروس سندھ بالخصوص سکھر میں فائر سیفٹی اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے حوالے سے بھرپور اور عملی کردار ادا کر رہی ہے، جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ مختلف اداروں کی جانب سے فائر سیفٹی ایس او پیز پر عملدرآمد اس آگاہی مہم کی حوصلہ افزا پیش رفت ہے، جبکہ ہالا میمن اسپتال اس حوالے سے ایک قابل ذکر مثال ہے۔ اس موقع پر ہالا میمن اسپتال ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر ماجین عقیل اور دیگر ممبران بھی موجود تھے۔ سول ڈیفنس وارڈن سروس سکھر کی جانب سے پی آر او شہاب حسین، انچارج آفیسر ریسکیو لالا عمران میرانی، انچارج آفیسر ایمرجنسی سروسز حسن معاویہ سمیت دیگر سول ڈیفنس وارڈنز نے بھی پروگرام میں شرکت کی۔ ہالا میمن جماعت نے سول ڈیفنس کی جانب سے فائر سیفٹی، فرسٹ ایڈ، ریسکیو اور ایمرجنسی رسپانس کے حوالے سے جاری آگاہی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے اداروں میں حفاظتی اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 42

ریپائش کی گئی ایک ہفتے کے اندر انہیں مصنوعی ٹانگیں فراہم کی جائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کے روز وندر میں ڈس ایبلڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن لسبیلہ اور کیئر لنک ٹرسٹ (UK) کے اشتراک سے معذور افراد کی سہولت اور بحالی کے لیے خصوصی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں حب وندر اوتھل بیلہ کنراج دریجی سے تعلق رکھنے والے درجن سے زائد معذور افراد نے شرکت کی کیمپ کے دوران کراچی سے آنے والی ماہر ٹیم کے ارکان ڈاکٹر ظہیر احمد، اشفاق احمد، وقار احمد نے معذور افراد کی مصنوعی ٹانگوں کے لیے باقاعدہ ناپ اور پیمائش کی تاکہ ہر فرد کی جسمانی ضرورت کے مطابق مصنوعی ٹانگ تیار کی جاسکے۔ ناپ اور پیمائش کا عمل مکمل ہونے کے بعد ایک ہفتے کے اندر تمام معذور افراد کو مصنوعی ٹانگیں فراہم کردی جائیں گی۔ ڈاکٹر اشفاق احمد کیئر لنک یو کے ٹرسٹ کے ممبر کی گفتگو۔ اس موقع پر ڈس ایبلڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن لسبیلہ حب کے چیئرمین زاہد مبارک انگاریہ نے کیمپ کے انتظامات کی نگرانی اور معذور افراد کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے ٹیم کے ارکان کے ساتھ امور میں حصہ لیا۔ زاہد مبارک انگاریہ نے کہا کہ معذور افراد کی بحالی اور انہیں معاشرے میں باعزت زندگی گزارنے کے قابل بنانا فلاحی اداروں کی اہم ذمہ داری ہے۔ مصنوعی اعضا کی فراہمی سے مستحق افراد کو نقل و حرکت میں سہولت ملے گی اور ان کی روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہوگی کیمپ کے موقع پر وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر عبدالحمید رونجھہ کی جانب سے کراچی سے آنے والی ٹیم کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ اس دوران معذور افراد کی فلاح و بہبود مصنوعی اعضا کی فراہمی اور مستقبل میں فلاحی کاموں کے انعقاد کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا کیمپ میں شریک معذور افراد اور ان کے اہلخانہ نے مصنوعی ٹانگوں کی فراہمی کے اقدام کو سراہتے ہوئے ڈس ایبلڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن لسبیلہ کیئر لنک ٹرسٹ چیئرمین زاہد مبارک انگاریہ اور تعاون کرنے والے تمام افراد کا شکریہ ادا کیا کیمپ میں چیئرمین یونین کونسل سونمیانی عبدالواحد سوری، ڈاکٹر غلام قادر دیریہ، عبدالرزاق انگاریہ، غلام قادر قادر انگاریہ، محمد عیسیٰ واندانی، زبیر بلوچ، تنویر حفیظ ابوبی، رفیق بلوچ، سیف اللہ آچرہ، نوید بلوچ، سبحان بلوچ ودیگر نے کیمپ کا دورہ کیا۔

بقیہ نمبر 43

ہی خاندان کے 3 افراد سی سی ڈی سے مبینہ طور پر منشیات کی فروخت کے الزام میں پولیس مقابلہ میں ہلاک ہوگئے تھے تین افراد کی پولیس ہلاکت کے باوجود بھی پہلے سے زیادہ ٹبہ سلطان پور شہر سمیت بڑے اور چھوٹے قبرستان میں منشیات کی فروخت بڑے پیمانے پر جوں کی توں جاری ہے درجنوں کی تعداد میں منشیات فروش آئس، چرس، سیسہ کھلے عام تھانہ ٹبہ سلطان پور کے پولیس اہلکاروں کی سرپرستی میں فروخت کرنے میں مصروف ہیں تین افراد کی ہلاکت کے باوجود منشیات کی فروخت پر عوام حیران و پریشان ہے علاقہ کی مختلف تنظیموں کے افراد منظور احمد، ہمایوں ستار، محمد عابد، محمد نعیم، اعجاز سمیت دیگر نے وزیراعلیٰ پنجاب اور سی سی ڈی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹبہ سلطان پور شہر کے بڑے اور چھوٹے قبرستان میں منشیات کی فروخت کرنے والوں کے خلاف خفیہ طور پر آپریشن کیا جائے تاکہ علاقے میں منشیات کا دھندہ بند ہوسکے۔

بقیہ نمبر 44

عدالت میں تلہار تھانے کی حدود، بدین کے قریب گاں نم درس ہالیپوٹو میں گھریلو تنازع پر مسمات مہک عرف ثانیہ عمرانی کو مبینہ طور پر لاٹھیوں کے وار اور گلا گھونٹ کر قتل کرنے کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے مقدمے میں نامزد ملزم شوہر علی محمد درس ہالیپوٹو کے خلاف جرم ثابت ہونے پر اسے عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ سزا یافتہ ملزم پہلے سے ڈسٹرکٹ جیل بدین میں قید تھا، جسے مزید سزا بھگتنے کے لیے سینٹرل جیل حیدرآباد منتقل کردیا گیا ہے۔ مقتولہ مہک عرف ثانیہ کے سابق دیور غلام مصطفیٰ ولد ابراہیم عمرانی کی فریاد پر تلہار تھانے میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق مقدمے کی تفتیش پولیس انسپکٹر یاسین بروہی نے کی، جبکہ عدالت میں سرکار کی جانب سے ایڈووکیٹ اعجاز خواجہ نے مقدمے کی پیروی کی۔ ذرائع کے مطابق مقتولہ مہک عرف ثانیہ کی پہلی شادی ماتلی کے عمرانی محلے کے رہائشی غلام مصطفیٰ عمرانی کے بھائی ایاز عمرانی سے ہوئی تھی، تاہم طلاق کے بعد اس نے علی محمد درس ہالیپوٹو سے دوسری شادی کی تھی۔

بقیہ نمبر 45

یل بندش فوری طور پر ختم کرنے اور بجلی کی منصفانہ فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ جمعیت علما اسلام تحصیل سوراب کے شعبہ نشر و اشاعت کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ سوراب میں 18 سے 20 گھنٹے بجلی کی عدم دستیابی معمول بن چکی ہے، جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بجلی کی بندش سے کاروباری سرگرمیاں متاثر، پانی کی فراہمی میں مشکلات، طلبا کی تعلیم متاثر جبکہ مریضوں کو بھی پریشانی کا سامنا ہے۔ بیان میں واپڈا حکام کی جانب سے جاری غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا کہ اگر لوڈشیڈنگ ناگزیر ہے تو اس کا باقاعدہ شیڈول جاری کیا جائے تاکہ شہری اپنی ضروریات کو اس کے مطابق منظم کرسکیں۔ جمعیت علما اسلام تحصیل سوراب نے حکام بالا سے مطالبہ کیا کہ سوراب میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے بجلی کی فراہمی بہتر بنائی جائے۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ اگر صورتحال میں بہتری نہ آئی تو سوراب کے عوام احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 46

منسوخ کردیے ہیں جبکہ حکومت پاکستان میں مقیم افغان طلبہ کو ملک بدر کررہی ہے۔ وکیل کے مطابق افغان طلبہ کئی سال سے پاکستان کے میڈیکل کالجز میں زیر تعلیم ہیں، اس لیے اس مرحلے پر ان کے داخلے منسوخ کرنا مناسب نہیں۔ عدالت نے فریقین کو طلبہ کو ملک بدری سے روکتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب جمع کرانے کی ہدایت کردی۔

بقیہ نمبر 47

سید ایوب شاہ ایڈووکیٹ، گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ رات گئے بھی شہداء کے جنازے ادا کیے گئے، ہنگو میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جس میں ہمارے افسران اور جوانوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ گورنر نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہے، خیبر پختونخوا کے شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں، صوبائی حکومت کو چاہیے کہ پہلے اپنے شہریوں کو تحفظ فراہم کرے، اسلام آباد پر چڑھائی نہ کرے۔ احتجاج سب کا آئینی حق ہے لیکن اگر احتجاج سے پہلے ہی چڑھائی کی نیت ظاہر کی جائے تو یہ خطرناک صورتحال پیدا کرسکتی ہے۔ خیبر پختونخوا کی مشینری سابقہ احتجاج کی پاداش میں آج بھی اسلام آباد میں پڑی ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو اسلام آباد نے سزا نہیں دی بلکہ عدلیہ نے دی ہے، موجودہ چیئرمین خود بیرسٹر ہیں اور ان کے پاس وکلاء کی ٹیم موجود ہے، عدالت میں مقدمات کا سامنا کریں۔ بانی پی ٹی آئی کی رہائی صرف عدالتوں سے ممکن ہے، احتجاج سے نہیں۔ اسلام آباد پر چڑھائی کرنے سے بانی پی ٹی آئی رہا نہیں ہوں گے، رہائی کا فیصلہ عدالتیں ہی کریں گی۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ آئیں مل کر صوبے کا مقدمہ وفاق کے سامنے رکھتے ہیں۔ فاٹا انضمام کے وقت ضم اضلاع کے ساتھ کیے گئے وعدے پورے نہیں کیے گئے، جبکہ این ایف سی ایوارڈ میں بھی صوبے سے کیے گئے وعدوں پر عملدرآمد نہیں ہوا۔ تقریب میں پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی 38 ویں سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا

بقیہ نمبر 48

سکتی ہے، اگر یہی روش برقرار رہی تو آئندہ ان پر بھی گفتگو کی گنجائش باقی نہیں رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بحران کی بنیادی وجہ مسئلے کے حل کے حوالے سے مسلسل غیر سنجیدگی، سیاسی سرد مہری اور وقتی مفادات پر مبنی پالیسیوں کا تسلسل ہے۔ ہر دور میں صوبے کے دیرپا حل کے لیے قابل عمل تجاویز پیش کی گئیں مگر انہیں دانستہ نظر انداز کیا گیا، جبکہ اصل مسائل کے حل کے بجائے نت نئی تاویلات اور مصنوعی بیانیے تراشے جاتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ہائبرڈ نظام کا تجربہ مکمل طور پر ناکام ثابت ہوچکا ہے اور اس ناکام تجربے کی بھاری قیمت عوام اور ریاست دونوں نے ادا کی ہے۔ گزشتہ عام انتخابات اور اس سے قبل ہونے والے انتخابی عمل کو جس انداز میں عوامی مینڈیٹ کا مذاق بنایا گیا، آج بلوچستان میں پیدا ہونے والی بے چینی، سیاسی عدم استحکام اور بداعتمادی اسی کے براہ راست نتائج ہیں۔ اگر ریاست واقعی بلوچستان میں پائیدار امن، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی کی خواہاں ہے تو اس کا واحد راستہ عوامی مینڈیٹ کی غیر مشروط بحالی، شفاف، آزاد اور غیر جانبدار دوبارہ انتخابات کا انعقاد اور عوام کے حق حکمرانی کا مکمل احترام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنی پالیسیوں اور غلط فیصلوں کا احتساب کرنے کے بجائے سیاسی قیادت کی کردار کشی کرنا اور اسے مسائل کا ذمہ دار ٹھہرانا نہ صرف جمہوری اقدار کے منافی ہے بلکہ یہ ملک کے سیاسی مستقبل کے لیے بھی انتہائی خطرناک رجحان ہے۔ یہی عناصر مختلف ادوار میں منتخب سیاسی قیادت کو متنازع بنانے، پارلیمانی اداروں کو کمزور کرنے اور جمہوری نظام کو غیر مؤثر ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ بلوچستان اور وفاق کے درمیان بڑھتی ہوئی خلیج کو ختم کرنے کا واحد راستہ اعتماد سازی ہے، اور اعتماد سازی کی پہلی شرط آزاد، شفاف اور غیر جانبدار انتخابات کے ذریعے عوامی رائے کا احترام ہے۔ سیاسی انجینئرنگ، مصنوعی اکثریتوں اور سودے بازی کی سیاست نے صوبے کو مسلسل بحرانوں کی دلدل میں دھکیلا ہے، لہٰذا اب وقت آگیا ہے کہ آئین، جمہوریت اور عوامی اختیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور اس گمراہ کن بیانیے کو دوٹوک انداز میں مسترد کیا جائے کہ پارلیمان صوبائی مسائل حل کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی، کیونکہ حقیقت یہ ہے کہ جب حقیقی عوامی نمائندگی کو سلب کیا جاتا ہے تو انہی قوتوں کے بیانیے کو تقویت ملتی ہے جو پارلیمانی نظام اور جمہوری اداروں کو کمزور دیکھنا چاہتی ہیں۔

بقیہ نمبر 49

ن کے قبضے سے دو کلوگرام بھنگ برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے دوسری کارروائی میں آئی سی پی پی صدر قمبر سب انسپکٹر اختیار علی ناریجو بمع اسٹاف کی خفیہ اطلاع پر بیرروڈ سے کارروائی منشیات فروش ملزم جاوید شابرانی کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے دو کلوگرام بھنگ برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے جب کہ گرفتار منشیات فروش ملزمان سے مزید تفتیش کی جارہی ہے

بقیہ نمبر 50

کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 1,656 ڈرائیونگ لائسنس منسوخ کیے گئے۔ 43 ایل ٹی وی، 9 پی ایس وی، 42 کار، 144 موٹرسائیکل اور 9 کمرشل ٹریکٹر لائسنس ریش ڈرائیونگ پر منسوخ ہوئے۔ دیگر کیٹیگریز کے 1,449 لائسنس خطرناک ڈرائیونگ پر ختم کیے گئے۔ سنگین حادثات میں ملوث 414 ڈرائیورز کے لائسنس عارضی طور پر معطل کیے گئے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر نے ریش ڈرائیونگ اور مہلک حادثات کے خلاف زیرو ٹالرنس اور سخت عملدرآمد کی ہدایت کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر لائسنس فوری منسوخ ہوگا، ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر نے قوانین پر سختی سے عملدرآمد کا حکم دیا ہے

بقیہ نمبر 51

فراد جاں بحق جبکہ 2 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ گاں حسو میں پیش آیا، جہاں مبینہ طور پر محمد نثار ولد شیر محمد نے فائرنگ کردی۔ فائرنگ کے نتیجے میں اس کے چچا یاسر ولد مسکین اور چچی، زوجہ محمد فیاض، موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ سے تین افراد جن میں ملزم کی چچازاد بہن، حماد ولد فیاض اور سرفراز ولد خلیل الرحمٰن شامل ہیں زخمی ہوئے۔ زخمیوں کو طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں سرفراز ولد خلیل الرحمٰن زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ واقعے میں جاں بحق افراد کی تعداد تین ہوگئی ہے جن میں ایک خاتون بھی شامل ہے، جبکہ دیگر زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس نے واقعے کی تفتیش شروع کردی ہے، جبکہ ملزم مبینہ طور پر فائرنگ کے بعد موقع سے فرار ہوگیا، جس کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 52

میں نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں دو ایف سی اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں طارق سعید مروت نے شہید حوالدار اسحاق اور شہید سپاہی عمر حیات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دونوں اہلکاروں کی شہادت کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ معاون خصوصی نے کہا کہ حوالدار اسحاق اور سپاہی عمر حیات نے ملک وقوم کے تحفظ اور امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ شہداء کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اس مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ طارق سعید مروت نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔

بقیہ نمبر 53

کر کے غلام حسین ولد عبدالنبی ابڑو کو قتل کردیا اور موقع واردات سے فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور لاش اپنی تحویل میں لیکر ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردی گئی

صنعتی ترقی میں ضلع حب ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، سائرہ عطاء

کوئٹہ میں رول آؤٹ کے بعد حکومت بلوچستان نے صنعتی ضلع حب میں ڈیجیٹل نگرانی کے بنیادی ڈھانچے کو تعینات کرنے کے لیے تکنیکی اقدامات کیے ہیں

سیف سٹی پراجیکٹ کے ہائی ریزولوشن AI مانیٹرنگ کے انضمام اور اسٹریٹ کرائم کو روکنے میں مدد ملی ہے

حب (نمائندہ بولان) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ بلوچستان کی صنعتی ترقی میں ضلع حب ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے کوئٹہ میں رول آؤٹ کے بعد حکومت بلوچستان نے صنعتی ضلع حب میں ڈیجیٹل نگرانی کے بنیادی ڈھانچے کو تعینات کرنے کے لیے تکنیکی اقدامات کیے ہیں سیف سٹی پراجیکٹ کے ہائی ریزولوشن AI مانیٹرنگ کے انضمام اور اسٹریٹ کرائم کو روکنے میں مدد ملی ہے یہ بات انہوں نے گزشتہ روز سیف سٹی پراجیکٹ ضلع حب کے سرویلنس سینٹر دورے کے موقع پر متعلقہ حکام سے گفتگو کرتے ہوئے کہی کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو اے ایس پی عدنان بشیر نے سرویلنس کیمروں کے ذریعے شہر کی سیکیورٹی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7پر)

حب۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء سیف سٹی پراجیکٹ کے مانیٹرنگ روم کا معائنہ کر رہی ہے

پنجاب میں ٹرانسپورٹ اتھارٹی میں 332 تقرریوں کی منظوری

گریڈ 14 کے 25، گریڈ 11 کے 25 جونیئر ٹرانسپورٹ افسران بھرتی کیے جائیں گے

123 ہیڈ کانسٹیبلز، 123 کانسٹیبلز، یکمشت تنخواہی پیکیج پر 36 ڈرائیورز بھی بھرتی کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے بھر میں ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے لیے 332 نئی تقرریوں کی منظوری دے دی ہے۔ منظوری کے مطابق گریڈ 14 کے 25 ٹرانسپورٹ افسران اور گریڈ 11 کے 25 جونیئر ٹرانسپورٹ افسران بھرتی کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ پنجاب ٹرانسپورٹ اتھارٹی میں 123 ہیڈ کانسٹیبلز اور 123 کانسٹیبلز کی بھرتی بھی منظور کی گئی ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے مطابق یکمشت تنخواہی پیکیج پر 36 ڈرائیورز بھی بھرتی کیے جائیں گے، جن کا تنخواہی پیکیج چیف سیکرٹری کی سر (بقیہ 30 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ شیخ محمد بن راشد المکتوم کے بھائی شیخ احمد بن راشد المکتوم کے انتقال پر اظہارِ افسوس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے متحدہ عرب امارات کے نائب صدر و وزیراعظم شیخ محمد بن راشد المکتوم کے بھائی شیخ احمد بن راشد المکتوم کے انتقال پر اظہارِ افسوس کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شیخ محمد بن راشد المکتوم، آل مکتوم (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

والڈ سٹی منصوبے کے تحت تاریخی ملتان کی بحالی واپ گریڈیشن کے جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ

لائبریری اور کیفے ٹیریا کو اکتوبر میں آپریشنل کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے

ملتان (نمائندہ بولان) کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خاں نے والڈ سٹی منصوبے کے تحت تاریخی ملتان کی بحالی واپ گریڈیشن کے جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ مبشر الرحمان اسسٹنٹ کمشنر سٹی مکرم سہو اور متعلقہ افسران بھی ہمراہ تھے۔ کمشنر نے تاریخی لا (بقیہ 31 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ پنجاب کا مسجد الحرام کے مؤذن شیخ ابراہیم المدنی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مسجد الحرام کے مؤذن شیخ ابراہیم المدنی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے (بقیہ 29 صفحہ 7پر)

ہم ڈٹے ہوئے ہیں لانگ مارچ کرینگے — سہیل آفریدی

لانگ مارچ ہر صورت ہوگا ہمیں کوئی نہیں روک سکتا، ہمارے وزراء کو حراست میں لینے سے تحریک نہیں رکے گی

پلان 25 ستمبر کو سامنے آئے گا، مشاورتی اجلاس کے بعد میڈیا بریفنگ

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ ہم ڈٹے ہوئے ہیں، ہم لانگ مارچ کریں گے، ہم سے احتجاج کا حق کوئی نہیں چھین سکتا، 27 ستمبر کو ہر صورت اسلام آباد کے لئے نکلیں گے ہمیں کوئی نہیں روک سکتا۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے پشاور (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

مسافروں کے خلاف کریک ڈاؤن دوسرے روز بھی جاری

ریلوے کا ٹکٹ لیس مسافروں کے خلاف کریک ڈاؤن دوسرے روز بھی جاری

81 مسافروں سے 4 لاکھ 4 ہزار 195 روپے وصول

روہڑی "لاہور (رپورٹ: اسلم سومرو) پاکستان ریلوے میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں کے خلاف چیف کمرشل منیجر کے خصوصی ٹکٹ لیس اسکواڈ کا کریک ڈاؤن دوسرے روز بھی جاری رہا۔ خصوصی اسکواڈ نے مختلف ٹرینوں میں ٹکٹوں کی چیکنگ کے دوران 81 مسافروں کو بغیر ٹکٹ یا ٹکٹ سے متعلق خلاف ورزیوں پر چیک کرتے ہوئے کرایہ، جرمانے اور دیگر واجبات کی مد میں مجموعی طور پر (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

خاتون کو ہراساں کرنے پر نجی بینک کے 4 افسران کیخلاف مقدمہ

فیصل آباد (این این آئی) خاتون کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے پر نجی بینک کے 4 افسران کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا

نیتن یاہو کا اہلیہ سمیت مسجد الاقصیٰ کے کمپاؤنڈ کے نیچے سرنگوں کا دورہ، سوشل میڈیا پر غم و غصہ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کا اپنی اہلیہ کے ہمراہ بیت المقدس کے پرانے شہر اور مسجد الاقصیٰ کے کمپاؤنڈ کے نیچے سرنگوں کا دورہ سوشل میڈیا پر غم و غصے کا باعث بن گیا۔ نیتن یاہو نے کہا کہ ہم یہاں مقدس ترین مقام کے بہت قریب ہیں

محرم فقیر کے بیٹے کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی

اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور اُن کے لواحقین کو صبر و جمیل عطاء کرے

حب (پ ر) محرم فقیر کے بیٹے کے انتقال پر شیدی نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صوبائی صدر محمد یعقوب، سینئر صدر نور محمد شیدی، محمد ابراہیم، یوتھ کے جنرل سیکرٹری فیاض محمد احمد شیدی، یوتھ ونگ یونٹ کے صدر فیاض احمد شیدی و دیگر عہدیداران نے مرحوم کی رہائش گاہ پر تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعا (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے انفارمیشن کمشنر عبدالشکور ملاقات کر رہے ہیں

ہنگامی صورتحال میں محفوظ انخلا کے حوالے سے خصوصی آگاہی پروگرام منعقد کیا گیا

صحت کے مراکز میں فائر سیفٹی کو اولین ترجیح دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈاکٹر سعید اعوان

سکھر (نمائندہ بولان) ہسپتال محفوظ تو صحت مند و مضبوط پاکستان کے وژن کے تحت فخر سندھ، ڈائریکٹر سول ڈیفنس سندھ ریاض حسین لغاری اور ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس سکھر نادر شہزاد خان کی خصوصی ہدایات پر سول ڈیفنس وارڈن سروس سکھر کی جانب سے ہالا ریمین اسپتال کے اسٹاف کے لیے فائر سیفٹی ایس او پیز اور ہنگامی صورتحال میں محفوظ انخلا کے حوالے سے خصوصی آگاہی پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی چیف وارڈن سول ڈیفنس سکھر ڈاکٹر سعید اعوان نے اسپتال کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر ملازمین کو آگ لگنے کی صورت میں فوری حفاظتی اقدامات، فائر ایکسٹنگوشر کے درست استعمال، فا (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

بنوں میں دو ایف سی اہلکاروں کی شہادت پر طارق سعید مروت کا اظہارِ افسوس

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاونِ خصوصی برائے داخلہ و قبائلی امور طارق سعید مروت نے بنوں (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

فیصل آباد، خاتون کو ہراساں کرنے پر نجی بینک کے 4 افسران کیخلاف مقدمہ

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں خاتون کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے پر نجی بینک کے 4 افسران کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا

معذور افراد کے لیے مصنوعی اعضا کی فراہمی کا خصوصی کیمپ کا انعقاد

درجن سے زائد معذور افراد کی مصنوعی ٹانگوں کے لیے ناپ اور پیمائش کی گئی ایک ہفتے کے اندر انہیں مصنوعی ٹانگیں فراہم کی جائیں گی۔

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) ڈس ابلڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن لسبیلہ اور کیئر لنک ٹرسٹ کے باہمی تعاون سے یونین کونسل سونمیانی کے آفس میں معذور افراد کے لیے مصنوعی اعضا کی فراہمی کا خصوصی کیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ میں درجن سے زائد معذور افراد کی مصنوعی ٹانگوں کے لیے ناپ او (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

پی ٹی آئی خود چاہتی ہے کہ بانی جیل میں رہیں — فیصل کریم کنڈی

سیکیورٹی فورسز، پولیس کے جوان، افسران اور عام شہری شہید ہو رہے ہیں، ہم شہداء کے جنازے اٹھا رہے ہیں

صوبائی حکومت اسلام آباد پر چڑھائی کی باتیں کر رہی ہے، گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پاکستان بالخصوص خیبر پختونخوا میں امن کی اشد ضرورت ہے، صوبے میں بدامنی عروج پر ہے، سیکیورٹی فورسز، پولیس کے جوان، افسران اور عام شہری شہید ہو رہے ہیں، ایک طرف ہم شہداء کے جنازے اٹھا رہے ہیں جبکہ دوسری جانب صوبائی حکومت اسلام آباد پر چڑھائی کی باتیں کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم جمہوریت و امن کے موقع پر گورنر ہاؤس پشاور میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سابق ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی کرامت اللہ خان چغرمٹی، اراکین صوبائی اسمبلی مہر سلطانہ، اشبر جدون، ہلال احمر خیبر پختونخوا کے چیئرمین فرزند علی وزیر، پیپلز پارٹی کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکریٹری ابرار سعید سواتی، ڈویژنل صدر مصباح الدین، ڈاکٹر جانناز آفریدی، (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

حب۔ حب پریس کلب کے سینئر ایگزیکٹیو ممبر محمد اسحاق سیلر و عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد حب پریس کلب آمد کے موقع پر حب پریس کلب کے صدر روزنامہ بولان حب کے چیف ایڈیٹر سینئر صحافی محمد الیاس کبوہ اور حب پریس کلب کے رابطہ سیکریٹری لعل محمد برفت پھولوں کے ہار پہنا کر عمرہ کی مبارکباد پیش کر رہے ہیں

کلین لسبیلہ ڈرائیو کا شاندار افتتاح، میونسپل کمیٹی بیلا کی مثالی کارکردگی قابل تحسین

چیئرمین میر مبشر عزیز کھوسہ کی قیادت میں میونسپل عملہ جس جانفشانی سے شہر کو صاف ستھرا بنا رہا ہے

بیلا (نمائندہ بولان) کلین لسبیلہ ڈرائیو کا شاندار افتتاح، میونسپل کمیٹی بیلا کی مثالی کارکردگی قابل تحسین تفصیل کے مطابق ڈپٹی کمشنر لسبیلا میڈم حمیرہ بلوچ کی خصوصی ہدایت ا (بقیہ 20 صفحہ 7پر)

کراچی کی ریلی ریفرنڈم تھا، دھمکیوں سے نہیں ڈرتے، خالد مقبول صدیقی

زیادہ سے زیادہ انتظامی یونٹس بننے چاہئیں، اختیارات نچلی سطح تک منتقل کیے جائیں، ایم کیو ایم چیئرمین

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ کراچی میں اتوار کو ہونے والی ایم کیو ایم کی ریلی ایک ریفرنڈم تھی، عوام نے تمام رکاوٹوں کے باوجود بڑی تعداد میں سڑکوں پر نکل کر اپنا فیصلہ سنا دیا، دھمکیوں سے نہیں ڈرتے۔ کراچی میں پریس کانفرنس (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

مردہ بچیوں کو قبر سے نکال کر زیادتی کرنیوالا ملزم گرفتار، خوفناک انکشافات

ملزم اب تک 4 مردہ بچیوں کے ساتھ زیادتی کر چکا ہے اور پانچویں واردات کے دوران اسے پکڑ لیا گیا

گرفتار ملزم کی شناخت سلمان ولد افغان کے نام سے ہوئی، جو افغانستان کا رہائشی اور حال باڑہ قدیم میں مقیم ہے

پشاور (این این آئی) پشاور میں مردہ بچیوں کو قبروں سے نکال کر ان کے ساتھ زیادتی کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق بڈھ بیر شیخان کے علاقے میں 19 سالہ ملزم کو پانچویں واردات کے دوران گرفتار کر لیا گیا۔ ایس پی صدر فدا حسین نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ ملزم بچیوں کی لاشیں قبروں سے نکالتا تھا۔ پولیس کو ملزم کے حوالے سے صبح اطلاع ملی۔ قبل ازیں اسے قبرستان (بقیہ 22 صفحہ 7پر)

عوام کے حقوق کیلئے ہماری جدوجہد جاری رہے گی — حاجی علی مدد جتک

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے پرمسرت موقع پر کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

پارٹی کے صوبائی قائدین، عہدیداران اور مقامی رہنماں نے بھرپور شرکت کی اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے اپنی محبت، عقیدت اور سیاسی وابستگی کا اظہار کیا

کوئٹہ (بولان بیورو) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے پرمسرت موقع پر کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پارٹی کے صوبائی قائدین، عہدیداران اور مقامی رہنماں نے بھرپور شرکت کی اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے اپنی محبت، عقیدت (بقیہ 23 صفحہ 7پر)

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے پرمسرت موقع پر کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں سولر واٹر بور کی تنصیب کا سلسلہ جاری

حوالدار صالح محمد گوٹھ بدھ کے مکینوں کا سینیٹر اسد قاسم رونجھو سے اظہار تشکر

بیلا (نمائندہ بولان) لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں سولر واٹر بور کی تنصیب کا سلسلہ جاری، حوالدار صالح محمد گوٹھ بدھ کے مکینوں کا سینیٹر اسد قاسم رونجھو سے اظہار تشکر چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران سینیٹر اسد قاسم رونجھو کی جانب سے ضلع لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں (بقیہ 24 صفحہ 7پر)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عوامی مسائل کے حل کیلئے موثر و مسلسل رابطے ناگزیر ہیں — ہدایت الرحمٰن

بلوچستان کے سلگتے قومی مسائل، بدامنی، بارڈرز و شاہراہوں کی بندش اور بدعنوانی کے خلاف قومی سیاسی جماعتوں، میڈیا اور سول سوسائٹی کو آواز بلند کرنا ہوگی

عوام کو امن، روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ریاست اور حکومت کی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے سلگتے قومی مسائل، بدامنی، بارڈرز و شاہراہوں کی بندش اور بدعنوانی کے خلاف قومی سیاسی جماعتوں، میڈیا اور سول سوسائٹی کو آواز بلند کرنا ہوگی۔ ہم اسلام آباد دھرنے میں بلوچستان کا مقدمہ بھی بھرپور انداز میں پیش کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اور عوام کی مشکلات کو قومی سطح پر اخلاص و نیک نیتی کے ساتھ اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ بلوچستان کے عو (بقیہ 25 صفحہ 7پر)

ریلوے پولیس کا ٹرینوں میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) ریلوے پولیس نے ٹرین میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اے (بقیہ 26 صفحہ 7پر)

بدین کے چار تعلیمی اداروں میں جدید کمپیوٹر سینٹر قائم کا افتتاح کر دیا

اسلامیہ ڈگری کالج بدین میں قائم کیے گئے کمپیوٹر سینٹر کا افتتاح سابق سینیٹر ڈاکٹر خالدہ سکندر میندھرو نے کیا

بدین (نامہ نگار) بدین کے سرکاری تعلیمی اداروں میں طلبہ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور کمپیوٹر کی فنی تعلیم فراہم کرنے کے لیے ماروی ایسوسی ایشن آف بدین نے امریکی ادارے جگنو کے تعاون سے کمپیوٹر سینٹرز کے قیام کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں ٹنڈو باگو ہائر سیکنڈری اسکول، ہائر سیکنڈری اسکول کڈھن، اسلامیہ ڈگری کالج بدین سمیت چار سرکاری تعلیمی اداروں (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کو ریلیف دینے کیلئے پٹرولیم لیوی کو مکمل ختم کیا جائے — حافظ نعیم

پیٹرولیم لیوی کم کر کے عوام کو فوری ریلیف دیا جائے، حکومت مذاکرات کے بجائے مسئلہ حل کرے

35 روزہ احتجاج کے دوران 42 شہروں میں دھرنے دیے، پیٹرولیم لیوی ختم ہونے تک جدوجہد جاری رکھیں گے، امیر جماعت اسلامی

سکھر (نمائندہ بولان) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات پر 80 روپے فی لیٹر تک لیوی عائد کر کے عوام سے اضافی رقم وصول کی جا رہی ہے، جس کا براہِ راست بوجھ عام آدمی اور مڈل کلاس پر پڑ رہا ہے۔ پیٹرول کی قیمت میں اضافہ صرف پٹرول پمپ (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

معاشی تھنک ٹینک کی ضلعی سطح پر تجارتی پالیسی تشکیل دینے کی سفارش

2009 سے 2012 تک برآمدی ہدف میں 4.45 فیصد شارٹ فال ہوا

2020 سے 2025 تک برآمدی ہدف میں شارٹ فال 43.68 فیصد تک پہنچ گیا

لاہور (این این آئی) معاشی تھنک ٹینک اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈیولپمنٹ نے تجارتی پالیسیوں کی ناکامی کی رپورٹ جاری کرتے ہوئے ضلعی سطح پر تجارتی پالیسی کی تشکیل کی سفارش کر دی۔ معاشی تھنک ٹینک کی رپورٹ کے مطابق 18 ویں ترمیم کے بعد صنعت، زراعت اور ہنرمندی کے شعبے صوبوں کے پاس ہیں، تجارتی پالیسی اب بھی وفاقی سطح پر ہے۔ رپورٹ کے مطابق نئی تجارتی (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7پر)

عالمی مارکیٹ میں خام تیل سستا، فی بیرل قیمت 100 ڈالر سے نیچے آ گئی

نیویارک (این این آئی) عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے جس کے بعد فی بیرل قیمت 100 ڈالر سے نیچے آ گئی

ضلع ملتان میں 3 روزہ خصوصی قومی پولیو مہم شروع ہوگئی

پولیو مہم کے دوران ضلع بھر میں 7 لاکھ 77 ہزار 710 کم سن بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

ملتان (نمائندہ بولان) ضلع ملتان میں 3 روزہ خصوصی قومی پولیو مہم شروع ہوگئی ہے، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم کی ہدایت پر ضلعی حکام اور اسسٹنٹ کمشنرز گزشتہ روز فیلڈ میں موجود رہ کر پولیو ٹیموں کی کارکردگی اور مہم کے انتظامات کی نگرانی کرتے رہے۔ پولیو مہم کے دوران ضلع بھر میں 7 لاکھ (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی صدر پولیس تھانے کی حدود کچی پل بیدار کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ ڈاکٹر جمیل احمد اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یوسف رضا گیلانی کا شیخ احمد بن راشد آل مکتوم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے متحدہ عرب امارات کے نائب صدر و وزیراعظم اور دبئی کے حکمران، عزت مآب شیخ محمد بن راشد آل مکتوم کے بھائی شیخ احمد بن راشد آل مکتوم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے اس المناک سانحے پر عزت مآب شیخ محمد بن راشد آل مکتوم، آل مکتوم خاندان اور متحدہ عرب امارات کے عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کیا

ثار احمد صدیقی سکھر اور ضلع انتظامیہ سکھر کے باہمی تعاون سے انسداد پولیو مہم کا افتتاح

پولیو کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ قومی اور اخلاقی ذمہ داری ہے

سکھر (نمائندہ بولان) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن III ثار احمد صدیقی سکھر اور ضلع انتظامیہ سکھر کے باہمی تعاون سے انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ٹاؤن چیئرمین ٹاؤن میونسپل کارپوریشن III ثار احمد صدیقی سکھر طارق حسین چوہان، ضلع انتظامیہ، محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی۔ افتتاحی تقریب کا مقصد بچوں کو پولیو جیسے موذی اور خطرناک مرض سے محفوظ رکھنے، انسدادِ پولیو مہم کو مؤثر بنانے اور ضلع سکھر کو پولیو سے پاک کرنے کے عزم کا (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

مہنگائی، بے روزگاری اور کرپشن کے خلاف سکھر کے شہریوں کا صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا

شہری حکومت کی پالیسیوں کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے اور شدید نعرے بازی کی

سکھر (نمائندہ بولان) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے، بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری اور کرپشن کے خلاف سکھر کے شہریوں کا صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا۔ شہری حکومت کی پالیسیوں کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے اور شدید نعرے بازی کی۔ جناح ویلفیئر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام بندر روڈ پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں شرکا نے ہاتھوں میں تحریری پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے اور مہنگائی و دیگر عوامی مسائل کے خلاف نعرے لگائے۔ احتجاجی مظاہرے کی قیادت جناح ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صد (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

پولیو کا خاتمہ حکومت کا اولین فریضہ ہے — سیکرٹری صحت

صوبے میں پولیو کے خاتمے کے لیے محکمہ صحت کی ٹیمیں مسلسل کام کر رہی ہیں، مجیب الرحمٰن پانیزئی

سرحد کے دونوں جانب وائرس کی منتقلی کے امکانات موجود ہونے کے باعث مشترکہ اور مربوط کوششیں ضروری ہیں، سیکرٹری صحت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن پانیزئی نے کہا ہے کہ صوبے کے 32 ہائی رسک اضلاع میں سات روزہ انسدادِ پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کے دوران 23 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ بلوچستان میں گزشتہ دو برس سے پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہ ہونا اہم کامیابی ہے، تاہم ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی اب بھی ایک بڑا چیلنج ہے، جس کے خاتمے کے لیے بھرپور اقدامات جاری ہیں۔ اپنے بیان میں سیکرٹری صحت بلوچستان نے کہا کہ صوبے میں پولیو کے خاتمے کے لیے محکمہ صحت کی ٹیمیں مسلسل کام کر رہی ہیں اور مختلف مقامات (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی بچے کو پولیو کے قطرے پلا رہے ہیں

پشاور ہائیکورٹ نے میڈیکل کالجز میں زیر تعلیم افغان طلبا کو ڈی پورٹ کرنے سے روک دیا

افغان میڈیکل طلبہ کی درخواستوں پر سماعت جسٹس وقار احمد اور جسٹس فرح جمشید پر مشتمل بینچ نے کی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پاکستان میں میڈیکل کالجز میں زیر تعلیم افغان طلبہ کو ملک بدر کرنے سے روک دیا۔ افغان میڈیکل طلبہ کی درخواستوں پر سماعت جسٹس وقار احمد اور جسٹس فرح جمشید پر مشتمل بینچ نے کی۔ عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب طلب کر لیا۔ درخواست گزاروں کے وکیل وسیم الدین خٹک ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا کہ پی ایم ڈی سی نے نوٹیفکیشن جاری کر کے میڈیکل کالجز میں زیر تعلیم افغان طلبہ کے داخلے (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر وریندر لعل بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہے ہیں

منشیات فروش ملزمان کے خلاف روزانہ کی بناد پر زبردست کارروائیاں جاری

دو منشیات فروش ملزمان گرفتار بھنگ برآمد مقدمہ درج کر لیا

شہداد کوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) ایس ایس پی قمبر شہداد کوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منشیات فروش ملزمان کے خلاف روزانہ کی بناد پر زبردست کارروائیاں جاری ہیں دو منشیات فروش ملزمان گرفتار بھنگ برآمد مقدمہ درج کر لیا ایس ایچ او تھانہ نصیر آباد سب انسپکٹر راؤ فیاض احمد بمع اسٹاف کی دوران گشت بائی پاس نصیر آباد سے کارروائی! منشیات فروش ملزم راجو کھوسو کو گرفتار کر کے ا (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

3 افراد کی منشیات کی فروخت کے الزام میں مبینہ ہلاکت کے باوجود بھی منشیات کی فروخت جاری

پولیس تھانہ ٹبہ سلطان پور ٹاؤٹوں کے ذریعے مک مکا کر کے پولیس کے اعلیٰ آفسران کو سب اوکے کی جھوٹی رپورٹ کرنے میں مصروف ہے

ملتان (نمائندہ بولان) ملتان کے علاقے ٹبہ سلطان پور شہر کے محلہ بنگال پورہ کے رہائشی سی سی ڈی پولیس مقابلہ میں ایک ہی خاندان کے 3 افراد کی منشیات کی فروخت کے الزام میں مبینہ ہلاکت کے باوجود بھی ٹبہ سلطان پور شہر میں بڑے پیمانے پر منشیات کی فروخت جاری ہے شہر کے چھوٹے اور بڑے قبرستان میں کھلے عام درجنوں کی تعداد میں منشیات فروش آئس، چرس اور سیسہ کی فروخت کرنے میں مصروف ہے پولیس تھانہ ٹبہ سلطان پور ٹاؤٹوں کے ذریعے مک مکا کر کے پولیس کے اعلیٰ آفسران کو سب اوکے کی چھوٹی رپورٹ کرنے میں مصروف ہے تفصیل کے مطابق ٹبہ سلطان پور شہر سے تعلق رکھنے والے ایک (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7پر)

مانسہرہ، بھتیجے کی فائرنگ سے چچا، چچی سمیت 3 افراد جاں بحق، 2 زخمی

مانسہرہ (این این آئی) تھانہ پھلڑہ کی حدود میں واقع گاں حسو میں فائرنگ کے ایک افسوسناک واقعے میں چچا، چچی سمیت تین ا (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

بدین: بیوی پر تشدد اور قتل کا مقدمہ، قتل کا جرم ثابت

مقامی عدالت نے شوہر کو عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی۔

بدین (نامہ نگار) بدین کی فرسٹ ایڈیشنل سیشن عدالت نے گھریلو تنازع پر بیوی کو تشدد کر کے قتل کرنے کے مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم ثابت ہونے پر شوہر کو عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق فرسٹ ایڈیشنل سیشن جج را ندیم راجپوت کی (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

رکشے میں مسافروں سے وارداتیں کرنے والی خاتون ساتھی سمیت گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور میں رکشے میں مسافروں سے وارداتیں کرنے والی خاتون کو ساتھی سمیت گرفتار کر لیا گیا

لوڈشیڈنگ کے خلاف جمعیت علما اسلام تحصیل سوراب کا شدید رد عمل کا اظہار

سوراب میں 18 سے 20 گھنٹے بجلی کی عدم دستیابی معمول بن چکی ہے

سوراب (رپورٹ رشید عاطف) سوراب میں جاری غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف جمعیت علما اسلام تحصیل سوراب نے شدید رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے بجلی کی طو (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

خطرناک ڈرائیونگ پر رواں سال 1800 لائسنس منسوخ 414 معطل

لاہور (این این آئی) ریش ڈرائیونگ اور خطرناک ڈرائیونگ (بقیہ 50 صفحہ 7پر)

بلوچستان سے بدامنی کا خاتمہ ناگزیر ہے — مولانا واسع

بلوچستان کے مسائل اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ جن نکات پر ایک دہائی قبل سنجیدہ قومی مکالمہ ممکن تھا

گزشتہ عام انتخابات اور اس سے قبل ہونے والے انتخابی عمل کو جس انداز میں عوامی مینڈیٹ کا مذاق بنایا گیا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ جن نکات پر ایک دہائی قبل سنجیدہ قومی مکالمہ ممکن تھا، آج وہ بھی تشویشناک حد تک پیچیدہ ہو چکے ہیں، جبکہ جن امور پر آج بات کی جا (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

حب۔ ٹھیکیدار بشیر بزنجو سے ان کے والد کے انتقال پر میر جمیل احمد بزنجو سمیت دیگر مکتبہ فکر کے لوگ تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں